وهو الذي جعل لكم النجوم لتهتدوا بها في ظلمات البر والبحر

آپ کی تاریخ ولادت

كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ

(الرحمٰن)

آپ کی تاریخ ولادت

مصنفہ

منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی

مکتبہ آئینہ قسمت

کاشانۂ زنجانی ۱۲۵۔ڈی

نزد مین مارکیٹ گلبرگ ۲ لاہور

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

بار سوئم

تعداد — دوہزار

قیمت مجلد /-[illegible] روپے

شاف پرنٹرز۔ R/1 ملتان روڈ لاہور

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
	پیش لفظ	۵
۱	باب (۱) ○ جنوری	۹
۲	باب (۲) ○ فروری	
۳	باب (۳) ○ مارچ	
۴	باب (۴) ○ اپریل	
۵	باب (۵) ○ مئی	
۶	باب (۶) ○ جون	

پیش لفظ

آپ نے اکثر کسی وسیع گزرگاہ کے کنارے درخت یا دیوار کے زیر سایہ میلی سی دری بچھائے سامنے ایک پرانی بوسیدہ جنتری چند کتابیں اور سلیٹ پنسل رکھے گلے میں زنگار رنگ تسبیحوں کا ہار پہنے دیکھا ہوگا جو اپنے آپ کو نجومی کہتے ہیں۔ اور سادہ لوح راہگیروں کو دو دو چار چار آنے لیکر قسمت کا حال بتاتے ہیں۔ ان کے حال اور مستقبل پر روشنی ڈالتے ہیں ان کا دعوٰے ہے کہ وہ قسمت کی تحریریں پڑھ سکتے ہیں۔ علم نجوم کی مدد سے تقدیر کی الجھی ہوئی گتھیاں سلجھا سکتے ہیں وہ بیک وقت نجومی بھی ہیں اور رمّال بھی۔ علم فراست الید (پامسٹری) کے ماہر بھی ہیں اور عملیات کے استاد بھی ہیں۔ چنانچہ سادہ لوح لوگ نہایت آسانی کے ساتھ ان کی چرب زبانی کا شکار ہوجاتے ہیں اور نام نہاد نجومیوں کی باتوں میں آکر غلط فہمیوں میں مبتلا ہوجاتے ہیں جب ان نجومیوں کی پیش گوئیاں درست ثابت نہیں ہوتیں تو لوگ

علم نجوم کو ہی بے معنی اور جھوٹا خیال کرنے لگتے ہیں۔ عام بھولے بھالے لوگوں کی اس بدظنی کے علاوہ تعلیم یافتہ طبقہ بھی علم نجوم پر کچھ زیادہ یقین نہیں رکھتا۔ زمانہ کی رفتار نے ان لوگوں کو روحانیت سے نکال کر مادیت کی دلدل میں پھینک دیا ہے اور عظیم روحانی قوت سے ان کے انحراف کے باعث قدیم علوم پر سے ان کا اعتبار و یقین اٹھ گیا ہے۔

میں جب ان بازاری نجومیوں کو دیکھتا ہوں تو اکثر اس خیال سے کانپ جاتا ہوں کہ اس زمانہ میں ہمارے اسلاف کا یہ مقدس علم کس طرح تباہ و برباد ہو رہا ہے کہ بیکار اور بھیک منگا اس علم کو ذریعہ معاش بنا کر بھولی بھالی دنیا کو دھوکا دیتا پھرے کیونکہ نجوم ایسا علم نہیں ہے کہ چھو منتر کہنے سے ہی کوئی اس کا ماہر بن جائے اور آسانی کے ساتھ اس میں کمال حاصل کر لینے کا دعویٰ کرنے لگے۔ حقیقت یہ ہے کہ نجوم ایک بہت مشکل علم ہے اور اس کو حاصل کرنے کے لئے ایک عمر درکار ہوتی ہے۔ پچھلے زمانہ میں بادشاہوں کے دربار میں جو نجومی ملازم ہوتے تھے ان کا سارا وقت حصول علم میں گزرتا تھا اور ہر وقت ضرورت انہیں ایک ایک سوال پر گھنٹوں اور دنوں تک غور کرنا پڑتا تھا۔ ان کا فیصلہ ننانوے فیصدی حالتوں میں حرف بحرف درست ثابت ہوتا تھا۔ دوسری طرف بازاری نجومیوں کی یہ حالت ہے کہ ادھر سائل کے منہ سے سوال نکلا ادھر نجومی نے حمل۔ ثور جوزا کا ورد شروع کیا پنسل سے سلیٹ پر غلط سلط زائچہ بنایا اور گھڑا گھڑایا جواب دے دیا۔ سائل نے سمجھا جناب منجم بڑے قابل ہیں نجومی نے سمجھا چلو ایک اور کو بنا لیا چنانچہ دن بھر یہ سلسلہ جاری رہتا ہے۔ دس بیس غرضمند

بھولے بھالے ضرور ان کے جنگل میں پھنس جاتے ہیں اور ان کے نشہ پانی کا سامان ہو جاتا ہے۔ کتنی قابل رحم حالت ہے علم نجوم کی یہ بے قدری کتنی عبرت ناک ہے اور اس ناقدری کے ذمہ دار اسی قسم کے بازاری نجومی ہیں جن کی خود غرضی اور جہالت نے ایک دنیا کو اس مقدس علم سے بدظن کر دیا ہے۔

نجوم ستاروں کا علم ہے۔ خدائے قدوس کی قدرت نے ستاروں کی رفتار کو انسانی قسمت سے وابستہ کر دیا ہے۔ اسی وابستگی اور تعلق کا نام تقدیر ہے اور انسان اسی تقدیر کا تابع اور مطیع ہے لیکن اس سے یہ غلط فہمی نہ ہونی چاہیئے کہ ستارے اور سیارے بھی خدائی قدرت رکھتے ہیں اور دنیا کا کاروبار جو قدرت چلا رہی ہے وہ انہیں ستاروں اور سیاروں کی قوت ہے بلکہ اصلیت یہ ہے کہ یہ اجرام فلکی قدرت کے تابع ہیں۔ ان کی نقل و حرکت ان کا عروج و زوال قدرت ہی کے ماتحت ہے اور انسان کو ان ستاروں اور سیاروں سے صرف اتنا ہی واسطہ ہے کہ انسانی فطرت پر ان کی رفتار کا اثر پڑتا ہے۔ قدرت نے انسان کو اشرف المخلوقات بنا کر دنیا میں بھیجا ہے۔ اسے عقل دی ہے علم عطا کیا ہے اور ایسے ذرائع پیدا کئے ہیں کہ وہ اپنے ماضی حال اور مستقبل کے متعلق جان سکے۔ ماضی اور حال سے سبق لے اور مستقبل کے متعلق معلوم کر سکے کہ کیا ہونے والا ہے۔ اس غرض کیلئے قدرت نے انسانی تقدیر کو ستاروں کی گردش سے وابستہ کر دیا ہے اور ستاروں کی اس گردش میں یہ خصوصیت رکھی ہے کہ انسان اس سے اپنے مقدر کا اندازہ کر سکے۔ انسان جس وقت پیدا ہوتا ہے اس وقت کے ماحول پر سیاروں کا جو اثر پڑتا ہے وہ اس

کی تمام زندگی کو متاثر کرتا ہے۔ اسی قانون کے مدِنظر کتاب آپ کی تاریخ پیدائش تصنیف کی گئی ہے۔ اب اس سے متنتع ہونا عوام کی اپنی مرضی ہے۔

مانو نہ مانو جانِ جہاں اختیار ہے
ہم نیک و بد سب آپکو سمجھائے جاتے ہیں

گنہگار

شاہ زنجانی

۲۱ مارچ ۱۹۹۸ء

نوٹ: کتاب سے استفادہ حاصل کرنے والے حضرات (مصنف کتاب) شاہ زنجانیؒ کے لیے ایک بار سورہ فاتحہ تلاوت فرمائیں شکرگزار رہوں گا

سپاس گذار: سید انتظار حسین شاہ زنجانی

باب ۱

داخلہ شمس در برج جدی

۲۲ دسمبر تا ۲۰ جنوری

جنوری

حروف: ذ ز ظ ض خ ج گ

برج جدی سیّارہ زحل۔ مبارک دن ہفتہ
مبارک رنگ سیاہ، مبارک نگینہ نیلم الماس، مبارک عدد ۸

آپ کی تاریخ ولادت ماہ جنوری کی کوئی تاریخ ہے تو آپ کا بُرج جدی ہے در سیارہ زحل ہے۔ بُرج جدی کے متعلقین کا قد درمیانہ جسم میں خشکی اور دبلاپن زیادہ ہوتا ہے ان کی استخواں بڑی بڑی ہوتی ہیں۔ چہرہ ملبوزترہ۔ رخسار کی ہڈیاں ابھری ہوئی ٹھوڑی اور ناک لمبی۔ گردن پتلی مگر طویل چھاتی تنگ اور کمز در گھٹنے ٹیڑھے ہوتے ہیں۔

بُرج جدی کے تحت تولّد ہونے والے انسان خسیس ہوتے ہیں وہ زندگی کے ہر شعبہ میں باعمل ہوتے ہیں ان میں بلا کی قوت برداشت ہوتی ہے۔ وہ غضب کے ذہین ہوتے ہیں اور بہترین سیاسیات کے مالک ہوتے ہیں اور حس پہلے ساتھ

ساتھ خلوت پسند اور دور اندیش ہوتے ہیں۔
یہ لوگ اپنے مقاصد کے حصول میں ہر وقت سرگرداں رہتے ہیں۔ احتیاط برتتے ہیں اور بہت جلد اچھے برے میں تمیز کر لیتے ہیں وہ دشمن کو اکساتے نہیں ان کا طریق کار خاموش اور صلح خواہ ہوتا ہے، بےحد سنجیدہ ہوتے ہیں اور یہی ان کی کمزوری ہے۔ جب انہیں اپنی شکست کا احساس ہو جائے تو نہایت غیر معمولی حرکات کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

اہل جدی یعنی ماہ جنوری کے متولدین کو مات دینے کیلئے ظاہراً ان کے سامنے بیوقوف بن کر ان سے ایسا سلوک کرو جیسے تم ان سے نفرت کرتے ہو۔ ان کی طبعی سنجیدگی کو اہمیت نہ دو اور ان پر یہ ظاہر کرو کہ تم ان کے خطرناک ارادوں سے بالکل خائف نہیں ہو۔ اس پر وہ خود بخود تمہارے قدموں میں آگریں گے۔

یہ لوگ بہترین قسم کے منتظمین بن سکتے ہیں۔ اپنی اعلےٰ انتظامی قابلیتوں کے باعث یہ کامیاب پولیس افسر بن سکتے ہیں بلکہ حکومت کے جملہ انتظامی اداروں میں یہ بطرز احسن اپنے فرائض سرانجام دے سکتے ہیں جن حضرات کے زائچوں میں زحل شرف میں ہو وہ لوگ اعلےٰ قسم کے روحانی ڈاکٹر بن سکتے ہیں بلکہ اکثر اولیا اللہ کے بیارگان کی حالت یہی ہوتی ہے یعنی وہ برج جدی کے تحت تولد ہوتے ہیں اور ان کے زائچوں میں زحل شرف کا ہوتا ہے۔ جن لوگوں کے زائچوں میں زحل ہبوط کا ہو وہ غلام، مزدور، گورکن وغیرہ پیشے اختیار کرتے ہیں۔ متولدہ ماہ جنوری جادوگری میں بھی کمال حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ لوگ اکثر چمڑہ سازی کی تجارت یا پھر جوتوں کا بیوپار کریں تو نفع کما سکتے ہیں۔ یہ کباڑی کا کاروبار بھی خوب کر سکتے ہیں۔ اور ایک

اچھے سنگ تراش بھی بن سکتے ہیں۔ ان کیلئے وارد ملکہ جیل کی ملازمت بھی باعث ترقی ہو سکتی ہے اور اگر یہ زراعت کا پیشہ اختیار کریں تو پائے جلیل القدر زمیندار یا پھر ایک ماہر زراعت سائنسدان ہو سکتے ہیں (مغربی پاکستان کے ڈپٹی ڈائرکٹر زراعت ڈاکٹر رحیم چوہدری کی ولادت باسعادت بھی اسی برج کے تحت ہوئی تھی)

برج جدی کے متعلقین کے لئے بہترین جائے رہائش پہاڑی مقامات ہیں۔ یہ لوگ اگر کسی ہسپتال، قبرستان یا کسی خانقاہ کے قریب رہیں تو ان کے لئے باعث برکت ہوگا۔

ان لوگوں کا مبارک رنگ سیاہ ہے لیکن اگر یہ لوگ اپنے لباس یا لباس کے کسی حصّہ کا رنگ اودا، خاکی سیاہ یا سرمئی رکھیں تو نہایت بہتر و فائدہ مند رہتا ہے۔ ان کے لباس کا جزو لازم سیاہ رومال ہے۔ اس کی مخفی قوت سے یہ لوگ ہر بلا سے محفوظ و مصئون رہیں گے۔

ان لوگوں کی مرغوب غذا دال ماش، شیریں و نمکین کھچڑی، گوشت اور بقیہ ماکیاں ہے اور یہی غذا ان کے لئے صحت آور بھی ہے۔

ان افراد کے لئے بہترین خوشبوئیات عطر خس و عطر گل ہیں۔ و دیے تل کا میٹھا تیل اور ناریل کا تیل بھی ان کے لئے نہایت نفع بخش ہے۔

ان لوگوں کے دن کی مبارک ساعات عصر، مغرب اور تہجد کے اوقات کی ہیں۔ بہترین موسم ان کے لئے فصل خریف ہے۔ پوس کا مہینہ ان کے لئے پُرسعادت ہوتا ہے۔ ان کا مبارک دن ہفتہ اور مبارک رات شب

چہار شنبہ یعنی بُدھ کی رات ہے۔

ان کے لئے مرغوب ترین موسمی میوے، پستہ۔ فندق۔ چلغوزہ۔ فارق ہیں اور بہترین وصحت آور سبزیاں ان کے لئے آلو۔ کچالو۔ مولی شلجم۔ اروی بیتھی ہیں۔

جسم انسانی کا گھٹنا برج جدی سے منسوب ہے اہل جدی کا جسم گو اچھا خاصہ صحت مند ہوتا ہے لیکن یہ لوگ امراض سے بڑی جلدی متاثر ہوجاتے ہیں۔ بہر حالت خاص کر برج جدی کے زیر اثر پیدا ہونے والی خواتین کی ہوتی ہے ویسے برج جدی یعنی متولدین ماہ جنوری کی خاص امراض۔ مالیخولیا۔ جنون۔ کابوس۔ جوع البقر۔ جوع الکلبی تپ ربع۔ درد زانو۔ اوجاع مفاصل۔ تپ سوداوی۔ درد اعضا۔ ورم بدن۔ حلندر۔ خشکی اندام۔ درد شکم۔ امراض معدہ۔ جذام۔ بہق۔ ورم فتق ہیں۔ اور اس لحاظ سے ان کے لئے نافع ادویات۔ جوز وفلفل۔ نارجیل۔ کشتۂ فولاد۔ سم الفار۔ غورہ۔ خرنوب۔ بلیلہ۔ بزرالبنج۔ سپستان۔ رسوت۔ حب الزلم۔ شربت انار۔ سفوف حب الزلم۔ افیون۔ شوکران۔ ریباس۔ تاج خروس۔ شاہترہ حب الآس۔ شربت حب الآس۔ عرق شاہترہ وچرائتہ۔ صبر سقوطری ہیں۔

ان کیلئے مبارک نگینہ نیلم ہے۔ سلیمانی بھی ان کے لئے سعد اور نیک ہے۔ ان کے لئے مبارک فلزات آہن ہے۔ یہ لوگ اگر فولاد مجلی کی انگشتری میں نیلم یا سلیمانی پہنیں تو نہایت بہتر ہے اور اگر پلاٹینم کی انگشتری میں نیلم پہن لیں تو سبحان اللہ ان کے لئے سعید و نیک ترین ہے۔

ان لوگوں کا مبارک عدد آٹھ ہے ویسے اگر یہ لوگ اپنا عدد ذاتی معلوم کرنا چاہیں تو تاریخ ماہ اور سال کے اعداد کو جمع کر کے جمل صغیر کر لیں انکا ذاتی عدد نکل آئیگا۔

یکم، دس، انیس اور اٹھائیس جنوری

(۱، ۱۰، ۱۹، ۲۸)

آپ کی خصوصیات

درمیانہ قد۔ پتلا دبلا۔ کسرتی جسم۔ نہایت ہی کفایت شعار۔ منصف مزاج۔ جدت پسند۔ مستقل مزاج۔ خوش طبع اور جنس مخالف کی طرف رغبت ہوتی ہے۔

آپ کی مالیات

کفایت شعار اور مالی معاملات میں نہایت محتاط آپ کا روپیہ اس صنعت یا کاروبار میں لگنا چاہیئے جس سے کثیر منافع ہو۔

آپ کی صحت

اگر آپ منشیات سے پرہیز کریں گے تو آپ کی صحت بطرز احسن برقرار رہ سکتی ہے۔

آپ کے ستارے

آپ پر شمس وسکینہ کا بہت گہرا اثر پڑ رہا ہے۔ آپ کا مبارک رنگ سنہری رنگ کے تمام شیڈ اور سیاہ رنگ کے جملہ شیڈ آپ کیلئے مبارک ہیں۔

آپ کا مبارک نگینہ

آپ کا مبارک ترین نگینہ تو نیلم ہے۔ ویسے ہیرا اور پکھراج بھی آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

آپ کی زندگی کا پہلا۔ دسواں۔ انیسواں۔ اٹھائیسواں۔ سینتیسواں

چھبیسواں، پچیسواں، چونسٹھواں اور تہترواں سال آپ کیلئے نہایت اہم ہے

• دو، گیارہ، بیس اور انتیس جنوری

آپ کی خصوصیات چھوٹا قد۔ پتلا دبلا جسم۔ عجیب و غریب رفتار۔ سیاہ بال۔ سیاہ رنگت۔ گھٹنوں میں تناؤ۔ ضرورت سے زیادہ خود غرضی

آپ کی مالیات

آپ حقیقت میں اتنے مالدار نہیں ہیں جتنا مالدار آپ کو خیال کیا جاتا ہے۔

آپ کی صحت

زیادہ شغل سے آپ کے اعصاب میں تعطل پیدا ہو جانے کا خدشہ ہے۔ لہٰذا محتاط رہیں۔

آپ کے ستارے

آپ پر نیپچون اور قمر کے اثرات زیادہ حاوی ہیں۔

آپ کا مبارک رنگ

سفید دودھیا رنگ۔ زردی مائل نیلا اور فاختئی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کا مبارک نگینہ

آپ کے لئے زبرجد۔ دُرِ نا سفتہ۔ سنگِ قمر۔ اور دیدۂ گربہ نامی نگینے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

آپ کی زندگی کے ۷ - ۱۱ - ۱۶ - ۲۰ - ۲۵ - ۲۹ - ۳۴ - ۳۸ - ۴۳ - ۴۷ - ۵۲ - ۵۶ - ۶۱ - ۶۵ - ۷۰ اور ۷۴ سال نہایت اہم ہیں۔

۳ - ۱۲ - ۲۱ - ۳۰ - جنوری

آپ کی خصوصیات

درمیانہ قد۔ صحت مند جسم۔ سونیا رنگت۔ نقوش پتلے پتلے۔ جلد غصہ میں آجانے والا۔ ہر وقت نصیب کا رونا رونے والا۔ متلون مزاج۔ تعلقات زیادہ دیر تک قائم نہ رکھ سکنے والا

آپ کی مالیات

آپ کی کوشش یہی ہوگی کہ منصوبات کی کامیابی کے لئے زیادہ سے زیادہ روپیہ خرچ کیا جائے۔

آپ کی صحت

آپ لگاتار کام اور کثرت اشغال کے باعث اپنی بہترین صحت کو بگاڑ لیں گے لہٰذا محتاط رہیں۔

آپ کے ستارے

آپ کا ستارہ زحل ہے۔

آپ کیلئے مبارک رنگ اودا، ارغوانی اور کاسنی ہیں۔

آپ کا مبارک نگینہ

آپ کے لئے مبارک نگینے اسکندرط، دُراسود، اور الماس اسود ہیں۔

آپ کے اہم سال

، ۸، ۱۲، ۱۷، ۲۱، ۲۶، ۳۰، ۳۵، ۳۹، ۴۴، ۴۸، ۵۳، ۵۷، ۶۲، ۶۶، ۷۱، ۷۵ اور ۸۰ اہم سال ہیں۔

۴ ۱۳ ۲۲ اور ۳۱ جنوری

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد، سیاہ رنگ، خود غرض، متلون مزاج، زرد رنگ، تُرش رو، بدمزاج، متکبر۔

آپ کی مالیات

آپ سعیٔ بلیغ سے خوب روپیہ کمائیں گے لیکن دولت پانی بن کر آپ کے ہاتھ سے خرچ ہو جائے گی۔

آپ کی صحت

آپ کی خرابیٔ صحت کا سبب کوئی مرض نہیں ہوگا بلکہ کسی حادثہ کے باعث آپ کی صحت خراب رہے گی۔

آپ کے ستارے

شمس، زحل آپ کے ستارے ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ۔

بھورا، سنہری اور ہلکا نیلا رنگ آپ کیلئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کا مبارک نگینہ

الماس، یاقوت زرد و سُرخ، نیلم اور دُرِّ اسود آپ کے لئے مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۱۰، ۱۳، ۱۹، ۲۲، ۲۸، ۳۱، ۳۷، ۴۰، ۴۶، ۴۹، ۵۵، ۵۸، ۶۴، ۶۷ اور ۷۳ اہم سال ہیں۔

۵ - ۱۴ - ۲۳ - جنوری

آپ کی خصوصیات کوتاہ قد، نحیف بدن، نہایت متلون، غیر مستقل مزاج، زرد رنگ، نہایت لالچی، چھوٹی چھوٹی باتوں پر گرفت کرنے والا، ذکی الحس اور پھرتیلا۔

آپ کی مالیت

آپ اپنے مالی معاملات میں نہایت محتاط اور کفایت شعار شخص ہیں۔

آپ کی صحت

اگر آپ اپنی صحت برقرار رکھنا چاہتے ہیں تو ذہن پر سے جملہ قسم کے دباؤ اور برے تأثرات ہٹا دیں اور جتنا زیادہ ہو سکے اپنے دماغ کو آرام کا موقع دیں۔

آپ کے ستارے

آپ سیارہ عطارد کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

ہر قسم کے ہلکے رنگ آپ کی تقدیر کو خوشگوار بنا سکتے ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس اور دوسرے چمکیلے قسم کے تمام پتھر آپ کے لئے مبارک نگینے ثابت ہو سکتے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۵ ، ۱۴ ، ۲۳ ، ۳۲ ، ۴۱ ، ۵۰ ، ۵۹ ، ۶۸ ، ۷۷
اس کے علاوہ ۱۷ ، ۲۶ ، ۳۵ ، ۴۴ ، ۵۳ بھی آپ کے لئے انقلاب آفریں سال ثابت ہوں گے۔

۶ — ۱۵ — ۲۴ — جنوری

آپ کی خصوصیات کوتاہ قد، زرد رو، پتلے پتلے نقش، صحت مند جسم گپّی اور ناعاقبت اندیش۔

آپ کی مالیات

۶ جنوری کو پیدا ہونے والے تو دولت کی ذخیرہ اندوزی کبھی نہ کر سکیں گے البتہ ۱۵ اور ۲۴ جنوری کے متولدین جوں جوں زندگی میں بڑھتے چلے جائیں گے دولت اکٹھی ہوتی چلی جائے گی۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت تمام عمر اوسط سے زیادہ بہتر رہے گی۔

آپ کے ستارے

آپ کا ستارہ زہرہ ہے۔

آپ کے مبارک رنگ

نیلے رنگ کے جملہ شیڈ آپ کے لئے نیک اور سعد ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

فیروزہ اور دوسرے نیلے رنگ کے پتھر لاجورد وغیرہ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۶ ، ۱۵ ، ۲۴ ، ۳۳ ، ۴۲ ، ۵۱ ، ۶۰ اور ۶۹
آپ کی زندگی کے اہم سال ہیں۔

۷ — ۱۶ — ۲۵ جنوری

آپ کی خصوصیات پست قد، نحیف بدن، سیاہ رنگ، نہایت جذباتی اور گہرے تخیلات کا مالک۔

آپ کی مالیات

آپ کی مالی حالت آپ کے لئے عظیم شہرت ضرور لائے گی لیکن جو دولت آپ کے ہاتھوں سے نکل جائے گی وہ آپ کے لئے خوشی نہیں پیدا کر سکے گی۔

آپ کی صحت

آپ کا بدن نحیف و نزار ہے آپ بالعموم ان امراض میں مبتلا ہوں گے جو آسانی سے تشخیص نہیں ہو سکتے۔

آپ کے ستارے

قمر اور نیپچون آپ کے ستارے ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

خاکستری اور سبز رنگ آپ کے لئے نیک اور سعد ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

زبرجد۔ زمرد۔ اور در ناسفتہ آپ کے لئے مبارک نگینے ثابت ہو سکتے ہیں

آپ کے اہم سال

۲، ۷، ۱۱، ۱۶، ۲۰، ۲۵، ۲۹، ۳۴، ۳۸، ۴۳، ۴۷، ۵۲، ۵۶، ۶۱، ۶۵، ۷۰، ۷۴ اور ۷۹ اہم سال ہیں۔

۸، ۱۷، ۲۶ جنوری

آپ کی خصوصیات چھوٹا قد۔ دبلا جسم، بڑے بڑے استخواں، سیاہ رنگت۔ بیضوی چہرہ، نہایت خود غرض۔ حریص۔ ترش رو۔ تنگ مزاج اور کینہ ور

آپ کی مالیات

دوسروں کو کارآمد مالی مشورے دینے کے باوجود آپ خود ایسے منفعت

سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے جن سے آپ کی مالیات میں کسی قسم کی ترقی ہو سکتی ہے

آپ کی صحت

آپ اچانک ہی کسی مرض میں مبتلا ہو سکتے ہیں یعنی آپ کی خوشگواری صحت کے ادوار کافی طویل ہیں۔

آپ کے ستارے

آپ کا ستارہ دجال اکبر زحل ہے۔

آپ کا مبارک رنگ

جامنی، سیاہ اور بینگنی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کا مبارک نگینہ

گہرے نیلے رنگ کے نیلم۔ الماس اسود اور دُر اسود آپ کے مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۴ - ۸ - ۱۳ - ۱۷ - ۲۲ - ۲۶ - ۳۱ - ۳۵ - ۴۰ - ۴۴ - ۴۹ - ۵۳ - ۵۸ - ۶۲ - ۷۱ - ۸۰ آپ کی زندگی کے نہایت اہم سال ہیں۔

۹—۱۸—۲۷ جنوری

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ دبلا پتلا اکہرا جسم۔ سیاہ رنگت ذکی طبع روشن ضمیر۔ پُراثر شخصیت رکھنے والا۔ دور اندیش۔ غضب کی قوت ارادی کا

مالک۔ اخلاقی قوت کا مظاہرہ کرنے والا۔ دلیر۔ سخی۔ عالی دماغ۔ باریک بین اور سریع الفہم۔ ایسا شخص زندگی میں اونچا مقام حاصل کرتا ہے۔

آپ کی مالیات

٣٥ سال اور اس کے بعد ٦٢ سال کی عمر میں آپ کی مالیات عظیم الشان ترقی کریں گی۔

آپ کی صحت

صحت کے لحاظ سے آپ مبدءِ فیض کے منظور نظر واقع ہوئے ہیں۔ خدا نے آپ کو ایک صحت مند شخصیت عطا فرمائی ہے بڑھاپے میں صحت خوشگوار ہی رہے گی البتہ اختلاج قلب کی شکایت ضرور ہو جائے گی۔

آپ کے ستارے

آپ کا ستارہ کوتوالِ فلک مریخ ہے۔

آپ کا مبارک رنگ

گلابی رنگ کے جملہ شیڈ اور قرمزی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہے

آپ کا مبارک نگینہ

آپ کا مبارک نگینہ یاقوت سُرخ اور سُرخ رنگ کے دوسرے تمام چمکدار پتھر ہیں

آپ کے اہم سال

٩ - ١٨ - ٢٧ - ٣٦ - ٤٥ - ٥٤ - ٦٣ - ٧٢ - ٩٢ - ٩٠ آپ کی زندگی کے اہم ترین سال ہیں۔

باب ٢

داخلہ شمس
در
برج دلو
٢١ جنوری تا ١٩ فروری

فروری

حروف ۔ س ش
ث ص

برج دلو ۔ سیّارہ سکینہ ۔ مبارک دن ہفتہ
مبارک رنگ سبز۔ مبارک نگینہ لاجورد مذہب۔ مبارک عدد ٨

اگر آپ ماہ فروری میں تولد ہوئے تو یاد رکھیں کہ آفتاب اس ماہ کے بیشتر ایام میں برج دلو کے اندر دورہ کرتا ہے اور آپ پر برج دلو کے اثرات قوی تر پڑتے ہیں۔ برج دلو کا عام علامتی نشان مشکیزہ اٹھائے ہوئے سقہ ہے جس طرح یہ دوسروں کی پیاس بجھاتا پھرتا ہے ٹھیک اسی طرح ماہ فروری میں پیدا ہونے والے افراد دوسروں کے کام آتے ہیں اور فیض و احسان کا منبع ہوتے ہیں جس کام کے متعلق انہیں یقین ہو جائے کہ اس سے دوسروں کو فائدہ ہوگا اسے بڑے شوق اور تن دہی سے کرتے ہیں۔ جس کام میں صرف ان کا اپنا بھلا ہو اس میں بالعموم سستی کرتے ہیں یہاں تک کہ موقع گذر جاتا ہے اور کسی کام میں کامیاب ہو سکنے کی

پوری طاقت کے باوجود ناکام رہ جاتے ہیں۔ ان کی یہ کمزوری دور ہو جائے تو دنیا کا کوئی مرتبہ ایسا نہیں جس تک یہ نہیں پہنچ سکتے مگر عملی زندگی میں ان میں سے نوے فی صدی لوگ اپنے کام میں سستی کی وجہ سے ناکام رہتے ہیں۔

ان لوگوں کا عام کردار یہ ہے کہ ارادہ کے پکے، خاموش طبع اور وفادار ہوتے ہیں۔ عام رسم و رواج کے مخالف ہوتے ہیں اور نئی نئی راہیں نکالتے ہیں۔ یہ لوگ بہترین ریفارمر اور لیڈر ثابت ہوتے ہیں۔ یکسوئی کے ساتھ غور و فکر کرنے کی بہت قوت ہوتی ہے۔ حافظہ صاف اور ذہن تیز ہوتا ہے۔ فنون لطیفہ خاص طور پر مصوری، موسیقی اور ادب کے بہت دلدادہ ہوتے ہیں لیکن سائنس کے مطالعہ سے ان کے اصل جوہر کھلتے ہیں۔ ان کی فطرت دوربین ہوتی ہے۔ اپنے ملاقاتیوں کے کردار کو ایک ہی نظر میں بھانپ سکنا ان کی طاقت میں ہوتا ہے۔ سائنس کی وہ شاخ جس کا تعلق ریسرچ یعنی تحقیق سے ہو ان کی طبیعت سے بہت مناسبت رکھتی ہے۔ اس میں یہ بہت کامیاب رہتے ہیں بالخصوص بجلی کے متعلق نئی نئی ایجادیں معرض وجود میں لانے کا ملکہ ان میں فراواں ہوتا ہے۔

مادی جسم کے مقابلہ میں ان کی روح اور دماغ زیادہ بیدار ہوتے ہیں۔ اگر ان کے ذہنی قویٰ پوری طرح نشو و نما پا جائیں تو یہ لوگ ایثار پیشہ، بے لوث محبت کے پیکر، رحیم، معاف کر دینے والے، موحد، دوسروں کے دل کا حال آنکھوں میں سمجھ لینے والے دیانتدار، فنون لطیفہ کے دلدادہ، منصف، حلیم اور مطمئن ہوتے ہیں۔ اس کے برعکس اگر ان کی دماغی صلاحیتوں پر نسلی کیفیات حاوی ہو جائیں

اور بدکرداری میں گھر جائیں تو یہ زود رنج منتقم مزاج، دھوکے باز، پریشان خیال مضطرب اور گھمّی ہوتے ہیں۔ اس وقت ان کی مشکلات کا بہترین علاج علوم مخفیہ جفر و نجوم سے ہی ہو سکتا ہے۔

ان لوگوں کی طبیعت میں احساس تنہائی بہت زیادہ ہوتا ہے۔ اس لئے ایسی جگہیں ان کے لئے بہت کشش رکھتی ہیں۔ جہاں لوگوں کا ہجوم ہو جیسے سینما، میلہ، جلسہ، برات، جنازہ۔ کسی جگہ کوئی ہجوم ہو یا کوئی فرد مشتعل ہو اور فساد کا انتہائی خطرہ ہو ان لوگوں میں سے کسی کو آگے کر دیجئے۔ ان کی مقناطیسی کشش دلیل بازی کے رنگ میں اس پر قابو پا لے گی۔ اسی طرح پاگل انسان پر ان لوگوں کا بڑا اثر ہوتا ہے۔ یہ اُسے قابو میں رکھنے کی خداداد طاقت رکھتے ہیں۔ عام طور پر ان کی زندگی میں لوگ ان کی تمام خوبیوں کا پورا اندازہ نہیں لگاتے۔

فروری کے مہینہ میں پیدا ہونے والے انسان کی ظاہری پہچان یہ ہے کہ عام طور پر اس کی آنکھیں خوبصورت ہوں گی۔ یہاں تک کہ دوسرے لوگوں کی آنکھوں کے مقابلہ میں اس کی آنکھوں میں نمایاں خصوصیت نظر آئے گی

یہ لوگ بہت زیادہ موٹے تازے نہیں ہوتے۔ معدہ کی خرابی قلّت خون۔ ہاتھ پاؤں کا ٹھنڈا رہنا عام طور پر ان کی بیماریاں ہوتی ہیں۔ کسی حادثہ سے دانتوں، پاؤں اور ٹخنوں کو ضرر پہنچنے کا خطرہ بھی ہوتا ہے۔

سبزی اور پھل ان کے لئے بہت مفید ہے گوشت مفید نہیں مالٹ، گاجر، پیاز، اجوائن خاص طور پر ان کی طبیعت سے مناسبت رکھتے ہیں۔

دسمبر جنوری ۔ فروری اور جولائی کے مہینوں میں انہیں اپنی صحت کا خاص خیال رکھنا چاہیے ۔

ان کی زندگی کا سترھواں ۔ چھبیسواں ۔ پینتیسواں ۔ چوالیسواں ۔ ترپنواں اور باسٹھواں سال بہت اہم ہوتا ہے ۔ انہی سالوں میں سے کسی ایک میں انکی موت کا امکان قوی تر ہوتا ہے ۔ یوم شنبہ یعنی ہفتہ ان کی خوش قسمتی کا دن ہوتا ہے اگر ہفتہ کے دن انگریزی مہینہ کی ۴ ۔ ۱۳ ۔ ۲۲ تاریخ ہو تو ان لوگوں کے لئے یہ دن اور بھی زیادہ مبارک ہوتا ہے ۔ ان کے بعد اتوار اور سوموار بھی مبارک دن ہیں ۔ یہ لوگ سنئے کام بالعموم ۲۱ ، دسمبر سے ۲۰ فروری تک کریں ۔ اس عرصہ میں یہ لوگ بہت کامیاب رہتے ہیں ۔

۱ ، ۱۰ ، ۱۹ ، ۲۸ ۔ فروری

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد ۔ مضبوط جسم ۔ منصف مزاج ۔ گرم جوش خود پسند اور ہٹ دھرم ۔

آپ کی مالیت

مالی معاملات میں جب آپ کے ساتھ کوئی اور شریک ہو تو آپ تخمین پسندی سے پرہیز کیا کریں ورنہ خطرناک قسم کے تنازعات پیدا ہونے کا خطرہ ہے ۔

آپ کی صحت

آپ جسمانی طور پر اتنے صحت مند نہیں ہیں جتنا صحت مند آپ کا دماغ ہے

آپ کے ستارے

شمس و سکینہ آپ کے ستارے ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

سنہری زرد ۔ اور گہرا نیلا آپ کے لئے مبارک رنگ ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس ہلکے رنگ کا نیلم اور پکھراج آپ کے لئے مبارک نگینے ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۱۰ ، ۱۳ ، ۱۹ ، ۲۲ ، ۲۸ ، ۳۱ ، ۳۷ ، ۴۰ ، ۴۶ ، ۴۹ ، ۵۵ ، ۶۴ ، ۶۷ اور ۷۳ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہمیت رکھتے ہیں ۔

۲ ، ۱۱ ، ۲۰ ، ۲۹ فروری (۲۹ صرف لیپ سال میں)

آپ کی خصوصیات قد درمیانہ مائل بہ درازی ۔ نہایت خوبصورت اور مضبوط جسم ۔ گورا رنگ ۔ بھورے بال ۔ خوش خلق ۔ صاحب مروت ۔ سیر و تفریح کا شائق اور جدت پسند

آپ کی مالیت

آپ اپنی زندگی کے آخری سالوں میں کافی سے زیادہ دولت مند ہو جائیں گے اور یہ دولت آپ کو کسی سے بطور ورثہ حاصل ہو گی ۔

آپ کی صحت

صحت کے لحاظ سے آپ ایک تنومند انسان ہیں اور خرابی صحت کی

شکایت آپ کو شاذ و نادر ہی ہو سکے گی ۔

آپ کے ستارے

آپ کا ستارہ قمر ہے ۔

آپ کا مبارک رنگ

آپ کے لئے مبارک و سعید رنگ دودھیا سفید ہے ۔ ویسے موتیا رنگ کے شیڈ بھی نہایت نیک ہیں ۔

آپ کا مبارک نگینہ

آپ کا مبارک نگینہ دُرِّ اسود ہے ۔

آپ کے اہم سال

۲ ، ۱۱ ، ۲۰ ، ۲۹ ، ۳۸ ، ۴۷ ، ۵۶ ، ۶۵ ، ۷۰ ہیں :

۳ ، ۱۲ ، ۲۱ ، فروری

آپ کی خصوصیات

درمیانہ قد ۔ صحت مند جسم ۔ گورا رنگ ۔ خوش مزاج حلیم الطبع ۔ بامروّت ۔ پرکشش اور شہرت مند

آپ کی مالیات

آپ زندگی میں جو کاروبار بھی کریں گے اس میں منافع عظیم کمائیں گے ۔

آپ کی صحت

کثرت اشغال آپ کے لئے نہایت خطرناک ہے اس کے باعث آپ فالج تشنج سوزش جگر اور خون کا دباؤ زیادہ ہونے سے پیدا ہونے

والے دیگر امراض کا شکار ہو سکتے ہیں ۔

آپ کے ستارے

آپ کا ستارہ سعد اکبر مشتری ہے ۔

آپ کا مبارک رنگ

زردی مائل نیلے رنگ کے تمام شیڈ آپ کے لئے بہتر ہیں ۔

آپ کا مبارک نگینہ

آپ کے لئے اسکندریطا[1] اور جمونی نہایت مبارک پتھر ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۳ ، ۱۲ ، ۲۱ ، ۳۰ ، ۳۹ ، ۴۸ ، ۵۷ ، ۶۶ ، ۷۵ ، آپ کی زندگی کے اہم سال ہیں ۔

۴ ، ۱۳ ، ۲۲ ، فروری

آپ کی خصوصیات

درمیانہ قد ۔ مضبوط جسم ۔ کھلتا ہوا گورا رنگ ۔ جدّت پسند ، ذکی الطبع دوراندیش ۔ روشن ضمیر ۔ خاموش طبیعت اور ذہین و فطین ۔

آپ کی مالیات

روپیہ آپ کے لئے وہ کشش نہیں رکھتا جو وہ دوسرے عام آدمیوں کے لئے رکھتا ہے ۔

[1] روس میں یارے کی کانوں سے یہ پتھر نکلتا ہے ۔

آپ کی صحت

اپنے ذہن کو پریشانیوں سے خالی رکھیں اور خوش رہیں۔ آپ کی صحت نہایت خوشگوار رہے گی۔

آپ کے ستارے

آپ کا ستارہ سکینہ در عروج ہے۔

آپ کے مبارک رنگ

اودا اور بنفشی رنگ اور ان کے تمام شیڈ آپ کیلئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

زرقون آپ کا مبارک نگینہ ہے۔

آپ کے اہم سال

۱ - ۴ ، ۱۰ ، ۱۳ ، ۱۹ ، ۲۲ ، ۲۸ ، ۳۱ ، ۳۷ ، ۴۰ ، ۴۶ ، ۴۹ ، ۵۵ ، ۵۸ ، ۶۴ ، ۶۷ ، ۷۳ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۵ ، ۱۴ ، ۲۳ ، فروری

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ متناسب اعضا۔ گورا رنگ۔ فربہ جسم علم دوست۔ علوم مخفی کا دلدادہ۔ فراخدل۔ اور نہایت ہی مہذب۔

آپ کی مالیات

آپ دوسروں کو بہترین مالی مشورے دے سکتے ہیں لیکن خود انہیں

مشوروں پر عمل پیرا نہیں ہو سکتے۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت کی خوشگواری اس سے ہی معلوم ہو سکتی ہے کہ آپ متناسب الاعضا اور فربہ جسم ہیں لیکن آپ کو زندگی میں کسی وقت بھی جگر۔ تلی گردوں اور مثانہ کی تکالیف لاحق ہو سکتی ہیں۔

آپ کے ستارے

آپ کا ستارہ دبیر فلک عطارد ہے۔

آپ کے مبارک رنگ

ہر قسم کے رنگ کے ہلکے شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس اور دوسرے سفید رنگ کے چمکدار پتھر آپ کے مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۵ ، ۱۴ ، ۲۳ ، ۳۲ ، ۴۱ ، ۵۰ ، ۵۹ ، ۶۸ ، ۷۷ ، آپ کی زندگی کے اہم سال ہیں۔

۶ ، ۱۵ ، ۲۴ ، فروری

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد مضبوط جسم حسین وجمیل چہرہ۔ گورا رنگ۔ نہایت پیاری اور ہر دل عزیز شخصیت۔ مہذب باتمیز موسیقی اور دیگر فنون لطیفہ کا دلدادہ۔

آپ کی مالیات

زندگی میں جونہی آپ آگے بڑھیں گے آپ کا نب تقدیر کو اپنے حق میں فیاض پانسے چلے جائیں گے۔

آپ کی صحت

آپ ایک صحت مند جسم رکھتے ہیں۔ بیماری آپ کو بہت ہی کم لاحق ہو گی لیکن ہوا لگنے کا خطرہ ہے اور نمونیہ لاحق ہونے کا قوی احتمال ہے محتاط رہیں۔

آپ کے ستارے

آپ کا ستارہ رقاصۂ فلک زہرہ ہے۔

آپ کے مبارک رنگ

نیلے رنگ کے تمام شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

پکھراج اور ہلکے رنگ کے نیلم آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۶ - ۱۵ - ۲۴ - ۳۳ - ۴۲ - ۵۱ - ۶۰ - ۶۹ - ۷۸ آپ کی زندگی میں بڑا اہمیت سال ہیں۔

۷ - ۱۶ - ۲۵ - فروری

آپ کی خصوصیات لمبا قد۔ دبلا مگر مضبوط جسم۔ چھاتی عریض۔ گورا رنگ ذہین و فطین۔ دور اندیش۔ صاحب عرفان۔ خاموش طبع اور امن پسند۔

آپ کی مالیات

آپ قناعت پسند اور مال و دولت کی زیادہ پرواہ کرنے والے نہیں ہیں۔

آپ کی صحت

صحت کے متعلق آپ کو عجیب و غریب کیفیات سے گذرنا ہوگا۔ بچپن میں آپ دبلے پتلے نازک اندام تھے آپ کے جسمانی عوارضات کے متعلق اطبا تک پریشان رہے ہیں۔ صرف آپ کے پیٹ کی تکالیف کے متعلق ڈاکٹر لوگ بھی حتمی طور پر صحیح تشخیص نہیں کر سکتے۔

آپ کے ستارے

نیپچون آپ کا ستارہ ہے۔

آپ کے مبارک رنگ

فاختئی۔ اودا۔ اور ارغوانی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

آپ کا سعد نگینہ زمرد ہے۔ گہرے سبز رنگ کا زمرد آپ کی تقدیر میں ایک زبردست انقلاب پیدا کر سکتا ہے۔

آپ کے اہم سال

۲، ۷، ۱۱، ۱۶، ۲۰، ۲۵، ۲۹، ۳۴، ۳۸، ۴۳، ۴۷، ۵۲، ۵۶، ۶۱ آپ کی زندگی کے اہم سال ہیں۔

۸ - ۱۷ - ۲۶ - فروری

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ مضبوط جسم، سیاہ رنگت، فطرتاً چالباز، ذہین و فطین، بہت متکبر اور ہر وقت دوسروں پر غلبہ پالینے کی فکر میں رہنے والا۔ دور اندیش، اور اپنی اس اچھی صفت کو بھی کارروائیوں میں صرف کرنے والا۔

آپ کی مالیت

آپ جب بھی چاہیں روپیہ پیدا کر سکتے ہیں لیکن آپ میں اس امر کی زبردست خواہش کا پیدا ہونا لازم ہے کہ اب روپیہ کمانا چاہیے۔

آپ کی صحت

آپ اتنے صحت مند نہیں جتنے کہ آپ نظر آتے ہیں۔ آپ کو اختلاج قلب اور اختلال دماغ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ رہے گا۔

آپ کے ستارے

نحس اکبر زحل آپ کا ستارہ ہے۔

آپ کے مبارک رنگ

بینگنی رنگ کا نیلا شیڈ آپ کے لیے نہایت مبارک ہے۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس۔ اسود اور دُرِّ اسود آپ کے لئے مبارک ترین نگینے ثابت ہو سکتے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۴ - ۸ - ۱۳ - ۱۷ - ۲۲ - ۲۶ - ۳۱ - ۳۵ - ۴۰ - ۴۴ - ۴۹ - ۵۳ - ۵۸ - ۶۲ - ۶۷ - ۷۱ آپ کی زندگی کے اہم ترین سال ہیں

۹ - ۱۸ - ۲۷ - فروری

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ مضبوط جسم، سخی، فیض رساں، آزاد روش۔ نہایت ہیجان پسند۔ جھگڑالو، لیکن جلد معاف کر دینے والا۔

آپ کی مالیات

آپ اپنے مالی معاملات میں ایک خوش قسمت انسان ضرور ہیں لیکن آپ کے اخراجات دوسروں کو ورطۂ حیرت میں ڈال دینے کیلئے کافی ہیں۔

آپ کی صحت

آپ کو اپنی صحت کا خیال زیادہ رکھنا لازم ہے۔ آپ کے پھیپھڑے اور قلب دونوں مرض کو بہت جلد قبول کر لینے والے ہیں۔

آپ کے ستارے

مریخ آپ کا ستارہ ہے۔

آپ کے مبارک رنگ

قرمزی۔ گلابی۔ اور سرخ رنگ کے جملہ شیڈ آپ کے لئے مبارک رنگ ہیں۔

آپ کیلیے مبارک نگینے

آپ کے لئے زرقون اور اسکندرط نہایت مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۹ - ۱۸ - ۲۷ - ۳۶ - ۴۵ - ۵۴ - ۶۳ - ۷۲ آپ کی زندگی میں اہم ترین سال ہیں۔

باب ۳

داخلہ شمس در برج حوت

۲۰ فروری تا ۲۰ مارچ

حروف پ ح د

مارچ

برج حوت۔ سیارہ نپ چون۔ مبارک دن جمعرات
مبارک رنگ روپہلی۔ مبارک نگینہ مرجان۔ مبارک عدد ۷

اگر آپ ماہ مارچ کی کسی تاریخ کو متولد ہوتے ہیں تو آپ کا برج حوت ہے جسے مین راس بھی کہتے ہیں۔ قدیم فلکیات کے مطابق آپ کا سیارہ مشتری اور جدید فلکیات کے رو سے نپ چون ہے۔ آپ کے لئے اتوار، منگل اور جمعرات کا دن نہایت مفید ہوتا ہے۔ جو کام ان دنوں میں کریں گے اکثر کے نتائج حسب منشا اور نہایت مفید پائیں گے۔ بدھ اور جمعہ کا دن دنیاوی کاموں کے لئے نہایت ناقص ہوتا ہے اسوج یعنی کنوار کا مہینہ اکثر نحس اور ناقص گزرتا ہے اس کی سمت داہنی ہوتی ہے۔ لہذا جس شخص کے داہنی طرف ہو کر کلام کریگا اس کی بات میں اثر اور وزن ہوگا۔ چاند دیکھ کر زرد رنگ کی چیز دیکھے تو وہ مہینہ

اس کے لئے اچھا گزرے گا۔ اور بہت سے ہونے والے نقصان پروردگارِ عالم دور فرما دیتا ہے۔ مین راس والے اپنے مذہب کے زیادہ پابند ہوتے ہیں۔ اس راس والوں کی اوّل تو اولاد ہوتی ہی نہیں اگر ہوتی ہے تو اکثر صغر سنی میں فوت ہو جاتی ہے۔ بہرکیف قلیل اولاد والے ہوتے ہیں۔ اگر مین راس والے کے پہلوٹھی اولاد میں لڑکا پیدا ہوا ہو اور خدا اسے زندگی عطا فرما دے تو بہت صاحب اقبال اور دولت مند ہوگا۔ مین راس والوں کی مالی حالت اوسط میں رہتی ہے یعنی آمدنی اور اخراجات مساوی رہتے ہیں مگر نہایت کفایت شعار ہوتے ہیں۔ اور ہر قسم کے اخراجات نہایت احتیاط سے کرتے ہیں بعض لوگ انہیں دیکھ کر بخیل اور کنجوس بھی کہنے لگتے ہیں۔ بہرکیف وہ درحقیقت بخیل نہیں ہوتے۔ اس راس کا آدمی خوش طبع اور ہنس مکھ نہیں ہوتا۔ اکثر ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے وہ غمگین رہتا ہے۔ مین راس والا انتیس سال کی عمر کے بعد خوب ترقی حاصل کرتا ہے۔ اس کا رنگ گورا ہوتا ہے قد درمیانہ پستہ قد یا دراز قد نہیں ہوتا بعینہ سیاہ رنگ بھی اس کا نہیں ہوتا۔ ہاتھ پاؤں کا مضبوط اور قوی ہوتا ہے اس کی عادت اچھی ہوتی ہے۔ گو روپے پیسہ سے کسی کی امداد اتفاق سے ہی کرتا ہے مگر رحم دل اور اکثر پاکیزہ سیرت کا حامل ہوتا ہے۔ اگر کسی کے ساتھ سلوک نہیں کر سکتا تو زبانی نیکی سے دوستوں کو فائدہ پہنچاتا ہے۔ چالیس سال کی عمر میں کسی حادثہ یا خطرناک بیماری میں گرفتار ہوتا ہے۔ اگر اس حادثہ یا بیماری سے بچ جائے تو پھر اس کی عمر نوے اور سو سال کے درمیان ہوتی ہے۔

مین راس والا اکثر آمدنی اور ترقی کی نئی نئی صورتیں پیدا کرتا رہتا ہے اور ہمیشہ اسی فکر میں رہتا ہے کہ کوئی صورت ترقی کی پیدا ہو۔ اس کے زیر بغل یا کمر یا رخسار پر تل بھی ضرور ہوتا ہے۔ اپنی زندگی آرام اور عزت سے بسر کرتا ہے۔ صاحب اولاد ہوتا ہے مگر زیادہ اولاد لڑکیاں ہوتی ہیں۔ اور عبادت کے مقاموں کی سیر بھی کرتا ہے اور ایسی جگہوں سے اسے انس ہوتا ہے۔ اس راس والوں کو ملازمت راس نہیں۔ بالآخر انہیں تجارت میں ہی زندگی بسر کرنی پڑتی ہے اپنی عمر میں کسی چوری یا کسی جھوٹے الزام میں گرفتار ہو کر مصیبت قید و بند بھی اٹھاتا ہے۔ مین راس والے میں ایک عیب یہ ہوتا ہے کہ اکثر وعدہ خلاف ہوتا ہے اور اپنے وعدہ پر پورا نہیں اترتا۔ چلنے میں اکثر اس کے پاؤں کج ہوتے ہیں۔ اس راس والے کو اپنے بزرگوں کا ورثہ بھی ملتا ہے۔ اس کی اکثر دو شادیاں ہوتی ہیں۔ پہلی بیوی اکثر مریض رہتی ہے جس کے سبب سے دوسری شادی کرنی پڑتی ہے۔ اس کی اپنی مستعار زندگی میں کئی واقعات ایسے آتے ہیں گویا موت کے منہ میں ہوتا ہے۔

علی الخصوص ۵ - ۱۹ - ۳۶ - ۴۰ - ۵۵ سال کی عمر میں اس کو سخت واقعات پیش آتے ہیں اگر ان حادثات میں سلامت رہ جائے تو اس کی عمر سو اور نوے سال کے قریب ہوتی ہے۔

۱ - ۱۰ - ۱۹ - ۲۸ ۔ مارچ

آپ کی خصوصیات: چھوٹا قد۔ گندمی رنگ۔ بھاری بھر کم جسم۔ مردانہ پن کا

پابند، ہر اچھی شے کی تعریف کرنے والا۔ ناؤ نوش کا دلدادہ جنس مخالف کی ہم نشینی کا شائق۔

آپ کی مالیت

مال و دولت کے معاملہ میں آپ ایک خوش قسمت انسان ہیں

آپ کی صحت

آپ کی صحت نہایت اچھی ہے جس کا آپ غلط فائدہ اس طرح اٹھائیں گے کہ کھانے پینے میں منفعت بخش شے اور مضرت رساں چیز کے مابین فرق کرنے کی تکلیف گوارا نہ کریں گے۔

آپ کے ستارے

شمس، سکینہ اور مشتری آپ کے ستارے ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

سنہری رنگ کے تمام شیڈ۔ نیلے رنگ کے تمام شیڈ اور اودے جامنی اور ارغوانی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس۔ پکھراج۔ زرقان اور عقیق زرد آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں

آپ کے اہم سال

۱ - ۳ - ۴ - ۱۰ - ۱۲ - ۱۳ - ۱۹ - ۲۱ - ۲۲ - ۲۸ - ۳۰

۳۱ - ۳۷ - ۳۹ - ۴۰ - ۴۶ - ۴۱ - ۴۹ - ۵۵ - ۵۷

۵۸ - ۶۴ - ۶۶ اور ۶۷ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں

۲ - ۱۱ - ۲۰۰۱ - ۲۹ - مارچ

آپ کی خصوصیات چھوٹا قد۔ ننھے منے اعضا۔ بھرا بھرا جسم۔ گول زرد چہرہ۔ نہایت سست اور نائو نوش کی رغبت رکھنے والا۔

آپ کی مالیت

مالیات آپ کے کبھی بھی کوئی مستقل صورت اختیار نہ کر سکیں گے

آپ کی صحت

آپ ذہنی طور پر تمام عمر بیمار رہیں گے اور آپ کی ذہنی کیفیات لوگوں کے لئے معمہ بن کر رہ جائیں گی

آپ کے ستارے

قمر، نیپچون اور مشتری آپ کے ستارے ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

زردی مائل سبز۔ فاختی اور ارغوانی رنگ آپ کیلئے نہایت سعید ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

زبرجد۔ دُرِ ناسفتہ۔ اور سنگ یشب آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں

آپ کے اہم سال

۲ - ۷ - ۱۱ - ۱۶ - ۲۰ - ۲۵ - ۲۹ - ۳۴ - ۳۸ - ۴۳ - ۴۷ - ۵۲ - ۵۶ - ۶۱ آپ کی زندگی کے اہم سال ہیں۔

۳ - ۱۲ ۔ ۲۱ ۔ ۳۰ ۔ مارچ

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد ۔ سانولی رنگت ۔ فربہ جسم ۔ چہرہ سے اطمینان قلب مترشح ۔ مطالعہ علمی کا شائق ۔ متبحر عالم ۔ بلا کا ذہین و فطین اور فلسفہ کا رسیا ۔

آپ کی مالیات

آپ دولت اکٹھی کرنے کی زبردست خواہش کرتے ہیں اور اس خواہش کے حصول میں کافی حد تک کامیاب بھی ہونگے لیکن اپنی شہرت اور نیک نامی کا آپ کو خاص طور پر خیال رکھنا ہوگا ۔

آپ کی صحت

زیادہ آرام اور تساہل پسندی سے کام نہ لیں ۔ ورنہ آپ گوشت کا ایک بڑا سا لوتھڑا بن کر رہ جائیں گے ۔ اس کے بعد نہ تو آپ کو دولت کا مزا ملے گا اور نہ پُر آسائش زندگی کا ۔

آپ کے ستارے

سعد اکبر مشتری آپ کا ستارہ ہے اور آپ پر ستارہ نیپچون کے اثرات بھی حاوی ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

اودا ۔ جامنی اور ارغوانی آپ کے مبارک رنگ ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

ایک لاجورد جس سے جامنی رنگ کی شعاعیں نکلتی ہوں آپ کے لئے نہایت مبارک ہے ۔

آپ کے اہم سال

۳ ۔ ۱۲ ۔ ۲۱ ۔ ۳۰ ۔ ۳۹ ۔ ۴۸ ۔ ۵۷ ۔ ۶۶ ۔ ۷۵ سال آپ کی زندگی میں بڑا اہمیت ہیں ۔

۴ ، ۱۳ ، ۲۲ ، ۳۱ ، مارچ

آپ کی خصوصیات پست قد ۔ اعضائے بدن غیر متناسب ۔ گورا رنگ نحیف الجثہ ۔ کند ذہن ۔

آپ کی مالیات

آپ انتہائی طور پر دور اندیش واقع ہوئے ہیں اور آسانی سے دوسروں پر اعتبار کرنے والے نہیں ہیں ۔ یہی بات آپ کی مالیات کو بچائے رکھے گی ۔

آپ کی صحت

آپ اپنی خوراک اور بود و باش کو اس صورت سے منظم کرنے والے ہیں کہ آپ کو طبیب کی ضرورت نہیں آپ گویا اپنے طبیب خود آپ ہیں ۔

آپ کے ستارے

سکینہ ۔ شمس اور مشتری تینوں کے اثرات آپ پر حاوی ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

چمکدار نیلے رنگ کے تمام شیڈ۔ اودا۔ کاسنی۔ اور جامنی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

گہرے رنگ کا نیلم۔ الماس اور لاجورد آپ کے لئے مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۱ - ۴ - ۱۰ - ۱۳ - ۱۹ - ۲۲ - ۲۸ - ۳۱ - ۳۷ - ۴۰ - ۴۶ - ۴۹ - ۵۵ - ۵۸ - ۶۴ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۵، ۱۴، ۲۳، مارچ

آپ کی خصوصیات قد مائل بہ پستی۔ پتلا دبلا جسم۔ پتلے پتلے ننھے منے نقوش۔ زرد سانولی رنگت۔ ترش رو سست الوجود۔

آپ کی مالیت

مالی معاملات میں تقدیر تمام عمر ہمیشہ آپ کا ساتھ دے گی۔ لیکن مرتے وقت تلاش ہوں گے۔

آپ کی صحت

آپ کو اعصابی تکالیف رہیں گی۔ یہ تکالیف اس وقت زیادہ ہوں گی جب آپ کو کسی کا مقابلہ درپیش ہوگا۔

آپ کے ستارے

عطارد دبر افلاک آپ کا ستارہ ہے۔

آپ کے مبارک رنگ

اودا۔ کاسنی اور اس کے تمام شیڈ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس اور دوسرے تمام چمکدار پتھر آپ کے لئے مبارک نگینے ثابت ہوں گے۔

آپ کے اہم سال

۵ - ۱۴ - ۲۳ - ۳۲ - ۴۱ - ۵۰ - ۵۹ - ۶۸ - ۷۷ سال آپ کی زندگی میں بڑا اہمیت ہیں۔

۶ - ۱۵ - ۲۴ مارچ

آپ کی خصوصیات قد یا تو کافی طویل ہوگا یا پھر پست آپ درمیانہ قد کے نہیں ہیں۔ گورا رنگ۔ ہلکے بھورے بال۔ نہایت خوش طبع منکسف مزاج۔ آپ ایک اعلیٰ قسم کے ماہر موسیقی ہو سکتے ہیں۔ کیری کیچر یعنی تمسخر آمیز تصویریں بنانے میں بھی آپ کمال حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ پیدائشی طور پر ادیب ہیں۔

آپ کی مالیت

کاتب تقدیر نے آپ کا نام امراء اور صاحب ثروت انسانوں کی فہرست
میں لکھ ہوا ہے۔

آپ کی صحت

بچپن میں آپ کی صحت نہایت شاندار ہونی لازم ہے لیکن صحت کی یہ
خوشگواری بعد ازاں تبھی قائم رہ سکے گی اگر آپ اپنی جوانی اور بڑھاپے کو
اصول زندگی میں منضبط کر سکیں گے۔

آپ کے ستارے

سعدین یعنی زہرہ و مشتری آپ کے ستارے ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

نیلے رنگ کے ہلکے اور گہرے تمام شیڈ۔ اودا۔ کاسنی اور زعفرانی
آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

اسکندرط۔ الماس۔ اور زرد پکھراج آپ کے لئے مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۶ ۰ ۱۵ ۰ ۲۴ ۰ ۳۳ ۰ ۴۲ ۰ ۵۱ ۰ ۶۰ ۰ ۶۹ ۰ ۷۸ سال
آپ کی زندگی کے نہایت اہم سال ہیں۔

۷، ۱۶، ۲۵، مارچ

آپ کی خصوصیات پستہ قد۔ گورا رنگ۔ تساہل پسند۔ آرام طلب
سست الوجود۔ خلوت گزین، سلیم الطبع اور متحمل مزاج۔

آپ کی مالیت

آپ اپنی دماغی قابلیت اور کاوش سے خوب دولت کما سکتے ہیں۔

آپ کی صحت

ظاہری طور پر آپ نہایت صحت مند نظر آتے ہیں لیکن فی الحقیقت آپ
کی صحت اتنی اچھی نہیں ہے۔

آپ کے ستارے

نیپچون۔ قمر اور مشتری کے اثرات آپ کی ذات و صفات پر پڑتے ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

فاختئی رنگ۔ سبز و دودھیا رنگ۔ اور کاسنی اودا اور زعفرانی رنگ
آپ کے لیے مبارک رنگ ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

زبرجد۔ سنگ قمر۔ دُرِ نا سفتہ اور لاجورد نہایت آپ کے لیے
نہایت مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۲ ۰ ۷ ـ ۱۱ ـ ۱۶ ـ ۲۰ ـ ۲۵ ـ ۲۹ ـ ۳۴ ـ ۳۸ ـ ۴۳ ـ ۴۷ ـ

۵۲ - ۵۶ - ۶۱ - ۴۷ سال آپ کی زندگی کے اہم ترین سال ہیں ۔

۸ ، ۱۷ ، ۲۶ ، مارچ

آپ کی خصوصیات قد درمیانہ ۔ زردی مائل سانولی رنگت ۔ سیاہ چمکیلے بال ۔ بدفطرت ۔ ریاکار ۔ حیلہ ساز ۔ منافق ۔ غیر معتبر ۔ ابنائے جنس کا دشمن ۔ اور فریب کار ۔

آپ کی مالیات

بظاہر آپ دولت کو ایک بے وقعت شے ظاہر کریں گے لیکن فی الحقیقت آپ کے دندان آز نہایت تیز ہیں ۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت بلکہ آپ کے جملہ ذاتی معاملات پر آپ کا دماغ حاوی ہے دماغی حالت اگر اچھی ہے تو صحت بھی خوشگوار ہے اور اگر دماغی توازن ٹھیک نہیں تو آپ کی صحت بھی خراب ہے ۔

آپ کے ستارے

زحل و نیپچون کے اثرات آپ پر حاوی ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

اودا ، کاسنی اور ارغوانی نیلاہٹ لئے ہوئے آپ کے لئے مبارک رنگ ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس ۔ اسود اور دراسود آپ کے مبارک نگینے ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۴ - ۸ - ۱۳ - ۱۷ - ۲۲ - ۲۶ - ۳۱ - ۳۵ - ۴۰ - ۴۴ - ۴۹ - ۵۳ - ۵۸ - ۶۲ ۔ آپ کی زندگی کے اہم ترین سال ہیں ۔

۹ ، ۱۸ ، ۲۷ ، مارچ

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد ۔ صحت مند جسم ۔ گورا رنگ ۔ ظاہردار مندی ۔ کند ذہن ۔ جھگڑالو ۔ کاہل ۔ چالباز ۔ اور غیر معتمد دوست ۔

آپ کی مالیات

آپ ہر قسم کے تخمینی کاروبار میں روپیہ کما سکتے ہیں ۔

آپ کی صحت

ساری عمر بیماری سے محفوظ رہنے کے بعد چالیس سے پچاس سال کی تک کے عرصے میں آپ کو خرابی صحت کی عام شکایت رہے گی ۔

آپ کے ستارے

مریخ جلاد فلک آپ کا ستارہ ہے ۔

آپ کے مبارک رنگ

قرمزی سرخ اور گلابی رنگ اور اودا کاسنی اور ارغوانی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک رنگ ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

یاقوت سرخ ۔ اور دوسرے سرخ رنگ کے پتھر اور لاجورد سرخی مائل آپ کے مبارک نگینے ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۹ ، ۱۸ ، ۲۷ ، ۳۶ ، ۴۵ ، ۵۴ ، ۶۳ ، ۷۲ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں ۔

باب ۴

داخلہ شمس در برج حمل

۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل

اپریل

حروف ا ، ل ، ع

بُرج حمل ، سیّارہ پلوٹو ، مبارک دن منگل

مبارک رنگ قرمزی ، مبارک نگینہ عقیق سرخ ، مبارک عدد ۹

اگر آپ ماہ اپریل کی کسی تاریخ کو پیدا ہوئے ہیں تو آپ کا بُرج حمل اور سیارہ فلکیات قدیم کی رو سے مریخ اور فلکیات جدید کی رو سے پلوٹو ہے ۔ بُرج حمل کے زیر اثر پیدا ہونے والے انسان کا قد درمیانہ ہوتا ہے ۔ وہ بالعموم دبلا پتلا ہوتا ہے لیکن بعض اوقات زائچہ کے دیگر سیارگان کے اثرات سے جسیم بھی ہو سکتا ہے لیکن یہ بات ضرور ہے کہ وہ بے پناہ قوت کا مالک ہوتا ہے ۔ اس کے استخوان بڑے بڑے ہوتے ہیں ۔ سر مقام فرق پر بیٹھا ہوتا ہے ۔ ٹھوڑی نہایت خوبصورت ۔ گردن لمبی صراحی دار چہرے کی رنگت سرخی مائل ہوتی ہے کندھے اور بازو پُر گوشت ہوتے ہیں ۔ اگر آپ کی

ناک بٹن جیسی ہے اور آپ بُرج حمل کے زیر اثر پیدا ہوئے ہیں تو آپ کے سر کے بالوں کا رنگ لازمی طور پر بھورا سرخی مائل ہونا چاہیے اور اگر آپ نیلگوں رنگ رکھتے ہیں تو آپ کے بال سیاہ ہونے ضروری ہیں اور ابرو آپ کے گھنے ہوں گے۔ بُرج حمل سے متعلقہ افراد کی آنکھیں ازرق یا شربتی رنگ کی ہوتی ہیں۔ اور نگاہ بلا کی تیز ہوتی ہے۔

ماہ اپریل کے متولدین یعنی بُرج حمل کے زیر اثر پیدا ہونے والوں کا مزاج نہایت تیز ہوتا ہے۔ ان میں خود اعتمادی کا مادہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوتا ہے۔ تخیل اور کردار کی دنیا میں وہ ہر ایک سے پیش پیش رہتے ہیں۔ وہ عملی بہت کم اور خیالی بہت زیادہ ہوتے ہیں۔

یہ لوگ مقابلہ کے دفعتہ حملہ کے متعلق سوچتے رہتے ہیں اور جب جنگ چھڑ ہی جائے تو لڑائی میں بہادری اور ایمانداری کا ثبوت دیتے ہیں یہ دشمن پر غیر متوقع طور پر حملہ کرتے ہیں اور بالعموم بے رحمانہ سلوک کا مظاہرہ بھی کرتے ہیں۔ ان لوگوں کو زیر کرنا ہو تو ان کے ابتدائی حملوں کا شجاعت سے مقابلہ کر داور اپنی صلاحیتوں کو استعمال میں لاؤ اور انہیں بر وقت بر دئے کار لاؤ۔ جب یہ لوگ پسپا ہو جائیں تو اتنی تیزی سے ان کا تعاقب کرو کہ انہیں مدافعت کا موقع بھی نہ مل سکے۔ اس طرح یہ مکمل طور پر زیر ہو جائیں گے۔

برج حمل کے زیر اثر پیدا ہونے والے انسان باکمال اداکار ہوتے ہیں چنانچہ پاکستان کے صف اوّل کے مزاحیہ اداکار سید آصف شاہ اور دلجیت مرزا دونوں کا بُرج حمل ہے ان پر دو عظیم شخصیتوں کی شکل و صورت اس پر گواہ ہے

اس کے علاوہ برج حمل والے انسان بہترین قسم کے مرصع کار، معمار، اور ان تمام فنون کے ماہرین ہوتے ہیں جن میں بجلی استعمال کی جاتی ہے وہ ماہر سینیاسی اور دیسی اصولوں سے امراض کا علاج کرنے والے معالج بھی ہوتے ہیں وہ سیاح اور سیاحوں کے بدرقہ کے فرائض بھی خوش اسلوبی سے سر انجام دے سکتے ہیں۔ برج حمل والے انسان بہترین بیمہ ایجنٹ بن سکتے ہیں وہ آزاد جرنلزم میں بھی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ دنیا کے کئی مشہور و معروف ناول نویس حضرات بھی اسی برج کے تحت شرف ولادت پا چکے ہیں۔

برج حمل سے متعلقہ افراد اگر کوہستانی مقامات میں رہائش اختیار کریں تو ان کی صحت ماشاء اللہ نہایت خوشگوار رہے گی۔ ویسے ان حضرات کے لئے ٹوہیں لائن۔ چھاؤنی وغیرہ کی سکونت بھی نہایت مبارک ہے۔

بُرج حمل کا مبارک رنگ تو قرمزی ہے لیکن اگر یہ حضرات سرخ جگری یعنی عنابی رنگ بھی پہن لیں تو ان کے لئے نہایت مبارک ہے بلکہ سرخ رنگ کے تمام شیڈ بُرج حمل کے متعلقین کے لئے نیک اور سعد ہیں۔

یہ لوگ اگر اپنے لباس میں کوئی ایسا کپڑا استعمال کریں جس پر کار زردوزی بنا ہوا ہو تو نہایت مبارک ہے۔ جو حضرات کوٹ پتلون کے شائق ہیں وہ اگر سرخ رنگ کی ٹائی پہنا کریں تو نہایت سعد رہے گی۔

بُرج حمل کے متعلق بالعموم گوشت خوری کے دلدادہ ہوتے ہیں وہ کباب بریانی گوسفند جیسے ہماری صوبائی زبان میں تکے کہتے ہیں بڑے شوق سے کھاتے ہیں اور یہ غذا ان کیلئے صحت مند بھی ہے۔ ویسے چقندر اور مسور کی دال بھی ان

کے لئے نہایت مفید و صحت آور ہے۔

برج حمل کے لوگوں کیلئے ہر قسم کی تیز خوشبوئیات نہایت مبارک ہیں تیز قسم کا عطر گلاب ان کے مشامِ عیش کو تازہ رکھنے کے لیے ایک نہایت بہترین شے ہے بلکہ یہ خوشبوان کی منفا طیسی کشش کو دوچند کر دیتی ہے۔

برج حمل کے متعلقین کے لئے مبارک و سعد گھڑیاں یا تو صبح قبل از طلوع شمس کی ہیں یا پھر عصر کے وقت کی۔ ان کے لئے نہایت سعید ہوتی ہیں ان کے لئے مبارک دن منگل کا اور مبارک شب بدھ کی رات ہوتی ہے۔

یہ لوگ انار۔ انجیر۔ نارنگی۔ سیب سرخ۔ سرخ انگور۔ نہایت خوش ہو کر کھاتے ہیں بلکہ یہ ثمر ان کے لئے حیات بخش ثابت ہوتے ہیں۔ ان کے لئے سود مند سبزیاں چقندر۔ ٹماٹر اور بادنجان ہیں۔

برج حمل کے متعلقین کو لاحق ہونے والے امراض فساد خون۔ بچپن عورتوں کے لئے اسقاط۔ اس کے علاوہ یہ لوگ بواسیر خونی۔ امراض درد سر۔ تپ دماغ سرسام۔ مالیخولیا۔ امراض مثانہ و قضیب کے بھی مریض ہوتے ہیں چنانچہ ان امراض کی رعایت سے ان کے لئے نافع ادویات۔ سقمونیا۔ ہلیلہ۔ عناب بیخ بادیان۔ کشتۂ تانبا۔ شقاقل۔ زوفا۔ ثعلب۔ تخم شلجم۔ تخم پیاز۔ شربت گذر۔ لعوق حب القطن۔ معجون فرزدر۔ معجون اسود اور سکنجبین سادہ ہیں۔

ان حضرات کے لئے مبارک نگینہ ہر قسم کا سرخ معدنی پتھر ہے لیکن یاقوت سرخ۔ عقیق سرخ تامڑا وغیرہ نہایت بہتر ہیں ان لوگوں کے لئے مبارک دھات تانبے اور سونے کا مرکب ہے۔

ان کا مبارک عدد نو ہے۔ ویسے تاریخ ولادت کو جمع کرنے سے جو عدد منفرد استخراج ہو وہی ان کا عدد ذاتی اور ان کے مقدرات پر چھانے والا ہندسہ ہوتا ہے۔

۱ ۔ ۱۰ ۔ ۱۹ ۔ ۲۸ ۔ اپریل

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ گورا رنگ۔ ہلکے سنہرے بال۔ خوش وضع۔ ممتاز شخصیت۔ بلند ارادوں والا۔ سخی۔ معتبر۔ نہایت دلیر اور کسی مقصد کے لئے مر مٹنے والا۔

آپ کی مالیت

آپ کی جلد بازی اور قدرت سے بڑھ کر سعی کرنے کے باعث آپ کے مالی معاملات کبھی یکساں نہ رہ سکیں گے۔

آپ کی صحت

صحت کے لحاظ سے آپ بے پناہ قوت مدافعت کے مالک ہیں اس لئے آپ کی شخصیت بلحاظ صحت بھی ایک شاندار انفرادیت ہے۔

آپ کے ستارے

آپ پر شمس و مریخ کے اثرات حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

سنہری۔ زرد۔ سرخ۔ قرمزی اور گلابی رنگ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

پکھراج ۔ الماس ۔ یاقوت اور عقیق سُرخ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۹ ۔ ۱۰ ۔ ۱۸ ۔ ۱۹ ۔ ۲۷ ۔ ۲۸ ۔ ۳۶ ۔ ۳۷ ۔ ۴۵ ۔ ۴۶
۵۴ ۔ ۵۵ ۔ ۶۳ ۔ ۶۴ سال آپ کے لئے نہایت اہم ہیں ۔

۲ ۔ ۱۱ ۔ ۲۰ ۔ ۲۹ ۔ اپریل

آپ کی خصوصیات قد و قامت میانہ ۔ نہایت مضبوط جسم ۔ گورا رنگ غیر مستقل مزاج ۔ پُر آرزو ۔ ذہین و فطین ۔ نہایت پھرتیلا اور بے باک

آپ کی مالیت

اگر آپ ، اپنے اندر ایک ادیب اور فنکار کی صلاحیتیں پیدا کرلیں تو آپ ، دولت میں کھیل سکتے ہیں ۔

آپ کی صحت

آپ صحت کے لحاظ سے فربہ جسم ہیں لیکن آپ اپنی قوت سے بڑھ کر کام کرتے ہیں جس سے آپ کی صحت پر بُرا اثر پڑنے کا امکان ہے ۔

آپ کے ستارے

قمر ۔ نیپ چون اور مریخ کے اثرات آپ کی ذات و صفات پر حاوی ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

سبز ، زرد دھیا ۔ سفید ۔ بھورا ۔ سرخ ۔ قرمزی اور گلابی رنگ ، آپ کے لئے مبارک ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

زبرجد ۔ دیدہ گریہ ۔ سنگ ، یشب یاقوت سرخ ۔ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۲ ۔ ۷ ۔ ۹ ۔ ۱۱ ۔ ۱۶ ۔ ۱۸ ۔ ۲۰ ۔ ۲۵ ۔ ۲۷ ۔ ۲۹ ۔ ۳۴ ۔ ۳۶
۳۸ ۔ ۴۳ ۔ ۴۵ ۔ ۵۲ ۔ ۵۴ ۔ ۶۱ ۔ ۶۳ ۔ ۷۰ ۔ ۷۲ اور ۸۱
سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں ۔

۳ ۔ ۱۲ ۔ ۲۱ ۔ ۳۰ اپریل

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد ۔ کھلتا ہوا گندمی رنگ ۔ دور اندیش ، [illegible] نہایت ہمدرد ۔ دوستی میں ثابت قدم اور جان نثاری دکھانے والا

آپ کی مالیت

مالی لحاظ سے آپ کی زندگی نہایت خوشگوار رہے گی اور آپ دولت [illegible] مالک ہوں گے

آپ کی صحت

آپ فربہ و جسم ہیں ۔ اعضاء کے بدن متناسب و قوی ہیں ۔ کھلی فضا میں

زندگی بسر کرنے کا۔ اپنے آپ کو عادی بنائیں صحت تا آخر برقرار رہے گی صرف چوپایہ قسم کے جانوروں سے محتاط رہیں۔ کسی حادثہ کے رونما ہونے کا خطرہ ہے۔

آپ کے ستارے

آپ پر مشتری زہرہ اور مریخ کے اثرات حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

کاسنی اور اودا رنگ۔ نیلے رنگ کے ہلکے اور گہرے تمام شیڈ اور قرمزی۔ سرخ اور گلابی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۳ ۔ ۶ ۔ ۹ ۔ ۱۲ ۔ ۱۵ ۔ ۱۸ ۔ ۲۱ ۔ ۲۴ ۔ ۲۷ ۔ ۳۰ ۔ ۳۳ ۔ ۳۶ ۔ ۴۲ ۔ ۴۵ ۔ ۴۸ ۔ ۵۴ ۔ ۵۷ ۔ ۶۰ ۔ ۶۶ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۴ ۔ ۱۳ ۔ ۲۲ اپریل

آپ کی خصوصیات

درمیانہ قد۔ دوہرا بدن۔ سانولا رنگ۔ متلون مزاج بارعب۔ گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ۔ ہم چو ما دیگرے نیست کے مصداق اپنا ثانی کسی کو نہ سمجھنے والا۔

آپ کی مالیت

آپ کسی کے ساتھ مل کر کام نہیں کر سکتے۔ ہاں اگر اپنا الگ کوئی کام کریں تو نہایت کامیابی سے دولت کما سکتے ہیں۔

آپ کی صحت

صحت کے معاملہ میں آپ بڑے لاپرواہ ہیں۔ کبھی تو آپ نہایت زور شور سے بڑا بڑا کام کرتے ہی چلے جائیں گے اور کبھی معمولی سے کام کے لیئے بھی جی چرائیں گے۔ اس سے آپ کی صحت کبھی برقرار نہ رہ سکے گی اور طرح طرح کی اعصابی تکالیف لاحق رہیں گی۔

آپ کے ستارے

سکینہ شمس اور مریخ کے اثرات آپ کی ذات وصفات پر حاوی رہیں گے۔

آپ کے مبارک رنگ

سرمئی رنگ کے تمام شیڈ۔ سنہری۔ زرد۔ نارنجی۔ سرخ۔ قرمزی۔ اور گلابی رنگ کے تمام شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

لاجورد۔ مذہب اور الماس اسود آپ کے لئے نہایت مبارک نگینے ثابت ہوں گے۔

آپ کے اہم سال

۴ ۔ ۸ ۔ ۱۳ ۔ ۱۷ ۔ ۲۲ ۔ ۲۶ ۔ ۳۱ ۔ ۳۵ ۔ ۴۰ ۔ ۴۴ ۔ ۴۹

۵۳۔ ۵۸۔ ۶۲۔ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہمیت رکھتے ہیں۔

۵۔ ۱۴۔ ۲۳۔ اپریل

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ سانولا رنگ۔ روشن ضمیر، ذہین و فطین۔ بڑی بڑی خواہشات رکھنے والا۔ نکتہ رس۔ باریک بین اور نہایت چالاک۔

آپ کی مالیت

مالی معاملات میں آپ کو جو کچھ ملے گا وہ آپ کی ذہانت کا عطیہ ہوگا اور ہر معاملہ میں آپ کو مالی مفاد ضرور حاصل ہوتے رہیں گے۔

آپ کی صحت

آپ کا دماغ چونکہ انتھک کام کرنے والا ہے اور آپ اس سے پورا پورا کام لینے والے ہیں لہٰذا دماغی کاوشوں کا نتیجہ آپ کی صحت پر یہ پڑے گا کہ آپ ایک اعصابی مریض ہو کر رہ جائیں گے۔

آپ کے ستارے

دبیر فلک عطارد آپ کا ستارہ ہے۔

آپ کے مبارک رنگ

سرخ۔ قرمزی اور گلابی رنگوں کے ہلکے شیڈ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس اور یاقوت، سرخ اور چمکیلے سفید پتھر آپ کے لئے

نہایت بابرکت ثابت ہو سکتے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۵۔ ۹۔ ۱۴۔ ۱۸۔ ۲۳۔ ۲۷۔ ۳۲۔ ۳۶۔ ۴۱۔ ۴۵۔ ۵۰۔ ۵۴۔ ۵۹۔ ۶۳۔ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۶، ۱۵، ۲۴، اپریل

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد، نازک جسم۔ سرخ و سفید رنگ۔ نہایت پھرتیلا۔ متلون۔ ناعاقبت اندیش۔ جنس مخالف سے بہت جلد متاثر ہو جانے والا۔

آپ کی مالیت

آغاز عمر میں تو آپ کی زندگی مالی اعتبار سے اچھی ہی ہوگی لیکن جوں جوں آپ زندگی میں بڑھتے چلے جائیں گے آپ کی فضول خرچیاں بھی بڑھتی چلی جائیں گی۔ یہاں تک کہ آپ موت سے قبل بالکل مفلس و قلاش ہو چکے ہوں گے۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت اچھی ہے۔ مرض سے بہت جلد صحت پا لیتے ہیں۔ لیکن امراض سر، گلے کی بیماریاں، ناک اور کان کی تکالیف ساری عمر آپ کا پیچھا نہ چھوڑیں گی۔

آپ کے ستارے

زہرہ و مریخ کا آپ پر بڑا اثر ہے۔

آپ کے مبارک رنگ

نیلے۔ قرمزی۔ سرخ۔ گلابی رنگوں کے تمام ہلکے اور گہرے شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

آپ کے لئے الماس۔ پکھراج اور زمرد نہایت مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۶ - ۹ - ۱۵ - ۱۸ - ۲۴ - ۲۷ - ۳۳ - ۳۶ - ۴۲ - ۴۵ - ۵۱ - ۵۴ - ۶۰ - ۶۳ سال آپ، کیلئے نہایت اہم ہیں۔

۷ - ۱۶، ۲۵۔ اپریل

آپ کی خصوصیات ایک حسین وجمیل انسان۔ موزوں قد۔ کھلتا ہوا سانولا رنگ۔ عارف بالذات۔ مستقل مزاج۔ رعب داب والا۔ اور ہر کام کو اپنے زور بازو سے کرنے والا۔

آپ کی مالیات

مالیات کے متعلق آپ کا نظریہ کچھ عجیب سا ہے آپ کے مالی حالات کبھی یکساں نہیں رہیں گے۔

آپ کی صحت

ماحول سے متاثر ہوکر آپ کی صحت کبھی یکساں نہ رہے گی۔ آپ نزلہ۔ زکام کھانسی کے بالعموم مریض رہیں گے۔

آپ کے ستارے

آپ کے چون۔ قمر اور مریخ کے اثرات آپ پر بہت زیادہ حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

فاختئی رنگ۔ سبز رنگ۔ دودھیا رنگ اور سرخ۔ قرمزی اور گلابی رنگوں کے تمام شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

اسکندرط۔ الماس۔ اسود اور درّ اسود آپ کے لئے نہایت مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۲ ۰ ۷ ۰ ۱۱ ۰ ۱۶ ۰ ۲۰ ۰ ۲۵ - ۲۹ ۰ ۳۴ ۰ ۳۸ ۰ ۴۳ ۰ ۴۷ ۰ ۵۲ ۰ ۵۶ ۰ ۶۱ ۰ ۶۵ سال آپ کے لئے اہم ہیں۔

۸ ۰ ۱۷ ۰ ۲۶۔ اپریل

آپ کی خصوصیات قد درمیانہ۔ سانولا رنگ۔ غیرت مند۔ اپنے اوپر اعتماد کرنے والا۔ ماحول پر غلبہ کی خواہش رکھنے والا۔ تیز طبع اور حسب مرضی کام نہ ہونے پر سخت غضبناک ہونے والا۔

آپ کی مالیات

آپ کی تیز طبیعت اور ضدی پن آپ کے لیے منفعت رساں رہے گا اور آپ حسب دل خواہ مالی فوائد حاصل کر سکیں گے۔

آپ کی صحت

غلط قسم کے طبی مشورہ یا غلط قسم کی ادویات سے بچے رہیں ورنہ صحت تباہ و برباد ہو جائے گی۔

آپ کے ستارے

شمس۔ زہرہ اور مریخ کے آپ پر زبردست اثرات حاوی ہیں

آپ کے مبارک رنگ

سنہرے۔ زرد۔ نارنجی رنگوں کے تمام شیڈ۔ لاجوردی رنگ۔ اور قرمزی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس۔ پکھراج۔ لاجورد۔ یاقوت۔ اسود۔ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۴۔ ۸۔ ۱۳۔ ۱۷۔ ۲۲۔ ۲۶۔ ۳۱۔ ۳۵۔ ۴۰۔ ۴۴۔ ۴۴۔ ۴۹
۵۳۔ ۵۸۔ ۶۲ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۲۷۔ ۱۸۰۹۔ اپریل

آپ کی خصوصیات قد چھوٹا۔ مضبوط گٹھیلا جسم۔ کالا رنگ۔ نہایت پھرتیلا۔ عقابی چشم۔ بےگمان دلیر۔ مستقل مزاج اور دوسرے دل پر بالآخر ہی غلبہ حاصل کر لینے والا۔

آپ کی مالیات

آپ صنعتی کاروبار میں ہر پہلو سے دولت کما سکتے ہیں۔ روپے کے معاملہ میں آپ کوئی نہ کوئی ایسا وسیلہ تلاش کرنے میں کامیاب ہو ہی جاتے ہیں جہاں سے آپ کو مالی امداد حاصل ہو سکے۔

آپ کی صحت

آپ ایک بارعب شخصیت کے مالک ہیں اور بے پناہ جسمانی قوت کے مالک ہیں اور بیماری سے بہت جلد صحت پا لیتے ہیں۔

آپ کے ستارے

مریخ و شمس آپ پر سب سے زیادہ اثرات ڈال رہے ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

قرمزی۔ سرخ اور گلابی رنگ کے تمام شیڈ اور سنہری زرد رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

یاقوت سرخ۔ عقیق سرخ۔ گلابی رنگ کا الماس آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۹ ۱۸ ۲۷ ۳۶ ۴۵ ۵۴ ۶۳ ۷۲ اور ۸۱ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

باب ۵

داخلہ شمس در برج ثور

۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی

مئی

حروف ب و

برج ثور ۔ سیارہ زہرہ ۔ مبارک دن جمعہ ، مبارک رنگ گہرا نیلا ۔ مبارک نگینہ پکھراج ۔ مبارک عدد ۸

اگر آپ ماہ مئی کی کسی تاریخ کو متولد ہوئے ہیں تو آپ کا برج ثور اور سیارہ زہرہ ہے۔ زہرہ سعد اصغر ہے اور جمعہ کے دن کا مالک ہے۔ اس کا مزاج خاکی ہے اور طبیعت سرد ہے۔ جس شخص کا برج ثور اور سیارہ زہرہ ہو وہ خوبصورت ہوتا ہے۔ اس کی باتوں میں شیرینی اور لطافت ہوتی ہے۔ اس کا قد میانہ مائل بہ درازی ہوتا ہے وجود اس کا قوی ہوتا ہے۔ پیشانی صاف اور کشادہ ہوتی ہے۔ راگ رنگ اور عورتوں سے اس کو رغبت ہوتی ہے رنگین لباس اور عمدہ غذا کا اس کو بہت شوق ہوتا ہے علی الخصوص شیریں اشیاء سے ذوق کامل ہوتا ہے۔ اس کی آنکھ، رخسار، کمر، بازو یا پیر بالضرور کوئی تل ہوتا

ہے ۔ خاص کر دائیں طرف اور خصوصاً دائیں پاؤں پر ہونا نہایت ضروری ہوتا ہے
طبع کی خواہش زیادہ ہوتی ہے اور اس برج کا آدمی عزت و دولت و ثروت
میں بسر کرتا ہے اپنی اولاد سے آرام پاتا ہے ۔ وہ مذہبی خیالات کا بہت پابند
ہوتا ہے ۔ اپنے بزرگوں کا فرمانبردار ہوتا ہے ۔ مزاج کا نرم اور طبیعت میں
برداشت کی قوت رکھتا ہے ۔ ایسا شخص ہر دلعزیز ہوتا ہے ۔ اپنے عزیزوں
اور دوستوں سے میل جول کا زیادہ شائق ہوتا ہے اور خاص و عام اس کی
عزت اور قدر کرتے ہیں اپنی زندگی میں کسی ہتھیار کا زخم اسے لگتا ہے اور اس
زخم کا نشان آخر عمر تک باقی رہتا ہے ۔ دولت و مال جمع کرنے کا اس کو بہت
شوق رہتا ہے اور ایک حد تک اپنے اس ارادہ میں کامیاب بھی ہو جاتا ہے ۔
برج ثور والا انسان علم و ہنر والا ہوتا ہے ۔ علی الخصوص علم ریاضی (حساب) سے
زیادہ واقف ہوتا ہے ۔ غذا اس کی کم ہوتی ہے لیکن وہ بلانوش اور میخوار
ضرور ہوتا ہے ۔ دل و جسم کا مضبوط اور نڈر ہوتا ہے اپنی بات کا بے حد پختہ
ہوتا ہے اور بعض وقت اپنی ضد پر قائم رہتا ہے چاہے اس ضد میں کوئی نقصان
ہی کیوں نہ ہو جائے ۔ مقدمات میں برج ثور والے انسان کو زیادہ الجھنا پڑتا ہے
وہ اپنی مستعار زندگی میں بیمار کم ہوتا ہے مگر جب کبھی خدانخواستہ بیمار پڑ جاتا
ہے تو مشکل ہی سے صحت یاب ہوتا ہے ۔ وہ ہر کام کو بہت سوچ اور سمجھ کر
غور و فکر سے کرتا ہے مگر دوسروں کی رائے اس کو بہت کم پسند آتی ہے ۔
اور کسی کے کہنے پر بے سوچے سمجھے عمل نہیں کرتا بلکہ اپنی رائے کو صائب
سمجھ کر چلتا ہے ؛

برج ثور والے شخص کو بدھ ، جمعہ اور ہفتہ کا دن ہر کام کاج کے لئے مبارک
ہوتا ہے جمعرات اور پیر کا دن ناقص اور نقصان دہ ہوتا ہے ۔ اس کی
سمت مطابق ہے جس شخص یا افسر کے بالمقابل ہو کر بات کرے گا وہ
شخص مہربان اور خوش ہوگا ۔ اور اس بات کو وزن دار متصور کرے گا پکھراج
اور اس کے علاوہ سبز یا سفید رنگ کا کوئی نگینہ برج ثور والے انسان کے موافق
ہوتا ہے وہ اس قسم کے نگینوں کی تاثیر سے مالا مال ہو سکتا ہے ۔ برج ثور
والوں کے ہاں اولاد بہت کم ہوتی ہے اگر پہلا لڑکا ہو اور وہ زندہ رہے تو
وہ صاحب اقبال اور خوش نصیب ہوتا ہے اور والدین کے واسطے بھی سعد
اور نیک ہوتا ہے ۔ برج ثور کے متعلقین کی شادیاں اکثر دو ہوتی ہیں ۔ پہلی
عورت مر جاتی ہے یا کسی اور وجہ سے مفارقت دائمی ہو جاتی ہے ۔ ان کے
بھائی تو ہوتے ہیں بہن اتفاق سے ہی ہوتی ہے ۔ وہ بلغمی امراض سے اکثر
کسی نہ کسی تکلیف میں گرفتار رہتے ہیں ۔ نزلہ ۔ زکام ۔ کھانسی کا ظہور ان کے
بدن پر اکثر رہتا ہے ۔ اس کے علاوہ پیٹ کی امراض اور آنکھوں کی تکالیف
میں بھی وہ مبتلا رہتے ہیں ۔ ان کے نظام ہاضمہ میں خرابی رہتی ہے جس کے
باعث کئی امراض پیدا ہو جاتے ہیں ۔ برج ثور والے انسان کو کسی جائیداد سے
میراث ملتی ہے یا کوئی دفینہ ہاتھ آتا ہے یا وہ اپنی زندگی میں کسی بڑے معمے
یا ڈربی ریس کا اول انعام پاتا ہے ۔ وہ اپنی مستعار زندگی میں کسی اونچی جگہ پر
سے اترنے میں یا کسی سواری سے گر کر چوٹ کھاتا ہے ۔ ۵ ۔ ۲۹ ۔ ۳۷
۔ ۴۰ سال کی عمر میں اس کو بڑے خطرات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اگر ان خطرات

سے بچ جائے تو پھر اس کی عمر تقریباً اسی برس ہوتی ہے اس کی مالی حالت
تو اچھی ہوتی ہے مگر کفایت شعاری کا جذبہ اس قدر ہوتا ہے کہ بخیلی کی حد
تک پہنچ جاتا ہے۔ اس راس یا برج والے کا بچپن زیادہ راحت اور آرام
اور آسودہ حالی سے بسر نہیں ہوتا مگر عمر کا آخری حصہ نہایت آرام اور
آسودہ حالی سے گذرتا ہے۔ اپنے والدین سے آرام پاتا ہے مگر بیوی سے
تکلیف پہنچتی ہے ان کو چاہیے کہ جب نیا چاند دیکھا کریں تو اس کو دیکھ کر
سبز یا سفید رنگ کی چیز دیکھیں۔ تمام ماہ خوش و خرمی میں بسر ہوتا ہے۔ یہ
لوگ نوکری بھی کرتے ہیں مگر مستقل طور پر نہیں۔ ان کے لئے تجارت نہایت
مفید ہے۔ یہ لوگ تجارت میں ہی دولت کما سکتے ہیں وہ اپنی مستعار زندگی
میں کسی تہمت کا نشانہ بھی بنتے ہیں جس سے ان کے ناموس و عزت میں
فرق آجاتا ہے۔ برج ثور کے متعلقین کے لئے جنوری اور ستمبر کے مہینے
نہایت مبارک ہوتے ہیں اور ہر ماہ کی ۶۔ ۱۵۔ ۲۴ تاریخیں ان کے لئے
نہایت بہتر ہوتی ہیں۔

۱۔ ۱۰۔ ۱۹۔ ۲۸ مئی

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد مائل بہ پستی۔ گٹھیلا بدن۔ سانولا رنگ
نقوش طویل و عریض بلند اور ستواں ناک۔ خود اعتماد۔ دلیر۔ فراخ دل اور ثابت رائے

آپ کی مالیات

مالی معاملات میں آپ خوش قسمت واقع ہوئے ہیں لیکن نہایت فضول

خرچ ہیں اور روپیہ خرچ کرنے کے معاملہ میں آپ اپنی بساط سے متجاوز ہو جانے
ان [illegible]ین کے اندازوں میں آپ بڑے سے بڑا خطرہ مول لینے سے بھی گریز
[illegible] کرتے لیکن بالعموم آپ اس معاملہ میں بھی کامیاب و کامران ہی ہوتے ہیں۔

آپ کی صحت

اس معاملہ میں آپ کو قدرت نے خاصا نوازا ہے لیکن لگاتار محنت اور
[illegible]ابی سے آپ کی صحت خراب ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ خاص طور پر سینے
[illegible] پھیپھڑوں کو ہوا لگنے کا خطرہ ہے جس کا بہترین علاج تازہ ہوا اور دھوپ ہے۔

آپ کے ستارے

آپ پر شمس۔ قمر اور زہرہ کا اثر نہایت نمایاں ہے

آپ کے مبارک رنگ

نارنجی۔ سنہرہ۔ سبز۔ سفید دودھیا۔ نیلا رنگ آپ کے لئے
نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

ہیرا۔ پکھراج۔ زبرجد اور فیروزہ آپ کیلئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۱۔ ۲۔ ۶۔ ۱۰۔ ۱۱۔ ۱۵۔ ۱۹۔ ۲۰۔ ۲۴۔ ۲۸۔ ۲۹۔ ۳۳
۳[illegible]۔ ۳۸۔ ۴۲۔ ۴۶۔ ۴۷۔ ۵۱۔ ۵۵۔ ۵۶۔ ۶۰ سال آپ کی
[illegible]ں میں نہایت مبارک و اہم ہیں۔

۲ . ۱۱ . ۲۰ . ۲۹ . مئی

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد . دہرا بدن . سانولا رنگ . با اخلاق . سخی کی نسبت عادل زیادہ . شریف . باوقار اور ہر دل عزیز .

آپ کی مالیات

آپ کی مالی حالت میں بڑے بڑے انقلابات رونما ہوں گے کبھی تو روپیہ کی خوب ریل پیل ہوگی اور کبھی کوڑی کوڑی کو محتاج ہو جائیں گے . آپ کو تخمین یعنی سٹہ بازی . جوا وغیرہ سے پرہیز کرنا چاہیے .

آپ کی صحت

آپ کو زکام . کھانسی . نزلہ کی شکایت عام رہے گی ویسے انفلوئنزا سے اپنے آپ کو بچائے رکھیں اس موذی مرض سے آپ کی زندگی کو زبردست خطرہ ہے

آپ کے ستارے

قمر . زہرہ اور نیپچون کے اثرات آپ پر اپنی پوری قوت سے حاوی ہیں

آپ کے مبارک رنگ .

سبز . دودھیا سفید . نیلا . فاختئی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں .

آپ کے مبارک نگینے

زبرجد . زمرد . دیدۂ گربہ . در نا سفتہ . فیروزہ اور دوسرے رنگ کے معدنی پتھر آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں .

آپ کے اہم سال

۲ . ۶ . ۷ . ۱۱ . ۱۵ . ۱۶ . ۲۰ . ۲۴ . ۲۵ . ۲۹ . ۳۴ . ۳۸ . ۴۲ . ۴۳ . ۴۷ . ۵۱ . ۵۲ آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں .

۳ . ۱۲ . ۲۱ . ۳۰ . مئی

آپکی خصوصیات درمیانہ قد . دُہرا بدن . سانولا رنگ . نہایت منکسر المزاج کریم الطبع . سخی . عادل مستقل مزاج . پر اعتماد اور باوفا .

آپکی مالیات

آپ کو حصول مال و دولت کے بڑے بڑے مواقع ملیں گے . آپ کو تخمین اور بڑی بڑی اسکیموں پر عمل پیرا ہونے میں محتاط رہنا چاہیے . نقصانات عظیم کا اندیشہ ہے .

آپ کی صحت

آپ جوں جوں زندگی میں بڑھتے چلے جائیں گے آپ کی صحت بہتر ہوتی چلی جائے گی .

آپ کے ستارے

آپ پر سیارگان زہرہ و مشتری کے اثرات نہایت اہم طور سے حاوی ہیں .

آپ کے مبارک رنگ

آپ کے لیے کاسنی . جامنی . اور نیلے رنگ کے

تمام شیڈ نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

لاجورد زبرجد، مہب۔ گاؤ میدک اور فیروزہ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۳ ۔ ۶ ۔ ۱۲ ۔ ۱۵ ۔ ۲۱ ۔ ۲۴ ۔ ۳۰ ۔ ۳۳ ۔ ۳۹ ۔ ۴۲ ۔ ۴۸ ۔ ۵۱ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۴ ۔ ۱۳ ۔ ۲۲ ۔ ۳۱ مئی

آپ کی خصوصیات پستہ قد۔ فربہ اندام۔ سانولا رنگ۔ آپ میں قوت حیوانیت غضب کی ہے۔ آپ کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ آپ ضدی متکبر ہوتے ہوئے بھی ایک نمایاں شخصیت کے مالک ہیں۔

آپ کی مالیات

آپ کی مالی حالت تمام عمر کچھ عجیب سی رہے گی۔ لگے بندھے رزق کی نسبت ہوائی رزق پر آپ کا گزارہ زیادہ رہے گا۔

آپ کی صحت

آپ کی جسمانی حالت اچھی ہے، مرض آپ پر اچانک ہی وارد ہوتا ہے ایسا مرض کہ اس کی تشخیص مشکل سے ہی ہو سکتی ہے۔ آپ کو بالعموم اعصابی دردوں اور پیٹ کی تکالیف رہتی ہیں۔

آپ کے ستارے

شمس، سکینہ اور زہرہ کے اثرات آپ پر زیادہ حاوی ہیں

آپ کے مبارک رنگ

زرد، نارنجی، سنہری، سرمئی، ہلکے نیلے شیڈ آپ کے مبارک رنگ ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

پکھراج، ہیرا، نیلم اور مشہور روسی پتھر لاپس لزولی آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۴ ۔ ۶ ۔ ۱۳ ۔ ۱۵ ۔ ۲۲ ۔ ۲۴ ۔ ۳۱ ۔ ۳۳ ۔ ۴۰ ۔ ۴۲ ۔ ۵۱ ۔ ۵۸ ۔ ۶۰ آپ کی زندگی کے اہم سال ہیں۔

۵ ۔ ۱۴ ۔ ۲۳ ۔ مئی

آپ کی خصوصیات پست قد۔ فربہ اندام۔ سانولا رنگ۔ مضبوط الوجود عاشق مزاج طبیعت۔ جنس مخالف سے بسہل متاثر ہونے والے۔

آپ کی مالیات

مالی معاملات میں آپ اپنے متعلقین اور خود اپنے لئے ایک معمہ ہیں آپ کے روپیہ لگانے کے ڈھنگ بالکل نرالے ہیں تحسین کیجئے۔ جائیداد بنایئے آپ کبھی مالی مشکلات میں مبتلا نہ ہوں گے۔

آپ کی صحت

آپ اعصابی امراض کے مریض ہیں۔ آپ پر آلات سرجری کا استعمال بھی ہونا ضروری ہے۔ سر، چہرہ، خاص کر دانت، جبڑے اور کھوپڑی کی دوسری ہڈیاں حوادث سے بالعموم متاثر رہیں گی۔ اعضائے تناسل سے متعلق تکالیف بھی آپ کو جلد لاحق ہو سکتی ہیں لہٰذا محتاط رہیں۔

آپ کے ستارے

عطارد، زہرہ اور قمر سے آپ نمایاں طور پر متاثر ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

تمام چمکیلے رنگ۔ نیلے رنگ کے تمام شیڈ، سبز اور دودھیا سفید آپ کے مبارک رنگ ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

ہیرا۔ فیروزہ۔ زمرد۔ زبرجد۔ اور دوسرے چمکیلے نیلگوں معدنی پتھر آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۵۔ ۶۔ ۱۴۔ ۱۵۔ ۲۳۔ ۲۴۔ ۳۲۔ ۳۳۔ ۴۱۔ ۴۲۔ ۵۰۔ ۵۱۔ ۵۹۔ ۶۰ آپ کی زندگی کے نہایت اہم سال ہیں۔

۶۔ ۱۵۔ ۲۴ مئی

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ مضبوط جسم، حسین و جمیل۔ گورا رنگ

...پیاری عادات والا۔ عیش و عشرت کا دلدادہ۔ رقص و سرود کا شائق ...ملنسار صاحب ضرورت رہنے والا۔

آپ کی مالیات

...دولت کی دیوی آپ پر نہایت مہربان رہے۔ آپ کو زندگی میں بڑے ...مواقع حاصل ہوں گے جو آپ کی مالی حالت میں انقلاب پیدا کر سکیں گے ...ہوٹل اور بیکری کا کام آپ کے لئے نہایت منفعت بخش ہے۔

آپ کی صحت

...انی تک آپ کی صحت ماشاءاللہ نہایت خوب رہے گی۔ اس کے ...تعیشات میں پڑ کر اپنی صحت کو اپنے ہاتھوں تباہ کر لیں گے۔

آپ کے ستارے

...زہرہ اور مشتری کے اثرات آپ پر زیادہ حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

سبز، نیلا اور سرخ آپ کے مبارک رنگ ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

...گوہر۔ زبرجد۔ سنگ یشب۔ زمرد اور لاجورد نہایت آپ ...کے نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۱۔ ۶۔ ۱۵۔ ۲۰۔ ۲۴۔ ۲۹۔ ۳۳۔ ۳۸۔ ۴۲۔ ۵۱۔ ۵۶۔ ۶۰۔ ۶۵۔ ۶۹ آپ کے اہم سال ہیں۔

۷ ۔ ۱۶ ۔ ۲۵ ۔ مئی

آپکی خصوصیات پست قد ۔ عریض نقوش ۔ گٹھیلا بدن ۔ زرد سانولا رنگ ۔ نہایت منہ پھٹ ۔ نافرمانبردار ۔ بے قابو اور خبطی

آپ کی مالیات

آپ اپنی تقدیر کی نسبت اپنی قابلیت سے زیادہ دولت کما سکتے ہیں۔ زندگی کے آغاز میں آپ چند مواقع ضائع کریں گے لیکن جوانی اور اس کے بعد اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے خوب دولت کمائیں گے

آپ کی صحت

آپ فربہ اندام نہیں ہو سکتے ۔ ایک کام لگاتار کرتے ہوئے جلد تھک جاتے ہیں ۔ آپ کی انتڑیاں کمزور ہیں۔ لہٰذا آپ کو کھانے پینے کے معاملے میں محتاط رہنا چاہیئے ۔

آپ کے ستارے

نیپچون ۔ قمر اور زہرہ کے اثرات آپ پر زیادہ حاوی ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

فاختئی رنگ ۔ سبز ۔ دودھیا سفید ۔ اور نیلے رنگ کے گہرے اور ہلکے تمام شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں ۔

آپکے مبارک نگینے

زمرد ۔ در نا سفتہ اور فیروزہ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۲ ۔ ۶ ۔ ۷ ۔ ۱۱ ۔ ۱۵ ۔ ۱۶ ۔ ۲۰ ۔ ۲۴ ۔ ۲۵ ۔ ۲۹ ۔ ۳۴ ۔ ۳۸ ۔ ۴۲ ۔ ۴۳ ۔ ۴۷ ۔ ۵۱ ۔ ۵۶ ۔ ۶۱ آپ کی زندگی کے اہم سال ہیں ۔

۸ ۔ ۱۷ ۔ ۲۶ ۔ مئی

آپ کی خصوصیات نہایت بھدا جسم ۔ سیاہ رنگ ۔ نہایت منتقم مزاج ۔ فریب کار ۔ غیر معتبر اور فراموش کاری میں نہایت طاق ۔

آپ کی مالیات

کفایت شعاری ہی آپ کی مالی حالت کو بہتر بنا سکتی ہے ۔

آپ کی صحت

آپ کا جسم گو بھدا ہے لیکن صحت آپ کی اچھی ہی ہے جسم میں گلٹیاں پیدا ہونے کا احتمال ہے مرض سرطان سے خود کو بچائے رکھیں ۔

آپ کے ستارے

شمس زہرہ اور زحل آپ کے ستارے ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

نارنجی ۔ زرد اور سنہری ۔ سبز اور نیلا رنگ آپ کے لئے مبارک ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس اسود ۔ پکھراج ۔ زبرجد اور فیروزہ آپ کیلئے نہایت مبارک ہے ۔

آپ کا اہم سال، ۴ ۔ ۸ ۔ ۱۷ ۔ ۲۶ ۔ ۲۸ ۔ ۳۹ ۔ [illegible]

۹ . ۱۸ . ۲۷ . مئی

آپ کی خصوصیات درمیانہ مائل بہ فرازی قد. مضبوط جسم. گول چوڑا حلیہ بہرہ. سرخی مائل رنگ. فنون لطیفہ کا گرمجوش دلدادہ. انتظامیہ قابلیت کا مالک لیکن نہایت غیر معتبر.

آپ کی مالیات

کاروبار میں آپ خوب روپیہ کما سکتے ہیں. صنعت و حرفت میں مالدار بن سکتے ہیں لیکن تنازعات سے بچئے. مقدمات میں آپ کی دولت کے تباہ و برباد ہونے کا اندیشہ ہے.

آپ کی صحت

زندگی میں آپ جوں جوں بڑھتے چلے جائیں گے آپ کی صحت بہتر ہوتی چلی جائے گی. البتہ آپ کسی اپریشن کا تختۂ مشق کبھی نہ کبھی ضرور ہوں گے

آپ کے ستارے

مریخ. زہرہ اور قمر کا اثر آپ پر بہت زیادہ حادی ہے.

آپ کے مبارک رنگ سُرخ گلابی نیلا سبز رنگ آپ کیلئے مبارک ہیں.

آپکے مبارک نگینے یاقوت سرخ. زمرد. فیروزہ. زبرجد اور ہیرا آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں.

آپ کے اہم سال ۶ . ۹ . ۱۵ . ۱۸ . ۲۴ . ۲۷ . ۳۳ . ۳۶ . ۴۲ . ۴۵ . ۵۱ . ۵۴ . ۶۰ . ۶۳ . آپ کی زندگی کے اہم سال ہیں :

بابؔ ۶

داخلہ شمس در برج جوزا

۲۲ مئی تا ۲۱ جون

حروف:- ق ک

جون

بُرج جوزا . سیّارہ عطارد . مبارک دن جمعہ

مبارک رنگ زرد . مبارک نگینہ فیروزہ . مبارک عدد ۸

اگر آپ کی ولادت ماہ جون میں ہوئی ہے تو آپ کا بُرج جوزا یعنی راس متعلق ہے اس لحاظ سے آپ سیارہ عطارد کے زیر اثر پیدا ہوئے ہیں. آپ کا مزاج بادی گرم. رنگ سفید زردی مائل. طبع تلخ و شور ہے بُرج جوزا یا متعلق راس سے سمت مغرب وابستہ ہے. لہٰذا متعلق راس والوں کو چاہیے کہ کسی سے اپنی بات منوانے کے لئے اس کے دائیں طرف ہوکر بات کریں وہ یقیناً مان جائے گا. اور معمولی بات کو وزن دار گمان کرے گا. بُرج جوزا. بُرج میزان قوس اور دلو کا دوست اور بُرج ثور و حُوت کا مخالف ہے. لہٰذا جن اصحاب کی راس متعلق ہوتی ہے ان کے لئے بدھ. جمعہ اتوار کا دن نہایت مفید ہوتا ہے

جو کام وہ اس ایام میں کریں گے اکثر کا نتیجہ حسب منشا نہایت مفید پائیں گے اور ہفتہ
اور پیر کا روز بنیادی کاموں کے لئے نہایت ناقص ہوتا ہے۔ باقی ایام جمعرات
اور منگل مساوی ہیں متھن راس والے نیا چاند دیکھ کر کوئی سبز رنگ کی شے دیکھیں
خواہ وہ کوئی کپڑا یا گھاس ہی کیوں نہ ہو تو سارا مہینہ ان کے لئے مبارک
اور خیر و سلامتی کا گذرے گا۔ اس راس والے کو زرد رنگ کا نگینہ پہننا سعد
اور مفید ہوتا ہے۔ اس راس کا آدمی جس کسی کی داہنی طرف کھڑا ہو کر بات
کرے گا تو وہ آدمی مہربان ہوگا اور بات غور و خوض کے ساتھ سنے گا۔ اور
حتی المقدور کام کو پورا کرنے کی سعی بلیغ فرماتے گا۔

متھن راس والوں کا قد درمیانہ ہوتا ہے مگر جسم قوی اور مضبوط ہوتا ہے
رنگ خوبصورت اور دیدہ زیب ہوتا ہے۔ ہنس مکھ ہونے کے علاوہ شیریں
کلام بھی ہوتا ہے۔ دنیاوی کاموں میں نہایت عقلمند اور ہوشیار ہوتا ہے۔
اکثر بگڑے ہوتے کاموں کو اپنی خداداد عقل سے درست کر لیتا ہے۔
دستکاری سے خاص انس ہوتا ہے وہ اپنی زندگی میں کسی ہنر میں کامیابی
اور ترقی حاصل کرتا ہے۔ بڑا کم گو ہوتا ہے اور زیادہ گوئی سے کوسوں دور
بھاگتا ہے۔ تجارت سے بھی بہت فائدہ حاصل کرتا ہے۔ اپنے ہمعصر
تاجروں میں ایک مقام حاصل کرتا ہے مگر دینی اور مذہبی کاموں میں بدرجہ اوسط
کام کرتا ہے۔ اس راس والے کی اکثر دو شادیاں ہوتی ہیں اولاد میں لڑکیوں
کی تعداد زیادہ ہوتی ہے اچھی خوراک اور پوشاک کا بیحد شائق ہوتا ہے۔
متھن راس والے کے بازو یا گردن پر کوئی نشان ضرور ہوتا ہے۔ اس راس

والے کے لب باریک ہوتے ہیں۔ مگر دشمن زیادہ ہوتے ہیں لوگ خواہ مخواہ
اس سے حسد کرتے رہتے ہیں پر اپنے قول و قرار پر ثابت قدم رہتا ہے۔
گو اس کا تعلق مذہب سے گہرا نہیں ہوتا مگر جس قدر بھی وہ مذہبی ہوتا ہے
بالکل نیک نیتی اور سچائی کے ساتھ ہوتا ہے اور اس کا اعتقاد نہایت مستحکم
اور مضبوط ہوتا ہے اس راس والے کا خاندان وسیع و عریض ہوتا ہے اور
باوجود اس کے کہ دشمن زیادہ ہوتے ہیں مگر پھر بھی کوئی خاص قابل ذکر نقصان
نہیں پہنچا سکتے۔ کیونکہ اس کے خاندان کا حلقہ احباب بھی نہایت وسیع ہوتا ہے
امراض معدہ میں متھن راس والے اکثر مبتلا رہتا ہے۔ اس کی بینائی بھی قبل از
وقت کمزور ہو جاتی ہے۔ جوانی کی بداعتدالیوں کے باعث اس کی قوت مردمی
معدوم ہو جاتی ہے۔ خود بھی بڑھاپا آنے سے پہلے بوڑھا ہو جاتا ہے۔ اس
راس والے کو اپنی زندگی میں کوئی دولت ملتی ہے یا کوئی دفینہ ہاتھ آتا ہے یا
گھوڑ ڈربی یا معمہ پر کرنے سے دولت ملتی ہے۔ سفر کرنے کا زیادہ شوق
ہوتا ہے یا زندگی میں زیادہ سفر کرتا ہے۔ دنیاوی جھگڑے اور مقدمات میں
کم الجھا رہتا ہے۔ اپنے والدین سے اسے فائدہ یا راحت کم ملتی ہے۔ عورتوں
کی طرف سے اکثر مصائب اور پریشانیوں میں مبتلا رہتا ہے۔ کچھ آبائی جائداد
وراثت اس کو ملتی ہے۔ سواری سے اسے خطرہ ہے۔ اپنی مستعار زندگی میں
کئی مرتبہ سواری سے نقصان اور صدمہ پاتا ہے۔ اس کی عمر میں کئی حادثے
پیش آتے ہیں اور تین سال کی عمر سے لیکر ۴۴ سال کی عمر بیماری سے اس کی
زندگی خطرہ میں ہوتی ہے اگر ان خطرات سے گزر جائے تو پھر اس کو کوئی خطرہ

نہیں رہتا۔ یعنی منفض راس والا جب اپنی زندگی کے ۴۰ سال ختم کر چکے تو پھر اس کی زندگی لمبی ہوتی ہے یعنی ۸۰ سال تک اس کی عمر ہوتی بلکہ ۱۰۰ سال تک بھی ہوتی ہے۔ جب ۵۰ سال کی ہو تو پھر اس کا ستارہ خود بخود بلندی کا عروج پکڑتا ہے۔ اس کے پاس دولت بھی ہوتی ہے اور صحت بھی۔ اس کی زندگی بہت صاف اور پاکیزہ اور پُرسکون ہوتی ہے مگر زنانہ مردمی کی کمزوری آخر حد تک باقی رہتی ہے۔

۱۰۰۱۰ ۱۹ ۲۸ جون

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ اعضائے بدن متناسب۔ سانولا رنگ نہایت ملنسار۔ علم و حکمت کا دلدادہ۔ ابنائے جنس کا خادم۔

آپ کی مالیات

آپ اپنی ذہنی صلاحیتوں سے جتنی چاہیں دولت پیدا کر سکتے ہیں۔ آپ سٹاک اور شیئر کے کاروبار میں خوب نفع کما سکتے ہیں اور صنعت و حرفت میں ترقی کر سکتے ہیں۔

آپ کی صحت

آپ اکہرے بدن کے ہیں لیکن بے پناہ اعصابی قوت رکھتے ہیں لیکن بعض اوقات کثرت کار کے باعث جس طرح کوئی بیٹری فیل ہو جاتی ہے۔ آپ کی صحت جواب دے جاتی ہے۔ آپ کا بہترین علاج آرام اور نیند ہے۔

آپ کے ستارے

شمس، سکینہ اور عطارد کے اثرات آپ کی ذات پر حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

سنہری۔ زرد اور نارنجی رنگ۔ سلیٹی رنگ کے تمام شیڈ اور ہلکے [illegible] رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

[illegible] پکھراج۔ اور چمکدار قسم کے تمام پتھر آپ کے لئے نہایت [illegible] ہیں۔

آپ کے اہم سال

آپ کی زندگی کے ۱، ۴، ۵، ۱۰، ۱۳، ۱۴، ۱۹، ۲۲، ۲۳، [illegible]، ۳۱، ۳۲، ۳۷، ۴۰، ۴۱، ۴۶، ۵۰، ۵۵، ۵۸، ۵۹، ۶۴، ۶۸ اور ۷۳ سال آپ کے لئے نہایت اہم ہیں۔

۲۰۱۱۰۲ ۲۹ جون

آپ کی خصوصیات قد لمبا۔ متناسب اعضاء۔ کالا رنگ۔ ذکی الحس۔ [illegible] زبردست غیر معمولی صفات کا مالک۔

آپ کی مالیات

مالی معاملات میں آپ زیادہ دور اندیش نہیں ہیں۔ استعمال زر کے سلسلے [illegible] نا قابل ہیں آپ اہل ہنر زیادہ ہیں اور کاروباری بہت کم ہیں لہٰذا آپ کی

مالی حالت آپ کی دماغی قابلیت کے تناسب سے کوئی زیادہ اچھی نہیں رہے گی ۔

آپ کی صحت

موٹا تازہ ہونا آپ کے لئے ایک امر مشکل ہے بلکہ آپکے معدہ میں قوت ہاضمہ بہت کم ہے لہٰذا آپ کو کھانے پینے کے معاملہ میں خاص احتیاط برتنی چاہیئے ۔

آپ کے ستارے

قمر۔ نپچون اور عطارد کے اثرات آپ کی ذات پر زیادہ حاوی ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

سبز۔ دودھیا سفید۔ فاختی اور دوسرے چمکدار قسم کے رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

زبرجد سنگ قمر۔ دیدہ گربہ۔ درنا سفتہ۔ پکھراج۔ ہیرا۔ آپ کے مبارک نگینے ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۲ ۔ ۴ ۔ ۵ ۔ ۱۱ ۔ ۱۳ ۔ ۱۴ ۔ ۲۰ ۔ ۲۲ ۔ ۲۳ ۔ ۲۹ ۔ ۳۱
۳۲ ۔ ۳۸ ۔ ۴۰ ۔ ۴۱ ۔ ۵۶ ۔ ۵۸ ۔ ۵۹ ۔ ۶۵ ۔ ۶۷ ۔ ۶۸
آپ کی زندگی کے اہم سال ہیں ۔

۳ ۔ ۱۲ ۔ ۲۱ ۔ ۳۰ جون

آپ کی خصوصیات قد لمبا۔ مضبوط جسم۔ گورا چمپئی رنگ۔ من موہنی صورت۔ علم و حکمت کا دلدادہ۔ زبانیں سیکھنے کا شائق۔ سخی اور با اخلاق ۔

آپ کی مالیات

روپیہ کمانے۔ دولت اکٹھی کرنے اور مرتبہ بلند حاصل کرنے کے لئے آپ عظیم صلاحیتوں کے مالک ہیں لیکن سب کچھ آسانی سے حاصل کر لینے کے بعد بھی آپ کی طلب کی تشنگی ختم نہ ہو گی ۔

آپ کی صحت

کثرت کار کے باعث آپ کی زندگی میں کبھی کبھی اعصابی امراض کا دور دورہ رہے گا۔ آپ بہت جلد بیماری سے متاثر ہو جاتے ہیں لیکن اتنی جلدی ہی صحت مند بھی ہو جاتے ہیں۔ دردسر۔ درد اعصاب اور بے خوابی کے امراض لاحق ہونے کا خدشہ بالعموم رہے گا ۔

آپ کے مبارک رنگ

نافرمانی۔ کاسنی۔ جامنی اور دیگر تمام چمکدار قسم کے رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

اسکندرائٹ۔ الماس اور گارڈمیڈ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۳ ۔ ۵ ۔ ۱۲ ۔ ۱۴ ۔ ۲۱ ۔ ۲۳ ۔ ۳۰ ۔ ۳۲ ۔ ۳۹ ۔ ۴۱ ۔ ۴۸ ۔ ۵۰ ۔ ۵۷ ۔ ۵۹ ۔ ۶۶ ۔ ۶۸ آپ کی زندگی میں مبارک سال ہیں۔ ان سالوں میں آپ کی زندگی کے اندر اہم ترین انقلابات رونما ہوں گے۔

۴ ۔ ۱۳ ۔ ۲۲ جُون

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ دوہرا بدن۔ گورا رنگ۔ موزوں طبیعت۔ ذکی الفہم۔ زیرک۔ بلا کا ذہین و فطین اور روشن ضمیر۔

آپ کی مالیت

آپ کی مالی حالت ہمیشہ یکساں نہ رہے گی۔ آپ کو گاہے گاہے عظیم الشان مالی منفعت کے چانس ملتے رہیں گے لیکن روپیہ آپ کے پاس جمع نہیں ہو سکتا۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت کی حالت بھی کچھ عجیب و غریب ہی رہے گی۔ آپ کے جسم پر موٹاپا شاذ و نادر ہی آسکتا ہے۔ آپ کو ہمیشہ غیر معمولی قسم کی تکالیف لاحق رہیں گی۔ آپ ڈاکٹر بدلنے میں بھی نہایت جلدباز واقع ہوئے ہیں۔

آپ کے ستارے

آپ پر سکینہ و عطارد کے اثرات بہت زیادہ حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

سبز اور ہر قسم کا چمکدار رنگ آپ کے لئے مبارک ہے

آپ کے مبارک نگینے

الماس اور دوسرے تمام سفید اور چمکدار پتھر آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۴ ۔ ۵ ۔ ۱۳ ۔ ۱۴ ۔ ۲۲ ۔ ۲۳ ۔ ۳۱ ۔ ۳۲ ۔ ۴۰ ۔ ۴۱ ۔ ۴۹ ۔ ۵۰ ۔ ۵۸ ۔ ۵۹ ۔ ۶۷ ۔ ۶۸ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۵ ۔ ۱۴ ۔ ۲۳ جون

آپ کی خصوصیات طویل قد۔ دوہرا بدن۔ چست و چالاک نہایت ذہین و فطین۔ مہذب۔ کمال زیرک۔ علم و حکمت۔ ادب و فن میں یکتائے روزگار نہایت سلجھے ہوئے اخلاق کا مالک۔

آپ کی مالیات

مالی معاملات میں آپ کا ذہین و فطین دماغ خوب کام کرے گا اور آپ کو بیش بہا سنہرے مواقع حاصل ہوں گے لیکن اس کے باوجود آپ کی زندگی میں مالیات عجیب و غریب انقلابات اختیار کرتی رہیں گی کبھی تو آپ بڑے امیر و کبیر ہو جائیں گے اور کبھی مفلس و بے نوا۔ لہٰذا آپ کو اپنی مالی حالت کو مستقل بنانے کی سعی فرمانی چاہیے

آپ کی صحت

صحت کے معاملہ میں آپ اپنے بدترین دشمن ہیں۔ آپ کی جسمانی حالت نہایت اچھی ہے لیکن کثرت کار اور نقل و حرکت کی زیادتی سے آپ کی صحت تباہ و برباد ہونے کا خدشہ ہے۔

آپ کے ستارے

آپ پر سیارہ عطارد کے اثرات خوب حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

ہر قسم کا ہلکا شیڈ اور چمکدار رنگ آپ کے لئے مبارک ہے۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس۔ پکھراج۔ اور دوسرے سفید چمکدار پتھر آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۵۔ ۱۴۔ ۲۳۔ ۳۲۔ ۴۱۔ ۵۰۔ ۵۹۔ ۶۸ اور ۷۷ آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۶۔ ۱۵۔ ۲۴ جون

آپ کی خصوصیات

درمیانہ قد۔ دبلا پتلا مگر مضبوط جسم گورا رنگ نہایت شریف الطبع۔ مہربان۔ ہمدرد۔ منصف مزاج اور موسیقی کا دلدادہ۔

آپ کی مالیات

آپ کو دولت ورثہ میں ہاتھ آئے گی یا پھر آپ تخمین کے ذریعہ دولت کثیر حاصل کریں گے۔

آپ کی صحت

آپ کا جسم گو مضبوط ہے لیکن تھکاوٹ کے باعث آپ پر مرض کا حملہ بہت جلد ہو جائے گا۔ آپ کو تپ محرقہ۔ نمونیہ اور دمہ وغیرہ امراض لاحق ہونے کا اندیشہ ہے۔

آپ کے ستارے

آپ پر سیارگان زہرہ و عطارد کے اثرات بہت زیادہ حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

تمام ہلکے رنگ (خواتین کے لئے تمام چمکدار رنگ) اور نیلے رنگ کے تمام ہلکے اور گہرے شیڈ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس۔ درنا سفتہ۔ زمرد۔ فیروزہ۔ نیلم۔ لاجورد۔ پکھراج اور دوسرے تمام چمکدار پتھر آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۵۔ ۲۔ ۱۴۔ ۱۵۔ ۲۳۔ ۲۴۔ ۳۲۔ ۳۳۔ ۴۱۔ ۴۲۔ ۵۰۔ ۵۱۔ ۵۹۔ ۶۰ آپ کے لئے نہایت اہم ہیں۔

۷ ۔ ۱۶ ۔ ۲۵ ۔ جون

آپ کی خصوصیات مضبوط جسم ۔ طویل القامت ۔ گورا رنگ ذکی الحس ۔ نہایت ذہین و فطین اور بکمال چست و چالاک ۔

آپ کی مالیات

مالی حالات آپ کے کچھ عجیب و غریب ہی رہیں گے ۔ آپ کو وراثت میں دولت ضرور ہاتھ آئے گی لیکن اس دولت کے مکر و فریب تباہ ہو جانے کا اندیشہ ہے ۔

آپ کی صحت

آپ کو چند عجیب و غریب قسم کے ذہنی خدشات لاحق رہیں گے جن کے باعث آپ کی صحت پر نہایت بُرا اثر پڑے گا ۔ پیٹ اور نظام ہاضمہ تفکرات اور ناخوشگوار ماحول کے زیر اثر بالعموم خراب رہے گا ۔

آپ کے ستارے

قمر ۔ علاوہ اور نیپچون کے اثرات آپ پر بہت زیادہ حاوی ہیں

آپ کے مبارک رنگ

سبز ۔ ہلکا سفید ۔ اور تمام چمکدار رنگ اور فاختئی رنگ کے تمام شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں

آپ کے مبارک نگینے

زبرجد درنا صفنہ سنگ قمر ۔ اور الماس آپ کے لئے نہایت

مبارک اثرات پیدا کر سکتے ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۳ ۔ ۷ ۔ ۱۱ ۔ ۱۷ ۔ ۲۰ ۔ ۲۵ ۔ ۲۹ ۔ ۳۲ ۔ ۳۴ ۔ ۴۳ ۔ ۴۷ ۔ ۵۲ ۔ ۵۶ ۔ ۶۱ ۔ ۶۵ اور ۷۰ سال آپ کے لئے نہایت اہم ہیں ۔

۸ ۔ ۱۷ ۔ ۲۶ جون

آپ کی خصوصیات قد درمیانہ ۔ پتلا دبلا جسم ۔ سیاہ رنگ ۔ تغیر پذیر صورت ۔ نہایت ذہین و فطین سازشی ۔ اور نہایت گہرا ۔

آپ کی مالیات

مالی معاملات میں آپ نہایت محتاط واقع ہوئے ہیں اور کاروباری معاملہ میں نہایت خاموشی اور سنجیدگی سے کام کرتے ہیں اور اپنی مالیات کو آہستہ آہستہ تعمیر کرتے چلے جاتے ہیں ۔

آپ کی صحت

اعصابی تکالیف آپ کی صحت کو خراب کر سکتی ہیں لہٰذا ذہنی کشمکش اور کثرت کار سے اپنے آپ کو بچائے رکھیں ۔

آپ کے ستارے

زحل و عطارد کے اثرات آپ پر حاوی ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

چمکدار گہرا نیلا اور سیاہ رنگ آپ کے لئے مبارک ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

اسود ۔ الماس اسود اور سیاہ پکھراج آپ کے لیے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۴ ۔ ۸ ۔ ۱۳ ۔ ۱۷ ۔ ۲۲ ۔ ۲۶ ۔ ۳۱ ۔ ۳۵ ۔ ۴۰ ۔ ۴۴ ۔ ۵۸ : ۶۲ آپ کے لیے نہایت اہم سال ہیں ۔

۹ ۔ ۱۸ ۔ ۲۷ ۔ جون

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد ۔ مضبوط ورزشی جسم ۔ سانولا یا سرخی مائل رنگ متلون مزاج ۔ ذہین و فطین ۔ ذکی الفہم ۔ اور بکمال حسپت و چالاک

آپ کی مالیات

آپ چونکہ بے سوچے سمجھے اپنی ذہانت پر اعتماد کرتے ہوئے طرح طرح کی سکیمیں اختیار کر لیتے ہیں ۔ لہٰذا اکثر اوقات اپنے مالی معاملات بگاڑ لیتے ہیں ۔

آپ کی صحت

مرض کا شکار ہونے سے زیادہ آپ حوادث کا شکار ہوں گے کولہے ۔ بازو ۔ کندھے اور ہاتھ پر زخم لگنے کا زیادہ اندیشہ ہے محتاط رہیں ۔

آپ کے ستارے

آپ پر سیارگان مریخ و مشتری و عطارد کے اثرات بہت زیادتی سے حاوی ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

سرخ ۔ قرمزی اور گلابی رنگ اور تمام چمکدار اور ہلکے رنگ آپ کے لیے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

یاقوت سرخ ۔ تامڑا اور دوسرے سرخ رنگ کے چمکدار پتھر آپ کی تقدیر میں خوشگوار انقلاب لا سکتے ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۵ ۔ ۹ ۔ ۱۴ ۔ ۱۸ ۔ ۲۳ ۔ ۲۷ ۔ ۳۲ ۔ ۳۶ ۔ ۴۱ ۔ ۴۵ ۔ ۵۰ ۔ ۵۴ ۔ ۵۹ ۔ ۶۳ ۔ ۶۸ ۔ ۷۲ ۔ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں ۔

باب ۷

داخلہ شمس در برج سرطان

۲۲ جون تا ۲۳ جولائی

حروف ہ ح

جولائی

برج سرطان، سیارہ قمر، مبارک دن پیر
مبارک رنگ نافرمانی مبارک نگینہ در ناسفتہ مبارک عدد ۲

آپ کی تاریخ ولادت اگر ماہ جولائی کی کوئی تاریخ ہے تو آپ کا برج سرطان یعنی راس کرک ہے سیارہ آپ کا اس لحاظ سے قمر نیر اصغر ہے۔ آپ کا مزاج سرد تر۔ رنگت بالکل سفید اور طبع شیریں ہے۔

ان اصحاب کو اپنے ضروری کام اتوار۔ منگل۔ جمعرات اور سوموار کو کرنے چاہیں۔ ہفتہ بھر میں یہ ایام ان کے لئے سعد ہوتے ہیں مہینوں میں صرف ماگھ کا مہینہ اچھا نہیں ہوتا جس شخص کی راس کرک ہوتی ہے وہ جس کے مقابل ہو کر بات کرے گا وہ اس کی بات میں وزن اور اثر محسوس کرے گا۔ اور ہزار جان سے اس پر مہربان ہو جائے گا۔ اور دوست بن کر پیش آئے گا چاہیے۔

وہ اس کا افسر اعلیٰ ہی کیوں نہ ہو۔ اس راس والے جب نیا چاند دیکھیں تو انہیں چاند دیکھ کر کوئی سفید رنگ کی چیز دیکھنی چاہیئے، کیونکہ ایسا کرنے سے ان کا وہ تمام مہینہ خوش حالی اور آسودگی سے بسر ہوگا۔

کرک راس والا مذہبی کاموں میں بہت سست ہوتا ہے اور ان قوانین کی چنداں پرواہ نہیں کرتا جن کا تعلق اس کے مذہب سے ہوتا ہے۔ چشم بد دور کرک راس والوں کی اولاد کثرت سے ہوتی ہے جس میں لڑکوں کی کثرت ہوتی ہے۔ اگرچہ بعض علمائے نجوم نے لڑکیوں کی کثرت لکھی ہے لیکن ہمارا قیاس اوّل الذکر رائے سے اتفاق کرتا ہے۔ اس راس والے کی مالی حالت چنداں اچھی نہیں ہوتی۔ اوسط درجہ کی زندگی بسر کرتا ہے۔ اس کا احساس اس قدر رقیق ہوتا ہے کہ معمولی سے معمولی واقعہ کا بھی جلد اثر قبول کر لیتا ہے۔ کلام میں نرمی اور شیرینی ہوتی ہے خود بڑا صاحب شعور اور عقلمند ہوتا ہے۔ اس کے اعزا اس کی بڑی عزت کرتے ہیں۔ احباب بہت جلد اس سے مانوس ہو جاتے ہیں لیکن یہ بات بھی ہے کہ یہ اپنے احسان کا بدلہ اپنے احسانمندوں سے نہیں پاتا۔ اس بیچارے کی قسمت ہی ایسی ہوتی ہے کہ بہ تمام عمر اپنے قرابت داروں سے احسان کرتا رہتا ہے لیکن اسے اس احسان کا بدلہ برائی سے ملتا ہے۔ اکثر اپنے وطن سے شمال کی جانب والے ممالک میں جانے سے خوب عزت و دولت پاتا ہے۔ اس کا رنگ صاف اور چہرہ چشم بد دور گول مول اور خوبصورت ہوتا ہے مگر قد درمیانہ ہوتا ہے۔ اس راس والے کی پیدائش عموماً ہفتہ یا سوموار کو ہوتی ہے اور پیدائش کا وقت ایک دو بجے دوپہر یا رات کو دس بجے سے کچھ قبل ہوتا ہے

کرک راس والے کے دائیں بازو پر تل یا کوئی خاص نشان ضرور ہوتا ہے پیدائش کے وقت اگر ستارہ قمر سعد گھر میں ہو تو ایسا شخص نہایت اچھے عادات و خیالات کا مالک ہوتا ہے۔ صاحب علم و ہنر اور فطرتاً شاعر ہوتا ہے۔ قدرتی مناظر کو دیکھ کر خاص طور پر خوشی محسوس ہوتی ہے بلکہ نیچرل ماحول کو دیکھ کر کھانا پینا بھی بھول جاتا ہے۔ اس غرض کے لئے دور دراز ممالک کا سفر بھی اختیار کرتا ہے بعض علمائے نجوم اس راس والے کا قد درمیانہ سے کچھ اونچا تسلیم کرتے ہیں۔ بہرکیف اس راس والا خوب عیش و عشرت سے زندگی بسر کرتا ہے جو کماتا ہے اسے اپنی آسودگی کے لئے خرچ کرنے سے دریغ نہیں کرتا اس راس والا مفلس و قلاش نہیں ہوتا۔ قبل ازیں عرض کر چکا ہوں کہ متوسط درجہ کی زندگی خوب عیش و عشرت کے ساتھ بسر کرتا ہے۔ نیکدل۔ شریف ملنسار اور نیک خو ہوتا ہے۔ سامان عیش قدرتی طور سے جہاں بھی رہے مہیا ہو جاتے ہیں گویا ؎

صدر ہر جا کہ نشیند صدر است

والا معاملہ ہوتا ہے۔ دوسرے کو ایک ہی مجلس میں اپنا ہم خیال بنا لیتا ہے اور اس کے قلب پر اپنی باتوں سے خوب اثر پیدا کر لیتا ہے۔ نوخیز لڑکوں اور عورتوں سے دلچسپی رکھتا ہے ایسے نوخیز لڑکے اس سے خوب دولت کما لیتے ہیں اور ہر وقت اس کی جیب سے جب چاہیں پیسے نکال سکتے ہیں یہ اپنے غلو محبت کے باعث فوراً ان کے مکر و فریب میں آجاتا ہے۔ اور نقصان کرنے کے باوجود بھی نہیں پچھتاتا۔ ایک عادت تنگ مزاجی کی بھی رکھتا ہے یعنی معمولی

سی خلافِ طبع بات پر ناراض ہو جاتا ہے۔ مگر اس کی یہ ناراضگی دیرپا نہیں ہوتی اس کے مزاج کا پارہ سوڈا واٹر کے جوش کی طرح فوراً اتر جاتا ہے۔

اپنی مستعار زندگی کا پہلا حصہ نہایت آرام و آسائش خوشی و خرمی میں بسر کرتا ہے۔

پینتیس سے پینتالیس سال کی عمر تک دس برس اس راس والے پر بہت بھاری ہوتے ہیں۔ یہاں تک کہ بعض تو ان ہی سالوں میں فوت ہو جاتے ہیں۔ لیکن جب یہ دس سال گزر جاتے ہیں تو پھر اس کی زندگی مثل سابق زندگی کے عود کر آتی ہے اور بقایا زندگی پھر اسی طرح عیش و آرام سے بسر کرتا ہے۔ اس راس والے کی عمرِ طبعی ۸۰ سال کے قریب ہوتی ہے۔ گو اس بات کا صحیح علم پروردگارِ عالم کو ہے لیکن علمائے نجوم نے اپنے تجربہ سے یہی فرمایا ہے جو احقر نے عرض کیا۔

کرک راس والا اپنی زندگی میں کسی سواری یا پستی و بلندی پر چڑھتے اترتے وقت گر کر چوٹ بھی کھاتا ہے۔ اس راس والے کی اکثر دو شادیاں ہوتی ہیں اور بعض کی دو سے بھی زیادہ ہوتی ہیں۔ کرک۔ عقرب۔ سنبلہ۔ حوت۔ راس والی عورتوں سے اسے نفع حاصل ہوتا ہے۔ میزان۔ اسد۔ قوس۔ جدی راس والی عورتوں سے نقصان حاصل ہوتا ہے۔ باقی راس والی عورتیں مساوی ہوتی ہیں۔ شرکت تجارت میں بھی ان راس والوں سے نفع یا نقصان پاتا ہے اور باقی راس والوں سے مساوی رہتا ہے۔

۱۰۰۱ ۔ ۱۹ ۔ ۲۸ جولائی

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ سانولا رنگ۔ نحیف و نزار جسم۔ عیش و عشرت کا دلدادہ۔ موسیقی کا رسیا۔ مساوات کا حامی اور سخی۔

آپ کی مالیات

آپ کی مالی حالت کبھی ایک جیسی نہیں رہ سکتی آپ کے متلون مزاج کے ساتھ ساتھ آپ کی مالی حالت میں بھی تلون پیدا ہوتا رہے گا۔

آپ کی صحت

آپ میں بلا کی قوت برداشت ہے لیکن آپ اس کے باوجود نہایت نحیف و نزار نظر آتے ہیں۔ آپ کا نظامِ ہاضمہ اکثر خراب رہے گا۔

آپ کے ستارے

شمس۔ سکینہ۔ قمر اور نیپچون کے اثرات آپ پر بہت زیادہ حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

سنہری، زرد، نارنجی، نیلا ہٹ آمیز سلیٹی رنگ۔ سبز۔ دودھیا سفید رنگ اور فاختئی رنگ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس۔ پکھراج اور سنگ قمر آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں سونے کی انگشتری پہنیں۔

آپ کے اہم سال

۱ ۔ ۲ ۔ ۴ ۔ ۷ ۔ ۱۰ ۔ ۱۱ ۔ ۱۳ ۔ ۱۶ ۔ ۱۹ ۔ ۲۰ ۔ ۲۲ ۔ ۲۵ ۔ ۲۸ ۔ ۲۹ ۔ ۳۱ ۔ ۳۴ ۔ ۳۷ ۔ ۳۸ ۔ ۴۰ ۔ ۴۳ ۔ ۴۶ ۔ ۴۷ ۔ ۴۹ ۔ ۵۲ ۔ ۵۵ ۔ ۵۶ ۔ ۵۸ ۔ ۶۱ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں ۔

۲ ۔ ۱۱ ۔ ۲۰ ۔ ۲۹ جولائی

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد مائل بہ افرازی ۔ مضبوط جسم سرخی مائل رنگ ۔ بارعب بشرہ ۔ شان و شوکت کا دلدادہ ۔ بے دقوفی کی حد تک متکبر مزاج

آپ کی مالیات

طبیعت میں تلون کے باعث آپ کی مالی حالت بھی گا ہے دباہے بدلتی رہے گی ۔

آپ کی صحت

آپ کا جسم مضبوط ہے لیکن جسم کے بعض حصوں میں گلٹیاں پھول کر عجیب و غریب قسم کی شکایات پیدا ہو جانے کے امکانات اغلب ہیں ۔

آپ کے ستارے

قمر ۔ شمس اور نیپ چون کے اثرات آپ پر بہت زیادہ حاوی ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

سبز ۔ دودھیا سفید ۔ سنہری ۔ زرد ۔ نارنجی ۔ اور فاختئی رنگ آپ

کے لئے مبارک ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

زبرجد ۔ دُرنا سفتہ ۔ سنگ قمر ۔ پکھراج اور الماس آپ کے لئے نہایت اہم ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۲ ۔ ۷ ۔ ۱۱ ۔ ۱۶ ۔ ۲۰ ۔ ۲۵ ۔ ۲۹ ۔ ۳۴ ۔ ۳۸ ۔ ۴۳ ۔ ۴۷ ۔ ۵۲ ۔ ۵۶ ۔ ۶۱ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں ۔

۳ ۔ ۱۲ ۔ ۲۱ ۔ ۳۰ جولائی

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد ۔ مضبوط جسم ۔ گورا رنگ ۔ بلند خیال بڑے بڑے دعوے کرنے والا ۔ اپنے آپ کو کچھ سمجھنے والا ۔ رقیق القلب ۔ ہمدردی رکھنے والا ۔

آپ کی مالیات

جوانی میں ہی آپ کی مالی حالت نہایت بہتر ہو جائے گی آپ کو روپیہ کمانے کا بہترین ڈھنگ آتا ہے ۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت نہایت خوشگوار اور جسم نہایت مضبوط ہے زندگی میں آپ بہت کم بیمار پڑیں گے ۔

آپ کے ستارے

مشتری اور نیپچون کے اثرات آپ پر بہت حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

اودا، نافرمانی اور جامنی رنگ۔ فاختی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

اسکندرط۔ یاقوت زعفرانی۔ عقیق زرد۔ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۳ ۔ ۷ ۔ ۱۲ ۔ ۱۶ ۔ ۲۱ ۔ ۲۵ ۔ ۳۰ ۔ ۳۴ ۔ ۳۹ ۔ ۴۳
۴۸ ۔ ۵۲ سال آپ کی زندگی کے اہم سال ہیں۔

۴ ۔ ۱۳ ۔ ۲۲ ۔ ۳۱ جولائی

آپ کی خصوصیات

درمیانہ قد۔ مائل بہ پستی۔ دوہرا بدن۔ سانولا رنگ۔ خشکی مزاج۔ بدلحاظ۔ جلد ناراض اور جلد مہربان ہونے والا۔ اور نہایت کمزور قوت یادداشت رکھنے والا۔

آپ کی مالیات

آپ ہمیشہ اکیلے کوئی کام کیا کریں فائدہ حاصل ہوگا۔ جب بھی آپ شراکت کریں گے تنازعات اٹھ کھڑے ہوں گے اور آپ اور آپ کے شرکا کو نقصان ہی ہوگا۔

آپ کی صحت

ڈاکٹر آپ کی تکالیف کو سمجھنے سے قاصر ہے۔ لہٰذا آپ اپنی خوراک کو وقت اور سادگی کے تابع لائیں۔ انشاءاللہ العزیز آپ کو ڈاکٹر کی ضرورت ہی نہ پڑے گی۔

آپکے ستارے

قمر و سکینہ آپ پر بہت زور سے اثرانداز ہو رہے ہیں

آپکے مبارک رنگ

آسمانی رنگ۔ کاہی رنگ۔ سنہری۔ زرد اور نارنجی رنگ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپکے مبارک نگینے

پکھراج۔ در نا سفتہ۔ الماس اور سنگ قمر آپ کے سلئے نہایت مبارک قیمتی پتھر ہیں۔

آپ کے اہم سال

۴ ۔ ۸ ۔ ۱۳ ۔ ۱۷ ۔ ۲۲ ۔ ۲۶ ۔ ۳۱ ۔ ۳۵ ۔ ۴۰ ۔ ۴۴ ۔ ۴۹
۵۳ ۔ ۵۸ ۔ ۶۲ سال آپ کی زندگی میں عظیم اہمیت رکھتے ہیں۔

۵ ۔ ۱۴ ۔ ۲۳ جولائی

آپ کی خصوصیات

درمیانہ قد۔ تیکھے نقش۔ اکہرا بدن زبردست ہینڈسم۔ بہترین مقرر۔ اور زبان دان۔

آپ کی مالیات

اگر آپ اپنے مقرر کردہ لائحہ عمل پر پابندی سے گامزن ہو جائیں تو دولت آپ کے قدم چومے گی۔

آپ کی صحت

آپ میں مرض کا مقابلہ کرنے کی قوت بے انتہا ہے اسی لئے آپ بہت جلد بیماری سے تندرست ہو جائیں گے۔ آپ کو انتہائی آرام کی ضرورت ہے۔ اعصابی تکالیف کے لاحق ہو جانے کا اندیشہ ہے محتاط رہیں۔

آپ کے ستارے

عطارد۔ قمر اور نپ چون کے اثرات آپ پر نہایت تیزی سے پڑ رہے ہیں

آپ کے مبارک رنگ

زردی مائل سبز۔ دودھیا سفید۔ سرمئی۔ فاختئی اور دیگر تمام چمکدار رنگ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس۔ درنا سقتہ۔ زبرجد اور سفید رنگ کے جملہ چمکدار پتھر آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۵، ۱۴، ۲۳، ۳۲، ۴۱، ۵۰، ۵۹، ۶۸ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہمیت رکھتے ہیں۔

۶۔۱۵۔۲۴ جولائی

آپ کی خصوصیات چھوٹا قد۔ مضبوط جسم۔ زیتونی رنگ۔ نہایت متلون مزاج حلیم الطبع اور خوش مزاج

آپ کی مالیات

آپ کو شادی اور شراکت سے مالی فوائد حاصل ہوں گے کاروبار میں شرکت ضرور کریں۔ آپ کے لئے نہایت مبارک ہے۔

آپ کی صحت

زندگی کے آغاز میں آپ کی صحت نہایت اچھی ہوگی اور جسم بھی نہایت مضبوط ہوگا۔ لیکن کثرت کار اور اپنی صحت کی زیادہ پرواہ نہ کرنے کے بعد آپ کو آخر العمر اعصابی تکالیف لاحق ہو جانے کا اندیشہ ہے اور جسم بھی کافی دبلا ہو جائے گا۔

آپ کے ستارے

آپ پر سیارگان زہرہ۔ نپ چون اور قمر کے اثر زیادہ حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

نیلے رنگ کے جملہ ہلکے اور گہرے شیڈ۔ سبز اور دودھیا سفید رنگ اور فاختئی رنگ آپ کیلئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

فیروزہ۔ لاجورد۔ زمرد آپ کے لئے نہایت مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۶ ، ۱۵ ، ۲۴ ، ۳۳ ، ۴۲ ، ۵۱ ، ۶۰ ، ۶۹ سال آپ کی زندگی کے اہم سال ہیں۔

۷ ، ۱۶ ، ۲۵ جولائی

آپ کی خصوصیات مضبوط جسم متناسب الاعضاء ، درمیانہ قد گورا رنگ ۔ خوش مزاج ۔ خاموش طبیعت ۔ فوراً راغب ہو جانے والے اور جلد ہی متنفر ہو جانے والا ۔

آپ کی مالیات

آپ کی مالیات کبھی یکساں نہیں رہیں گی لیکن ایسا شاذ و نادر ہی ہوگا کہ آپ مالی لحاظ سے مفلوک الحال ہو جائیں ۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت بدنی آپ کے قلب کے تابع ہے آپ خوش ہیں تو صحت بھی اچھی ہے اور اگر رنجیدہ ہیں تو صحت خراب ہو جانے کے امکانات نہایت قوی ہیں ۔

آپ کے ستارے

آپ پر نیر اصغر قمر اور سیارہ نپچون کے اثرات نہایت تند و تلخ سے طاری ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

فاختئی رنگ ۔ سبز اور دودھیا سفید رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

زبرجد اخضر ۔ سنگ سلیمانی ۔ سنگ قمر ۔ دیدۂ گربہ ۔ سیپ اور در نا سفتہ آپ کے لئے نہایت مبارک نگینے ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۲ ، ۷ ، ۱۱ ، ۱۶ ، ۲۰ ، ۲۵ ، ۲۹ ، ۳۴ ، ۳۸ ، ۴۳ ، ۴۷ ، ۵۲ ، ۵۶ ، ۶۱ سال آپ کی زندگی کے نہایت اہم ہیں ۔

۸ ، ۱۷ ، ۲۶ ، جولائی

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد ۔ بھدا جسم ۔ زرد رو ۔ پست رخسار ، کند ذہن ، نہایت سست ۔ دائم الخمر ۔ مکار ۔ خود غرض ۔ فریبی اور نہایت کند تولد ۔

آپ کی مالیات

اگر آپ تخمین یعنی سٹہ بازی وغیرہ اور نشہ بازی سے بچے رہیں تو نادار نہیں بلکہ لاکھوں روپے جمع کر سکتے ہیں ۔

آپ کی صحت

اگر آپ کے جسم میں زہریلے مادوں کی کمی ہو جائے اور آپ کا نظام ہاضمہ

باقاعدہ کام کرے تو آپ گنٹھیا کے مرض سے بچ سکتے ہیں ۔

آپ کے ستارے

آپ پر پیادہ زحل اور نیر اصغر قمر کے اثرات نہایت تیزی سے حاوی ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

سیاہی مائل سبز اور دودھیا سفید دونوں آپ کے لئے مبارک ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

لاجورد مذہب اور درنا سفتہ آپ کے لئے بہترین نگینے ہیں
الماس ۔ اسود اور دراسود بھی نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۴ ۔ ۸ ۔ ۱۳ ۔ ۱۷ ۔ ۲۲ ۔ ۲۶ ۔ ۳۱ ۔ ۳۵ ۔ ۴۰ ۔ ۴۴ ۔ ۴۹ ۔
۵۳ ۔ ۵۸ ۔ ۶۲ سال آپ کے لئے نہایت اہم ہیں ۔

۹ ۔ ۱۸ ۔ ۲۷ جولائی

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد مائل بہ پستی ۔ بھدا جسم ۔ زرد و کند ذہن عیبی اکثر اوقات نشے میں مخمور ۔ فسادپسند اور بدنیت

آپ کی مالیت

آپ کی مالی حالت بالعموم اچھی ہی رہے گی ۔ البتہ اپریل ۔ جولائی اکتوبر اور دسمبر میں، تنازعات سے پرہیز کریں مالی نقصانات کا اندیشہ ہے ۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت اچھی ہی ہے ۔ یہاں تک کہ بیماری سے صحت پانے کے معاملہ میں آپ بڑے خوش قسمت واقع ہوئے ہیں ۔ البتہ حادثات کے معاملہ میں محتاط رہیں ۔ ٹانگوں اور بازوؤں کو خطرناک ضربات پہنچنے کا خدشہ ہے ۔

آپ کے ستارے

آپ پر مریخ ۔ نیر اصغر قمر اور نیپچون کے اثرات نہایت شدومد سے طاری ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

قرمزی ۔ گلابی اور سرخ رنگ ۔ سبز اور دودھیا رنگ اور فاختئی رنگ کے جملہ شیڈ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

یاقوت سرخ ۔ تامڑا اور دوسرے تمام سرخ چمکدار پتھر ۔ زبرجد درنا سفتہ اور سنگ قمر آپ کے لئے مبارک نگینے ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۱ ۔ ۹ ۔ ۱۰ ۔ ۱۸ ۔ ۱۹ ۔ ۲۷ ۔ ۲۸ ۔ ۳۶ ۔ ۳۷ ۔ ۴۵ ۔ ۴۶
۵۴ ۔ ۵۵ ۔ ۶۳ ۔ ۶۴ سال آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

باب ۵
داخلہ شمس در برج اسد

۲۲ جولائی تا ۲۳ اگست

حروف ہ ط م اگست

بُرج اسد ، کوکب شمس ، مبارک دن اتوار

مبارک رنگ نارنجی ، مبارک نگینہ یاقوت سرخ ، مبارک عدد ۱

اگر آپ ماہ اگست کی کسی تاریخ کو متولد ہوئے ہیں تو آپ کا بُرج اسد اور کوکب یعنی ستارہ آپ کا نیر اعظم شمس ہے۔ آپ کا مزاج آتشی یعنی گرم و خشک ہے۔ طبع آپ کی شیریں ہے۔ آپ کے لئے مشرق کی سمت مبارک ہے۔ سمت آپ کی بھی مقابلہ ہے یعنی جس کے مقابل کھڑے ہو کر بات کریں گے وہ آپ پر مہربان ہوگا اور آپ کی بات کو وزن دار تصور کر کے ضرور تسلیم کرے گا۔ آپ جب نیا چاند دیکھیں تو سُرخ رنگ کی شے دیکھا کریں تمام ماہ امن و سعادت میں گذرے گا۔ بہت سی نحوستیں اور نقصان دور ہوں گے۔ سونے کی انگشتری میں یاقوت سرخ پہنیں تو نہایت مبارک ہے۔

برج اسد کے متعلقین کی ہمشیرگان شاذ و نادر ہی ہوتی ہیں۔ بھائی البتہ زیادہ ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کی شادیاں عموماً دو یا زیادہ ہوتی ہیں۔ سنگھ راس یا برج اسد والوں کی اولاد بھی زیادہ نہیں ہوتی۔ اگر پہلی اولاد لڑکا ہو تو ماں کا خانہ بہت تیز ہو جاتا ہے اور لڑکا موجب اقبال ہوتا ہے علی الخصوص باپ کے لئے بہت نیک ہوتا ہے۔ ماہ اگست کے متولدین چالیس سال کی عمر تک متوسط زندگی بسر کرتے ہیں مگر جب اس کی عمر ۴۱ ویں سال میں جاتی ہے تو بہت ترقی کرتے ہیں۔ وہ اپنے خاندان عالیہ میں محترم و معزز ہوتے ہیں۔

برج اسد والے فرد کو اثر بد نظر لگ جاتی ہے اور وہ بچپن میں بیمار رہتا ہے۔ اپنی زندگی میں کبھی آگ سے بھی صدمہ پاتا ہے۔ اس کا قد درمیانہ مائل بدرازی ہوتا ہے۔ رنگت گندمی قدرے زردی مائل مزاج میں تندی اور تیزی ہوتی ہے۔ وہ ہر کام میں عجلت پسندی کرتا ہے۔ بعض اوقات جلدی کی وجہ سے کام بھی بگڑ جاتا ہے۔ برج اسد کے متعلقین کی فطرت ہی عجلت پسندی کی متقاضی ہے کہ ان کا ہر کام وقت سے پہلے ہی ہو جائے گا۔ وہ عمدہ اور مرغن غذا کا شائق ہوتا ہے برج اسد سے متعلقہ انسان اپنی عمر میں کسی فعل ناجائز و ناشائستہ کا مرتکب ضرور رہتا ہے۔ وہ اچھے لوگوں کی صحبت کا شائق رہتا ہے وہ عالی ہمت ہوتا ہے اور جس طرح پیدا کرنے میں دلیر ہوتا ہے اس طرح خرچ کرنے میں تامل نہیں کرتا اسے غصہ بہت جلد آجاتا ہے لیکن غصہ کو قائم و دائم نہیں رکھتا ہے۔ اپنے گھر والوں کو خصوصاً اور جملہ خاندان کو عموماً پیار بھری نظروں سے دیکھتا ہے۔ اس کی گردن پیٹ یا کمر پر کوئی تل کا

نشان ضرور ہوتا ہے۔ اس پر کبھی ایسا وقت بھی آجاتا ہے کہ وہ اپنا پیٹ بھی نہیں بھر سکتا۔ انتہائی درجہ کا مفلس و قلاش ہو جاتا ہے اور یہ حالت اکثر چالیس سال کی عمر سے پہلے پہل ہی ہوتی ہے۔ چالیس سال کے بعد وہ حیرت انگیز ترقی پاتا ہے اور پھر تمام زندگی میں مفلسی و غریبی کا وقت نہیں دیکھتا۔

برج اسد کا انسان عموماً سفر سے فائدہ پاتا ہے بلکہ سفر ہی میں اسے ترقی ملتی ہے۔ اپنے وطن میں کس مپرسی کے عالم میں ہوتا ہے مگر وطن کے باہر اس کی خاص عزت ہوتی ہے اور باہر غیر ملکیوں سے بہت فائدہ حاصل کرتا ہے اپنی زندگی میں کسی اونچی جگہ سے یا سواری سے گر کر چوٹ کھاتا ہے اور ایسی چوٹ عموماً جسم کے بالائی حصہ میں لگتی ہے۔ اپنے وعدے اور قول کا پابند ہوتا ہے۔ جھوٹ اور مکر و فریب سے اسے بالطبع نفرت ہوتی ہے۔ وہ اپنے خاندانی جھگڑوں میں پریشان ہی رہتا ہے مزاج میں گرمی زیادہ ہوتی ہے۔ وہ اکثر دو شادیاں کرتا ہے۔ جوزا۔ میزان قوس حمل۔ بروج سے متعلقہ عورتیں اس کے لئے مبارک ہوتی ہیں۔ اس قسم کی عورتوں سے وہ فائدہ اٹھاتا ہے برج عقرب۔ دلو۔ ثور والی خواتین سے وہ نقصان اٹھاتا ہے۔ برج اسد سے متعلقہ افراد اکثر جگر۔ تلی۔ گنٹھیا بواسیر وغیرہ امراض میں مبتلا رہتے ہیں انہیں عموماً امراض معدہ کی شکایت لاحق رہتی ہے۔ فاسد خون بھی گاہے گاہے نقصان پہنچاتا رہتا ہے۔ مزاج میں حدت کے باعث اکثر فاسد خون جسم میں رہتا ہے اپنی عمر کے دوسرے پانچویں۔ دسویں بستائیسویں اور تیسویں سال میں بیماری افلاس اور گناہوں

کی زندگی بسر کرتا ہے۔ تیس سال کی عمر کے بعد اس کی زندگی میں عظیم اور
بنیادی انقلاب پیدا ہو جاتا ہے۔ چالیس سال کی عمر کے بعد خوشی اور کامرانی
کی زندگی بسر کرتا ہے۔ مرگِ ناگہانی اور آفات و آلام سے محفوظ رہے تو
اس کی عمر ۸۰ سال کے قریب ہوتی ہے۔

۱۔۱۰۔۱۹۔۲۸۔ اگست

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد، متناسب الاعضاء، سنہری بال
گول بھرا ہوا چہرہ۔ بارعب بشرہ۔ باغیرت۔ ضدی۔ سخی سے عادل زیادہ
پر اعتماد۔ اخلاقی لحاظ سے نہایت قوی۔

آپ کی مالیات

۳۷ سال کی عمر تک آپ کو محنت شاقہ کرنی ہو گی۔ اس کے بعد آپ
کی مالی زندگی اتنی سنہری ہو جائے گی کہ آپ با امن و امان بغیر کسی مالی
تکلیف کے زندگی گذاریں گے

آپ کی صحت

بچپن میں چھوٹی چھوٹی تکالیف ضرور لاحق ہوتی رہیں گی۔ جوانی اور
بڑھاپے میں آپ کی صحت نہایت بہتر رہے گی۔ شاذ و نادر ایسی کوئی
تکلیف لاحق ہو۔

آپ کے ستارے

آپ پر شمس و سکینہ کے اثرات حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

سنہری زرد نارنجی اور سلیٹی رنگ آپ کے لئے نہایت
مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

یاقوت سرخ اور تامڑا آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۱۔۴۔۱۰۔۱۳۔۱۹۔۲۲۔۲۸۔۳۱۔۳۷۔۴۰۔
۴۶۔۴۹۔۵۵۔۵۸۔۶۴۔۶۷ سال آپ کی زندگی میں نہایت
مبارک ہیں۔

۲۔۱۱۔۲۰۔۲۹۔ اگست

آپ کی خصوصیات طویل القامت۔ گٹھیلا جسم۔ سرخ و سفید رنگ،
بارعب بشرہ۔ بلند خیال۔ شان و شوکت کا دلدادہ۔ نامعقولیت کی حد تک
متکبر

آپ کی مالیات

آپ کے پاس دولت کی کمی کبھی نہیں رہے گی لیکن آپ کو دولت کی
پرواہ بھی زیادہ نہ ہو گی۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت ماشاء اللہ نہایت خوب ہے لیکن آپ کو برقراری صحت

کے لئے تمام احتیاطیں لازم ہیں۔ پھیپھڑے اور گلے کا حصہ بدن آپ کا نہایت نازک ہے۔ اس کو مرض سے بچانے کی سعی فرمادیں۔

آپ کے ستارے

نیّرِ اصغر قمر۔ نیپ چون شمس اور سکینہ کے اثرات آپ پر حادی ہیں

آپ کے مبارک رنگ

سبز۔ دودھیا سفید۔ فاختئی سنہری۔ زرد۔ نارنجی جلیبی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

درِ ناسفتہ۔ سنگِ قمر۔ زبرجد۔ پکھراج زرد۔ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں

آپ کے اہم سال

۲، ۷، ۱۶، ۲۰، ۲۵، ۲۹، ۳۴، ۳۸، ۴۳، ۴۷، ۵۲، ۵۶، ۶۱ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۳، ۱۲، ۲۱، ۳۰۔ اگست

آپ کی خصوصیات طویل القامت۔ نہایت مضبوط جسم۔ نہایت متکبر و مغرور۔ شیخی باز۔ خام رائے اور حبیت و چالاک۔

آپ کی مالیات

آپ اپنی علمی استعداد اور حکمت و فن سے اتنا کچھ کما سکتے ہیں کہ آپ

کو کبھی مالی بحران سے دوچار نہ ہونا پڑے گا۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت ماشاءاللہ ہمیشہ بہتر رہ سکتی ہے اگر آپ مرغن اور مقوی اغذیہ سے پرہیز کر سکیں۔

آپ کے ستارے

مشتری، شمس اور سکینہ کے اثرات آپ پر حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

اودا۔ کاسنی۔ جامنی۔ نافرمانی۔ سنہری۔ زرد۔ نارنجی ہلکے نیلے شیڈ۔ آپ کے لئے مبارک رنگ ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

لاجورد۔ یاقوت۔ الماس۔ پکھراج۔ آپ کیلئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۱، ۳، ۵، ۱۰، ۱۲، ۱۹، ۲۱، ۲۸، ۳۰، ۳۷، ۳۹، ۴۶، ۴۸، ۵۵، ۵۷، ۶۴، ۶۶ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۴، ۱۳، ۲۲، ۳۱۔ اگست

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ طویل الاعضاء۔ گورا رنگ۔ اپنے اوپر بھروسہ کرنے والا۔ نہایت سخی۔

آپ کی مالیات

آپ کو روپیہ کی زیادہ پرواہ نہ رہے گی البتہ اپنی مجلسی قوت کی نمائش کے لئے گاہے گاہے اس کی ضرورت پڑتی ہی رہے گی ۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت ویسے تو اچھی ہی رہے گی لیکن احساسات کی تلخی آپ کے اندر زہریلے مادے پیدا کر دینے کے لئے کافی ہے ۔ لہٰذا محتاط رہیں

آپ کے ستارے

آپ پر شمس و سکینہ کے اثرات زیادہ حاوی ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

نیلا ۔ کاہی ۔ زرد ۔ نارنجی اور سنہری رنگ آپ کیلئے مبارک ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

پکھراج ۔ الماس ۔ یاقوت اور اسکندرط آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۴ ، ۸ ، ۱۳ ، ۱۷ ، ۲۲ ، ۲۶ ، ۳۱ ، ۳۵ ، ۴۰ ، ۴۴ ، ۴۹ ، ۵۳ ، ۵۸ ، ۶۲ سال آپ کے لئے نہایت اہم ہیں ۔

---

۵ ، ۱۴ ، ۲۳ ، اگست

آپ کی خصوصیات طویل القامت ۔ پتلا دبلا جسم ۔ سرخ و سپید رنگ سنہری بال ۔ انتہا کا منصف مزاج ۔ جلد ناراض ہو جانے والا ۔ ہٹ کا پکا ۔ شاہانہ طبیعت رکھنے والا ۔ ایک گرمجوش اور باوقار دوست ۔ نہایت دلیر ۔ بے انصافی کے خلاف فوراً اعلان جنگ کر دینے والا ۔

آپ کی مالیات

آپ لوگوں کے لئے نہایت بہترین پروگرام مرتب کر سکتے ہیں ۔ اتنے صائب رائے ہیں کہ باریک ترین نکات بھی آپ سے چھوٹ نہیں سکتے آپ کی مالی تکالیف کا باعث آپ کے غلط قسم کے دوست اور متعارفین ہیں جو آپ کو دیگر کئی قسم کی پیچیدگیوں میں ڈال کر آپ کا قیمتی وقت ضائع کر دیتے ہیں ۔

آپ کی صحت

آپ کے اعصاب آپ کی زندگی ہیں ان کو مضبوط رکھئے آپ نہ تو کبھی بیمار ہوں گے اور نہ ہی کسی حادثہ سے دوچار ہوں گے ۔

آپ کے ستارے

آپ پر شمس ۔ سکینہ اور عطارد کے اثرات حاوی ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

ہلکے رنگ کا ہر شیڈ آپ کے لئے کامیابی کا پیامی ہے ۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس۔ درنا سفتہ اور دوسرے چمکیلے بھڑکیلے پتھر آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۵، ۱۴، ۲۳، ۳۲، ۴۱، ۵۰، ۵۹، ۶۸ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۶، ۱۵، ۲۴، اگست

آپ کی خصوصیات بالعموم طویل القامت۔ دوہرا بدن۔ گورا رنگ نہایت چست وچالاک، سبقت کا خواہش مند۔ مگر مجموعی اکثر اوقات ڈینگ مارکر اپنے لئے سامان تضحیک بہم پہنچانے والا۔

آپ کی مالیات

آپ روپیہ لگا کر بڑے سے بڑا منافع کما سکتے ہیں۔ موسیقی۔ ادب۔ سینما وغیرہ کے ذریعہ آپ امیر کبیر بن سکتے ہیں۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت ماشاءاللہ نہایت اچھی ہونی چاہیے۔ آپ کو مویشی پالنے کا شوق ہے۔ صرف اتنی احتیاط کریں کہ ان سے آپ کو کسی قسم کا جسمانی گزند نہ پہنچے۔

آپ کے ستارے

آپ پر شمس سکینہ اور زہرہ کے اثرات حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

نیلے رنگ کے تمام گہرے شیڈ۔ سنہری۔ زرد۔ نارنجی۔ بدنگوں کے جلا شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

فیروزہ۔ لاجورد مذہب۔ الماس اور پکھراج آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۱، ۶، ۱۰، ۱۵، ۱۹، ۲۴، ۲۸، ۳۳، ۳۷، ۴۲، ۴۶، ۵۱، ۵۵، ۶۰ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۷، ۱۶، ۲۵، اگست

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ بڑا سر۔ سرخ وسپید رنگ۔ اونچے خیال رکھنے والا۔ خود اعتماد۔ فراخ دل۔ آزاد منش۔ منصف مزاج۔ وفادار۔ راست رو۔

آپ کی مالیات

آپ کو کبھی بھی چوڑی مالیات کی ضرورت نہیں۔ قدرت آپ کی ضروریات پوری کرتی چلی جائے گی۔ یاد رہے اگر کبھی حصول مال کی غرض سے آپ

نے تخمین بازی سے کام لیا تو سو فیصدی نقصان اٹھائیں گے

آپ کی صحت

آپ کی صحت بھی بڑی حد تک آپ کے ذہن کے تابع ہے ذہنی کیفیات کے ساتھ ساتھ آپ کی صحت میں بھی اتار چڑھاؤ پیدا ہوتے چلے جائیں گے ۔

آپ کے ستارے

شمس اور نیپچون کے اثرات آپ پر بہت حاوی ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

سبز رنگ کے ہلکے شیڈ ۔ ناختی رنگ ۔ نارنجی زرد اور سنہرے رنگ آپ کے لئے مبارک ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

سنگ قمر ۔ الماس ۔ در نا سفتہ اور زبرجد آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۲ ۔ ۱۱ ، ۲۰ ، ۲۹ ، ۳۸ ، ۴۷ ، ۵۶ ، ۶۵ اور ۷۴ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں ۔

۸ ، ۱۷ ، ۲۶ اگست

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد جسم کا ڈھانچہ بڑا ہوتا ہے ۔ حالت غصہ

میں نہایت خطرناک ۔ بڑی ڈینگ مارنے والا ۔ ظاہری طور پر نہایت شریف اور دلبر لیکن فی الحقیقت اس کے برعکس ۔ اخلاقی قوت سے خالی ۔

آپ کی مالیات

آپ کو اپنے مالی معاملات میں محتاط رہنا چاہیے ۔ آپ کو اپنے ملازمین سے دھوکا پہنچنے کا خطرہ ہے لہٰذا اپنے مالی معاملات کو اپنے ہی ہاتھوں میں رکھا کریں ۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت ماشاء اللہ نہایت اچھی ہے لیکن یاد رکھیں اگر کبھی مرض نے آپ پر غلبہ پا لیا تو ایک عرصہ تک آپ اس کے چنگل سے نکل نہ سکیں گے ۔

آپ کے ستارے

شمس اور زحل کے ملے جلے اثرات آپ پر حاوی ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

گہرا ارغوانی ۔ سیاہ اور نیلے رنگ کے گہرے شیڈ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس ۔ اسود ۔ یاقوت اسود ۔ دُر اسود اور دوسرے تمام گہرے رنگوں کے پتھر آپ کے لئے مبارک ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۴ ۔ ۸ ۔ ۱۳ ۔ ۱۷ ۔ ۲۲ ۔ ۲۶ ۔ ۳۱ ۔ ۳۵ ۔ ۴۰ ۔ ۴۴

۴۹ ۔ ۵۳ ۔ ۵۸ ۔ ۶۲ سال آپ کی زندگی میں اہمیت عظیم رکھتے ہیں۔

۹ ۔ ۱۸ ۔ ۲۷ اگست

آپ کی خصوصیات طویل القامت۔ فربہ بدن مضبوط جسم مزاج میں بختگی اور استقلال نمایاں طور پر۔ جلد باز لیکن نہایت تیز۔ سیاست پسند لیکن شریف الطبع سخی اور غریب پرور۔

آپ کی مالیات

۳۵ سال سے قبل کی زندگی میں آپ بالعموم مالی مشکلات میں مبتلا رہیں گے۔ اسکے بعد آپکے کاروباری حالات بہتر ہوتے چلے جائیں گے اور آپکی مالیات بہتر ہو جائیں گی

آپ کی صحت

آپ پر بخار کا غلبہ نہایت آسانی سے ہو سکتا ہے اور بکر اور دوسرے اعصابی مقام حوادث سے جلد متاثر ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا محتاط رہیں۔

آپ کے ستارے

آپ پر شمس و مریخ کے اثرات حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ گلابی قرمزی رنگوں کے تمام شیڈ اور سنہرے زرد اور نارنجی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپکے مبارک نگینے یاقوت سرخ۔ تامڑا۔ الماس۔ آپ کیلئے نہایت مبارک نگینے ہیں

آپ کے اہم سال ۹ ۔ ۱۸ ۔ ۲۷ ۔ ۳۶ ۔ ۴۵ ۔ ۵۴ ۔ ۶۳ اور ۷۲ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

باب ۹

داخلہ شمس در برج سنبلہ

۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر

حروف: پ غ

ستمبر

برج سنبلہ ، سیارہ عطارد ، مبارک دن بدھ
مبارک رنگ گہرا زرد، مبارک نگینہ زبرجد ، مبارک عدد ۵

اگر آپ ماہ ستمبر میں پیدا ہوئے ہیں۔ تو آپ کا برج سنبلہ ہے۔ اور سیارہ آپ کا عطارد ہے۔ برج سنبلہ کو سنسکرت میں کنیا راس بھی کہتے ہیں۔ جن اشخاص کی پیدائش کنیا لگن میں ہوئی ہے ان کا رنگ گندمی ہوتا ہے۔ ان کے لئے بدھ۔ اتوار اور جمعہ کا دن مبارک ہوتا ہے جو کام بھی ان تینوں دنوں میں کریں گے نقصان دہ ثابت نہیں ہوں گے۔ ہفتہ اور پیر کا دن ان کو ناقص ہوتا ہے۔ نیا چاند دیکھ کر سبز رنگ کی اشیاء دیکھے تو مہینہ خوشی و خرمی میں بسر ہوتا ہے آفات سماوی دور ہو جاتی ہیں۔ اس راس والے کو منگل اور جمعرات کا دن منادی ہے۔ چیت کا مہینہ اکثر اس کو ناقص رہتا ہے۔ سمتوں

ہیں سے اس کی سمت الٹے ہاتھ پر ہے جس شخص کے الٹے ہاتھ پر کھڑے ہو کر بات کرے تو وہ شخص مہربان ہوگا۔ اور اس کی بات کو وزن دار سمجھ کر مان لے گا کینسر راس والا اپنے مذہب کا شدت سے پابند ہوتا ہے خلاف مذہب کاموں سے حتی الوسع پرہیز کرتا ہے۔ اس راس والے کی اولاد بھی حسب منشاء ہوتی ہے مگر دولت کی فراوانی نہیں ہوتی مالی حالت اوسط درجہ میں رہتی ہے مگر اپنی زندگی خوشی وخرمی اور عزت وآبرو سے بسر کرتا ہے۔ اکثر تجارت میں زندگی گذارتا ہے۔ ملازمت کا اس کو بہت کم اتفاق ہوتا ہے اور ملازمت میں ترقی بھی نہیں پاتا۔ تجارت میں ہی ترقی پا سکتا ہے۔ کینسر راس والے کے دوست بہت کم ہوتے ہیں اور مخالف لوگ زیادہ ہوتے ہیں۔ انہیں نیکی کا بدلہ برائی میں ملتا ہے۔ لوگ ان کے احسانوں کی قدر نہیں کرتے۔ کینسر راس والا اگر اس عمر تک زندہ رہے تو پچاس برس کی عمر میں اسے کوئی بہت بڑا خطرہ بیماری وغیرہ کا پیش آتا ہے اگر اس خطرہ سے بچ جائے تو پھر اس کی عمر بہت طویل ہوتی ہے۔ ماں باپ کی شفقت میں زیادہ رہتا ہے اور فائدہ پاتا ہے لیکن دوسرے عزیزوں اور رشتہ داروں سے نقصان پاتا ہے۔ کینسر راس والا۔ برکھ برچھک اور مکر راس والوں سے فائدہ پاتا ہے۔ متھن کرک اور مین راس والے مساوی ہیں۔ میکھ۔ دھن دلو۔ راس والوں سے نقصان پاتا ہے۔ اپنے مقام سے جانب جنوب سفر کرنے سے نفع پاتا ہے۔ اس راس والا جاہل نہیں ہوتا بلکہ صاحب علم ہوتا ہے۔ علی الخصوص مذہبی علوم کا رسے زیادہ شوق پاتا ہے مفلسی اور

تنگدستی میں بھی خوش وخرم دکھائی دیتا ہے۔ دنیائے جہان کے انقلابات اسکی طبع نازک پر اثر انداز نہیں ہوتے۔ یہ خود بھی خوش رہتا ہے اور پوری کوشش کرتا ہے کہ اس کے تمام ملنے والے خوش وخرم رہیں۔ گھر کا سامان صاف ستھرا رکھنے کا اس کو بیحد شوق ہوتا ہے۔ کسی ہنر میں استاد ہوتا ہے۔ عورتوں سے اسے خصوصاً محبت اور انس ہوتا ہے۔ کینسر راس والے کی عمر کا آخری حصہ بڑی آسائش میں بسر ہوتا ہے۔ گو زندگی کا ابتدائی حصہ اچھا نہیں گزرتا۔ ابتدائی عمر میں اگر اسے دولت مل بھی جائے تو تباہ وبرباد کر کے ناجائز کاموں میں صرف کر دیتا ہے کوئی نہ کوئی بیماری بھی لاحق رہتی ہے جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ کینسر راس والا ملازمت کو پسند نہیں کرتا اور نہ ہی اسے ملازمت سے کوئی خاص فائدہ ہی پہنچتا ہے وہ تجارت اور اپنے کسی خاص کاروبار میں ہی ترقی حاصل کر سکتا ہے۔ اپنی اولاد سے آرام اور فائدہ پاتا ہے مگر عورتوں سے دکھ پاتا ہے۔ اولاد گو زیادہ ہوتی ہے مگر آخری عمر میں صرف دو لڑکے اور ایک لڑکی یادگار باقی رہتے ہیں۔ اپنی عادت اور خصلت کے باعث سوسائٹی میں عزت پاتا ہے اگرچہ نیکی کا اچھا عوض اسے بہت ہی کم ملتا ہے۔ تاہم یہ اپنی نیکی کی عادت ترک نہیں کرتا جس کام میں ہاتھ ڈالتا ہے اسے کامیابی کی حد تک پہنچا دیتا ہے اور جس بات پر جم جاتا ہے اسے چھوڑتا نہیں۔ چاہے وہ بات اس کے خلاف ہی کیوں نہ ثابت ہو۔ کینسر راس والے کو وراثت میں جائداد بھی ملتی ہے مگر روپیہ اس کے ہاتھ میں بہت کم پڑتا ہے۔ جب دولت مل جائے تو بے دریغ صرف کر دیتا ہے۔ عمر کے

ابتدائی حصہ میں اپنے وطن میں کم ترقی پاتا ہے۔ پردیس اور خصوصاً جانب جنوب جانے میں نفع حاصل کرتا ہے۔ کنیا راس والے کو اپنی عمر میں جانور سے خطرناک صدمہ پہنچتا ہے۔ اکثر دو شادیاں کرتا ہے، بچپن اور جوانی اچھی نہیں گزرتی۔ چالیس سال کی عمر کے بعد دولت مند ہو جاتا ہے، کنیا راس والے کو پیٹ اور معدہ کی امراض لاحق ہوتی ہیں۔ گردے کی بیماری اور پیشاب کی امراض زیادہ تکلیف دیتی ہیں ۲، ۵، ۱۱، ۱۳، ۱۴ سال کی عمر میں اس کو خطرہ پیش آتا ہے۔ اس سے بچ جائے تو ۷۰ اور ۸۰ سال تک کی عمر پاکر اس دنیا سے شادکام رخصت ہوتا ہے۔

۱، ۱۰، ۱۹، ۲۸ ستمبر

آپ کی خصوصیات طویل القامت۔ مضبوط جسم۔ گورا رنگ۔ نہایت زیرک دوسروں کے لئے منفعت رساں۔ آزاد منش اور فراخدل۔

آپ کی مالیات

آپ کو ہمیشہ دوسروں کی مدد سے ایسے مواقع ملتے رہیں گے جن سے فائدہ اٹھا کر آپ اپنی مالی حالت بہتر بنالیں۔ کاروبار یا صنعت آپ کے لئے اچھے ہیں۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت اور قوت بدن ماشاء اللہ اچھی ہی رہے گی لیکن اپنی صحت کو برقرار رکھنے کے لئے آپ کو کھلی فضا میں سیر اور ورزش

کرنا نہایت ضروری ہے۔

آپ کے ستارے

آپ پر شمس وعطارد وسکینہ کے اثرات نہایت زیادہ ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

زرد، سنہری، نارنجی، اور ہلکا آسمانی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس۔ یاقوت۔ اور پکھراج آپ کے لئے نہایت مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۱، ۱۰، ۱۹، ۲۸، ۳۷، ۴۴، ۵۵، ۶۴، ۷۳ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۲، ۱۱، ۲۰، ۲۹ ستمبر

آپ کی خصوصیات لمبا قد۔ نازک جسم۔ سانولا رنگ۔ خود خیال طولانی۔ خود غرض۔ اپنا مطلب آسانی سے نکالنے والا۔ بخیل اور نہایت دانا و زیرک۔

آپ کی مالیات

آپ روپیہ کو بڑے بڑے کاموں میں حاصل نہ کرسکیں گے بلکہ نہایت

آسانی سے ہی چھوٹے چھوٹے کاروبار میں کما لیا کریں گے۔ آپ ایک کفایت شعار انسان ہیں اور کفایت شعاری آپ کو کبھی غریب نہ ہونے دے گی

آپ کی صحت

اپنی خوراک کے معاملے میں محتاط رہیں۔ بیماری آپ کے نزدیک بھی نہ پھٹکے گی۔ لیکن جہاں اس معاملے میں بے احتیاطی ہوئی آپ پر مرض حملہ آور ہوگی اور دنوں تک آپ مرض کا تختہ مشق بنے رہیں گے۔

آپ کے ستارے

آپ پر قمر و عطارد کے اثرات بہت زیادہ حاوی ہیں

آپ کے مبارک رنگ

سبز، سلیٹی اور نیلے رنگوں کے تمام شیڈ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

زبرجد۔ سنگ قمر۔ درنا سفتہ آپ کے لئے اچھے ہیں۔ آپ کے لئے مبارک ترین نگینہ زبرجد اخضر ہے۔

آپ کے اہم سال

۲، ۱۱، ۲۰، ۲۹، ۳۸، ۴۷، ۵۶، ۶۵ اور ۷۴ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۳، ۱۲، ۲۱، ۳۰، ستمبر

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ سانولا سرخی مائل رنگ۔ اپنے متعلق متکبرانہ خیالات رکھنے والا۔ ڈینگ باز۔ ہوسناک۔ دوسروں کے احساسات اور جذبات کی بہت کم پرواہ کرنے والا۔ نہایت بد لحاظ اور بخیل۔

آپ کی مالیات

مالی معاملات میں آپ کو اس قدر مشوش نہ ہونا چاہیے جتنے کہ آپ ہیں۔ کیونکہ آپ کی مالی حیثیت ہمیشہ مضبوط رہے گی۔

آپ کی صحت

اپنے معدہ۔ جگر۔ تلی اور دوسرے نظام ہاضمہ کے متعلق احتیاط برتیں ورنہ آپ کی صحت تباہ ہو کر رہ جائے گی۔

آپ کے ستارے

مشتری و عطارد کے اثرات آپ پر حاوی ہیں

آپ کے مبارک رنگ

تمام ہلکے شیڈ اور جامنی۔ کاسنی۔ اودا رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس۔ اسکندرط اور لاجورد آپ کے لئے مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۳ ، ۱۲ ، ۲۱ ، ۳۰ ، ۳۹ ، ۴۸ ، ۵۷ ، ۶۶ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۴ ، ۱۳ ، ۲۲ ، ستمبر

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ مضبوط جسم۔ فہیم و زیرک، نہایت سنجیدہ علم و ادب کے مطالعہ کا شائق سخاوت سے بے بہرہ اور ماحول پر نحوستیں طاری کر دینے والا۔

آپ کی مالیات

آپ کی دولت وراثت کے جھگڑوں میں تباہ ہو سکتی ہے محتاط رہیں آپ اپنی دولت آپ کمائیں گے۔ آپ کو ملازمین اور دوسرے خوردگان مالی نقصانات پہنچائیں گے احتیاط لازم ہے۔

آپ کی صحت

آپ پر مرض کا اچانک اور غیر معمولی حملہ ہوتا ہے لیکن جس سرعت سے آپ بیمار ہوتے ہیں اتنی تیزی سے آپ کو صحت بھی ہو جاتی ہے۔

آپ کے ستارے

شمس۔ سکینئر اور عطارد کے اثرات آپ پر حادی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

آسمانی رنگ۔ سنہری زرد اور بھورا رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

پکھراج ، یاقوت ، الماس آپ کے لئے نہایت مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۴ ، ۸ ، ۱۳ ، ۱۷ ، ۲۲ ، ۲۶ ، ۳۱ ، ۳۵ ، ۴۰ ، ۴۴ ، ۴۹ ، ۵۳ ، ۵۸ اور ۶۲ سال آپ کی زندگی میں اہمیت رکھتے ہیں۔

۵ ، ۱۴ ، ۲۳ ، ستمبر

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد، کالے بال، سانولا رنگ۔ خواہشمند۔ اعلیٰ قابلیتوں کا مالک۔ ذہین و فطین، نہایت زیرک۔ ہوشمند۔ علم الالسنہ کو سیکھنے کی بے انداز قابلیت رکھنے والا۔ مقرر۔ کفایت شعار۔ میکانکی ایجادات کی قابلیت رکھنے والا۔

آپ کی مالیت

آپ جو کام کریں گے اس میں دولت بے انداز کمائیں گے کیونکہ آپ بہترین کاروباری دماغ کے مالک ہیں۔

آپ کی صحت

آپ اپنے اعصاب کی حفاظت کریں۔ آپ اعصاب کی قوت کے سہارے بیماری سے بچے رہیں گے اور ایک عمر دراز پا سکتے ہیں۔

آپ کے ستارے

آپ پر سیارہ عطارد کے اثرات حادی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

تمام رنگوں کے ہلکے شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس اور تمام چمکدار آپ کے لئے مبارک نگینے ثابت ہو سکتے ہیں

آپ کے اہم سال

۵ ، ۱۴ ، ۲۳ ، ۳۲ ، ۴۱ ، ۵۰ ، ۶۸ اور ۷۷ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۶ ، ۱۵ ، ۲۴ ستمبر

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ سانولا رنگ، گہرے بھورے بال بیضوی چہرہ۔ نہایت فرزانہ۔ ذہین و فطین، مہذب فنون لطیفہ کا شائق موسیقی کا دلدادہ،

آپ کی مالیات

آپ کا کاروبار آپ کے دوستوں اور دوسرے متعلقین کی مدد سے خوب چل نکلے گا اور وراثت کے ذریعہ خوب دولت ہاتھ آئے گی۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت جسمانی ماشاءاللہ خوب رہے گی۔ آپ کو گلے اور سینہ کے امراض سے دکھ پہنچنے کا خدشہ البتہ لاحق رہے گا۔ لہٰذا احتیاط لازم ہے

آپ کے ستارے

آپ پر زہرہ و عطارد کے اثرات حاوی ہیں۔

آپکے مبارک رنگ

نیلے رنگ کے تمام شیڈ اور دودھیا سفید رنگ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

فیروزہ ، لاجورد ۔ سلیمانی ، الماس ۔ درناسفتہ آپ کے لئے مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۵ ، ۶ ، ۱۴ ، ۱۵ ، ۲۳ ، ۲۴ ، ۳۲ ، ۳۳ ، ۴۱ ، ۴۲ ، ۵۰ ، ۵۱ ، ۵۹ ، ۶۰ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۷ ، ۱۶ ، ۲۵ ، ستمبر

آپ کی خصوصیات بالعموم قد لمبا ہی ہوتا ہے، جسم مضبوط۔ سیاہ رنگ چالاک۔ علم و حکمت کا دلدادہ۔ ادب و فنون کا عاشق۔ نہایت، کینہ پرور۔

آپ کی مالیات

دولت کے معاملہ میں آپ نہایت بے صبر انسان ہیں۔ آپ دوسروں کے کاروبار کو بطرز احسن منظم کر سکتے ہیں لیکن اپنے ذاتی معاملات میں آپ اتنے زیادہ محتاط ہیں کہ احتیاط ہی احتیاط میں حصول زر کے سنہری چانس

کھو دیتے ہیں۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت پر آپ کے ذہن کا اثر نہایت تیزی سے پڑ رہا ہے دیگر مشروبات کے معاملہ میں محتاط رہیں۔ اس کے استعمال سے آپ کے نظام ہاضمہ میں گڑبڑ واقع ہوسکتی ہے۔

آپ کے ستارے

آپ پر قمر، نیپچون اور عطارد کے اثرات زیادہ حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

فاختئی۔ زردی مائل سبز۔ دودھیا سفید رنگ آپ کے لئے مبارک ہیں

آپ کے مبارک نگینے

زبرجد اخضر۔ درناسفتہ۔ سنگِ قمر اور چمکیلے پتھر آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۲، ۷، ۱۱، ۱۶، ۲۰، ۲۵، ۲۹، ۳۴، ۳۵، ۴۳، ۴۷، ۵۲، ۵۶، ۶۱ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۸، ۱۷، ۲۶ ستمبر

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد، گول مٹول جسم۔ سیاہ رنگ۔ منحوس، گریہ خصلت، نہایت تند۔ ذہین وفطین۔ علم و حکمت کا دلدادہ اور اس

معاملہ میں ظاہری نام نمود کا شائق ایک چست و چالاک لیکن برا انسان۔ نہایت بدلحاظ

آپ کی مالیات

آپ ضرورت سے زیادہ محتاط واقع ہوئے ہیں۔ لہٰذا اپنی اس خصوصیت کے باعث بارہا حصول۔ زر و مال کے سنہری مواقع کھو چکے ہیں۔

آپ کی صحت

آپ کا جسم گو مضبوط ہی ہے لیکن صحت کے لحاظ سے آپ ایک خوش قسمت انسان نہیں ہیں تاہم آپ کی ذہنی صحت نہایت بہتر ہے۔ جسم میں خود بخود زہر پیدا ہو جانے کا خطرہ ہے۔ ہرنیا اور داد خارش کے امراض لاحق ہونے کا بھی احتمال قوی ہے۔

آپ کے ستارے

آپ پر سیارگان زحل و عطارد کے اثرات زیادہ حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

تمام گہرے رنگ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

دُر اسود۔ الماس اسود۔ یاقوت اسود اور دوسرے گہرے رنگوں کے پتھر آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۴، ۸، ۱۳، ۱۲، ۲۲، ۲۶، ۳۱، ۳۵، ۴۰، ۴۴، ۴۹، ۵۳، ۵۸، ۶۲ آپ کے لئے اہم سال ہیں۔

۹، ۱۸، ۲۷ ستمبر

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ سیاہ رنگ۔ مضبوط جسم۔ نہایت تند و تیز۔ آسانی سے برانگیختہ ہوجانے والا۔ فریبی اور کینہ پرور۔

آپ کی مالیات

آپ جو کام کریں گے اس میں اپنے طبع زاد کام کی بدولت ترقی کرتے چلے جائیں گے اور کبھی آپ دولت سے خالی نہ رہیں گے۔

آپ کی صحت

آپ پر مرض کی نسبت حوادث کا حملہ زیادہ رہے گا اور کسی خطرناک قسم کے اپریشن کا احتمال قوی ہے۔

آپ کے ستارے

آپ پر مریخ و عطارد کے اثرات زیادہ حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

سرخ۔ قرمزی۔ گلابی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

یاقوت۔ تامڑا اور دوسرے قیمتی سرخ پتھر آپ کیلئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۹، ۱۸، ۲۷، ۳۶، ۴۵، ۵۴، ۶۳، ۷۲، ۸۱ سال آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

باب ۱۰

داخلہ شمس در برج میزان

۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر

اکتوبر

حروف ف، ت، ر، ط

برج میزان، سیّارہ زہرہ، مبارک دن جمعہ

مبارک رنگ زردی مائل نیلا۔ مبارک نگینہ ہیرا، مبارک عدد ۶

اگر اس ماہ اکتوبر میں متولد ہوئے ہیں تو آپ کی گردن یا بازو پر کوئی نشان ہوگا۔ اگر یہ نشان قدرتی نہ ہوگا تو صغر سنی میں کوئی چوٹ یا زخم ایسا ہوگا کہ اس کا نشان پڑ جائے گا۔ اس راس والے آدمی کا رنگ گندمی یا زردی مائل ہوتا ہے۔ قد درمیانہ ہونے کے ساتھ ساتھ زنانہ عادات و اطوار زیادہ پسند کرتا ہے۔ اس کو عورت کی محبت زیادہ مرغوب و محبوب ہوتی ہے۔ اس کے خاندان والے اور عزیز و اقارب اس سے اکثر نالاں رہتے ہیں۔ یہ بھی ان کی بہت کم پرواہ کرتا ہے۔ ایسا شخص اوّل تو قطعاً ملازمت کرتا ہی نہیں اور اگر بالفرض محال کر بھی لے تو اس میں ترقی اور

فوقیت حاصل نہیں کر سکتا۔ تجارت سے عموماً کاشتکاری سے خصوصاً ترقی حاصل کرتا ہے۔

جمعہ اور ہفتہ تین روز اس کے لئے نہایت سعد ہوتے ہیں۔ جمعرات اور سوموار اس کے لئے نہایت نحس اور ناقص ہوتے ہیں۔ ماہ بیساکھ اکثر و بیشتر اس کے لئے ناقص ہوتا ہے اس ماہ میں اکثر یہ نقصان پاتا ہے۔ اس راس والے کی سمت الٹے ہاتھ پر ہے یعنی جس شخص کے الٹے ہاتھ کھڑے ہو کر یہ بات چیت کرے گا وہ اس کی بات کو دل و جان سے سمجھ کر ضرور مان لے گا۔ پہلی تاریخ کا چاند دیکھ کر کوئی سبز یا سفید رنگ کی چیز دیکھے تو وہ تمام مہینہ اس کے لئے خوشنودی اور راحت قلبی کے ساتھ گزرے گا۔

تلا راس والا اپنے مذہب اور دین کا سختی سے پابند ہوتا ہے اپنے مذہب کے قوانین پر سختی سے پوری طرح عمل کرتا ہے۔ اس کی اکثر اولاد مر جاتی ہے۔ اس لئے یہ کم اولاد والا ہوتا ہے۔ اگرچہ اولاد ہوتی تو زیادہ ہے لیکن بچتی بہت تھوڑی تعداد میں ہے۔ اگر پہلے لڑکا پیدا ہوا اور وہ زندہ رہے تو بڑا صاحب اقبال ہوتا ہے اور والدین کے لئے نہایت نیک اور سعید ہوتا ہے۔ اس راس والا آدمی عموماً مالی لحاظ سے اوسط درجہ کی زندگی بسر کرتا ہے۔ نہ ہی زیادہ امیر و رئیس اور نہ زیادہ مفلس و قلاش ہی ہوتا ہے لیکن اس قدر کفایت شعار ہوتا ہے کہ لوگ اسے بخیل اور کنجوس تصور کرنے لگتے ہیں۔

اس راس کا موکل "فہم الطائیل" ہے۔ اگر تلا راس والا اپنے اس

موکل کی زکوٰۃ ادا کر دے تو اسے ہر کام میں بہت مدد دیتا ہے۔ زکوٰۃ ادا کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ ہر روز بعد نماز عشاء یا اول نماز صبح اجب یا فہم الطائیل تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھا جائے اور کسی قسم کے پرہیز وغیرہ کی ضرورت نہیں نہ ہی کسی جگہ وغیرہ کی قید ہے۔ وقت کا تعین بھی احقر نے آپ کی آسانی کے واسطے کر دیا، ورنہ آپ کسی اور فرصت کے وقت میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔ کامل چالیس روز پڑھنے سے زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے لیکن زکوٰۃ مکمل کرنے کے بعد بھی صرف چالیس مرتبہ روزانہ کسی وقت پڑھنے سے موکل اس راس والے کی ہر طرح خدمت اور خیر خواہی کرتا ہے۔ نفع پہنچاتا ہے اور نقصان سے خبردار کرتا ہے۔ اس راس والا شادیاں بہت کرتا ہے اور جیسے پہلے عرض کر چکا ہوں اسے عورتوں سے بیحد رغبت ہوتی ہے اور یہ ناجائز تعلقات بھی پیدا کر لیتا ہے۔ اسے راگ رنگ اور موسیقی سے بہت انس ہوتا ہے۔ امراء اور رؤسا سے ملنا جلنا بہت پسند کرتا ہے اور وہ بھی اسے عزت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ مختصر یہ کہ اپنی زندگی خوب عیش و عشرت سے بسر کرتا ہے ہر کام کو نہایت ہوشیاری سے کرتا ہے۔

مجلس علم میں بھی خوب مہارت رکھتا ہے اس کو اپنے خاندانی عزت و ناموس کا بہت پاس ہوتا ہے۔ یہ شخص ہر فن مولا ہوتا ہے۔ یعنی ہر کام میں کچھ نہ کچھ دسترس ضرور رکھتا ہے۔ اپنے بزرگوں کا نام بلند کرنے کی دلی خواہش ہوتی ہے جسے وہ پورا بھی کرتا ہے۔ اپنے خویش و اقربا کی پرورش بھی کرتا رہتا ہے اور ان کے تمام کاموں میں خوشی و خرمی سے حصہ لیتا ہے۔

اس راس والے کا مزاج بلغمی ہوتا ہے۔ "نزلہ زکام کھانسی قومی نشان ہمارا" کا ظہور اس کے وجود ظاہر پر اکثر ہوتا رہتا ہے۔ اپنی اخیر عمر میں قوتِ مردمی بھی کھو بیٹھتا ہے۔ گردے اور دماغ کمزور اور ضعیف ہو جاتے ہیں اور اکثر پریشان خواب دیکھتا رہتا ہے۔ قبل ازیں عرض کر چکا ہوں کہ تلا راس والا اپنے عزیزوں کی خوب پرورش کرتا ہے اور اس پرورش کے بدلے ان سے نقصان اٹھاتا رہتا ہے یعنی اسکے خاندان کے عزیز اس کا صحیح طور پر احترام نہیں کرتے ہیں۔ صرف اپنی ہی مطلب پرستی کے لئے اس کی ہاں میں ہاں ملاتے رہتے ہیں۔ خاندان کے اکثر افراد اس کو حاسدانہ نظروں سے دیکھتے ہیں۔ اپنی مستعار زندگی میں کسی سواری یا بلند و پست مقام سے گر کر چوٹ کھاتا ہے اور ایسی چوٹ میں ایک خاص عرصہ تک مبتلا رہتا ہے۔ اپنے خیالات و عزائم کا بہت پختہ ہوتا ہے اس کے بھائی بہن زیادہ ہوتے ہیں لیکن یہ کسی سے فائدہ اور آرام حاصل نہیں کرسکتا۔ تلا راس والا صرف اپنے والدین ہی کا نیک اور سعید نہیں ہوتا بلکہ اپنے سب بھائی بہنوں اور عزیزوں کے لئے مفید ہوتا ہے۔ اپنی عمرِ عزیز میں ۳ - ۵ - ۷ - ۱۲ - ۱۹ - ۲۷ - ۳۴ برس کی عمر میں ایسے واقعات اور امراض ضرور پیش آتے رہتے ہیں۔ جن میں موت واقع ہونے کا خدشہ ہوتا ہے اگر ان حالات اور امراض سے بچ جائے تو پھر اس کی عمر ۷۸ برس کے قریب یا اس سے بھی کچھ زیادہ ہوتی ہے

۱ ، ۱۰ ، ۱۹ ، ۲۸ ، اکتوبر

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ راست بدن۔ خود اعتماد متکبر۔ میانہ رو۔ بہت کم صائب الرائے۔ دلیر اور سخی۔

آپ کی مالیت

آپ اپنی قابلیت کے زور پر ہمیشہ دولت میں کھیلیں گے۔

آپ کی صحت

آپ جب تک کام کرتے رہیں گے آپ کی صحت نہایت بہتر رہے گی۔ بے کاری آپ کے لئے خرابی صحت کا پیغام ثابت ہو گی

آپ کے ستارے

شمس سکینہ و زہرہ کے اثرات آپ پر بہت شد و مد سے طاری ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

سنہری۔ زرد۔ نارنجی۔ سلیٹی۔ اور نیلے رنگ کے تمام شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس۔ یاقوت اور پکھراج آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۱، ۶، ۸، ۱۰، ۱۵، ۱۷، ۱۹، ۲۴، ۲۶، ۲۸، ۳۳، ۳۵، ۳۷، ۴۲، ۴۴، ۴۶، ۵۱، ۵۳، ۵۵، ۶۰، ۶۲ اور ۷۱ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۲، ۱۱، ۲۰، ۲۹، اکتوبر

آپ کی خصوصیات طویل القامت۔ متناسب اعضا۔ گورا رنگ متلون مزاج۔ نہایت پیاری عادات والا۔ عیش پرست۔ خوش مزاج اور زندگی کے متعلق نہایت رنگین نظریہ رکھنے والا۔

آپ کی مالیت

آپ ہر موقعہ سے فائدہ اٹھانے والے ہیں اور اس طرح کاروبار میں عظیم منافع حاصل کریں گے۔ آپ کو امپورٹ ایکسپورٹ کے کام میں بڑے نفعے حاصل ہو سکتے ہیں۔

آپ کی صحت

بچپن میں آپ دبلے پتلے تھے۔ ذہنی طور پر آپ نہایت صحت مند ہیں۔ آپ کو پشت خاص کر ریڑھ کی ہڈی میں کوئی تکلیف ہو سکتی ہے محتاط رہیں۔

آپ کے ستارے

قمر، زہرہ اور نیپچون کے اثرات آپ پر بہت زیادہ ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

سبز، دودھیا سفید۔ نیلے رنگ کے تمام شیڈ۔ فاختی رنگ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

زبرجد، اخضر۔ درنا سفتہ۔ سنگ قمر۔ یاقوت اور فیروزہ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۲، ۷، ۱۱، ۱۶، ۲۰، ۲۵، ۲۹، ۳۴، ۳۸، ۴۳، ۴۷، ۵۲، ۵۶، ۶۵ اور ۷۰ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۳، ۱۲، ۲۱، ۳۰، اکتوبر

آپ کی خصوصیات طویل القامت۔ گھبرو جوان۔ سرخ و سفید رنگ انتہا کا خوش مزاج، آزاد مرد۔ فراخدل۔ ایک دل پسند شخصیت کا مالک

آپ کی مالیات

کاروبار۔ بینکنگ اور صنعت و حرفت میں آپ خوب دولت کما سکتے ہیں۔ اپنے صاحب اثر دوستوں۔ جنس مخالف اور شادی کے ذریعہ امیر کبیر بن جائیں گے۔

آپ کی صحت

بچپن کے بعد جوں جوں آپ زندگی میں ترقی کرتے چلے جائیں گے

آپ کی صحت خوشگوار ہوتی چلی جائے گی ــــ زندگی کا اکیسواں سال صحت کے لحاظ سے نہایت اہم ہے۔ آپ پر مرض بہت کم حملہ آور ہوسکتی ہے۔

آپ کے ستارے

مشتری و زہرہ کا اثر آپ پر بہت زیادہ ہے۔

آپ کے مبارک رنگ

کاسنی، نافرمانی، اودا، نیلے رنگ کے تمام شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

لاجورد، فیروزہ اور زعفرانی رنگ کے دوسرے چمکدار پتھر آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں

آپ کے اہم سال

۳، ۶، ۱۲، ۱۵، ۲۱، ۲۴، ۳۰، ۳۳، ۳۹، ۴۲، ۴۸، ۵۱، ۵۷، ۶۰، ۶۶ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۴، ۱۳، ۲۲، ۳۱ اکتوبر

آپ کی خصوصیات طویل القامت، مضبوط جسم، گورا رنگ، قوت ارادی کا مالک، فن و ادب کا دلدادہ، نہایت حساس طبیعت کا مالک

آپ کی مالیات

آپ کو وراثت کے ذریعہ زرِ کثیر حاصل ہوگا۔

آپ کی صحت

آپ اپنے گلے، ناک، چہرہ اور اعضائے رئیسہ کی حفاظت کریں ورنہ غیر معمولی تکالیف لاحق ہو کر اپریشن وغیرہ کی نوبت پہنچنے کا احتمال قوی ہے۔

آپ کے ستارے

زہرہ، شمس اور سکینہ کے اثرات آپ پر حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

سنہری، زرد، نارنجی، نیلے رنگ کے تمام شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

یاقوت، الماس اور فیروزہ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۴، ۸، ۱۳، ۱۷، ۲۲، ۲۶، ۳۱، ۳۵، ۴۰، ۴۴، ۵۳، ۵۸، ۶۲ اور ۶۷ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں

۵، ۱۴، ۲۳، اکتوبر

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ مضبوط جسم۔ سرخ و سپید رنگ۔ نہایت مؤدب و مہذب۔ کفایت شعار۔ منصف مزاج۔ روایات کا سختی سے پابند۔ سائنٹیفک مطالعہ کا دلدادہ۔

آپ کی مالیات

مالیات کے معاملے میں آپ دوسروں کو نہایت بہترین رائے دے سکتے ہیں کاش کہ آپ خود اس پر عمل پیرا ہو سکتے۔

آپ کی صحت

آپ کا بدن گٹھیلا ہے لیکن اعصاب کی تکلیف بالعموم آپ کو لاحق رہے گی۔ آپ میں مرض کا مقابلہ کرنے کی قوت بہت زیادہ ہے۔

آپ کے ستارے

آپ پر زہرہ و عطارد کے ملے جلے اثرات حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

آپ کے لئے تمام رنگوں کے بھڑکدار شیڈ مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

تمام چمکیلے پتھر آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔ الماس آپ کے

لیے خاص طور پر نہایت بہتر ہے۔

آپ کے اہم سال

۵، ۱۴، ۲۳، ۳۲، ۴۱، ۵۰، ۵۹، ۶۸، ۷۷ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۶، ۱۵، ۲۴، اکتوبر

آپ کی خصوصیات طویل القامت۔ متناسب الاعضاء۔ مضبوط جسم۔ گورا رنگ۔ سنہری بال۔ نیلگوں آنکھیں۔ نہایت خوب صورت اوصاف حمیدہ کا مالک۔

آپ کی مالیات

آپ اگر اپنے مرتب کردہ پروگراموں پر عمل پیرا ہوں تو ناممکن ہے کہ آپ کو مالی منافع حاصل نہ ہوں۔ لہٰذا اپنے اخذ کردہ نتائج پر سختی سے پابند رہا کریں۔

آپ کی صحت

آپ میں چونکہ مرض سے جلد از جلد صحت حاصل کرنے کی قوت بہت زیادہ ہے۔ لہٰذا آپ شاذ و نادر ہی طویل عرصے کے لئے بیمار ہوں گے۔

آپ کے ستارے

شمس و زہرہ کے ملے جلے اثرات آپ پر بہت زیادہ ہیں۔

آپ کا مبارک رنگ

سنہری، زرد، نارنجی، اور نیلے رنگ کے جملہ ہلکے اور گہرے شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس، یاقوت اور فیروزہ آپ کے لئے نہایت مبارک پتھر ہیں۔

آپ کے اہم سال

۶، ۱۵، ۲۴، ۳۳، ۴۲، ۵۱، ۶۰، ۶۹، ۷۸

سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۷، ۱۶، ۲۵ اکتوبر

آپ کی خصوصیات

نہایت خوبصورت۔ گورا رنگ۔ لمبا چھریرا بدن نہایت دور اندیش۔ متوازن عادت والا۔ اچھی نئی باتیں کرنے والا۔ فنون کا دلدادہ، ادب کا شائق۔ نرم دل۔ وفادار والا۔ حساس۔

آپ کی مالیات

آپ کی مالیات کبھی یکساں نہ رہیں گی۔ کبھی تو آپ امیر کبیر ہو جائیں گے اور کبھی مفلس و قلاش لہٰذا اچھے دنوں میں ضرور کچھ نہ کچھ پس انداز کریں کہ برے دن آرام سے کٹیں۔

آپ کی صحت

صحت کے لحاظ سے بھی آپ کو عجیب و غریب حالات کا سامنا کرنا ہوگا۔ مسموم خوراک کے متعلق خاص طور پر احتیاط برتیں

آپ کے ستارے

قمر، زہرہ اور نیپ چون کے تاثرات آپ پر بہت زیادہ حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

سبز، دودھیا سفید، فاختئی اور نیلے رنگ کے تمام شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

زبرجد اخضر، درنا سفتہ، سنگ قمر، اور فیروزہ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۲، ۷، ۱۱، ۱۶، ۲۰، ۲۵، ۲۹، ۳۴، ۳۸، ۴۳، ۴۷، ۵۲، ۵۶، ۶۱ اور ۶۵ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۸، ۱۷، ۲۶ اکتوبر

آپ کی خصوصیات طویل قد۔ دوہرا بدن۔ گورا رنگ۔ سنہری بال بڑے بڑے اعضاء۔ گھمنڈی۔ جھگڑالو۔ خودغرض۔ ظاہری نمود کا شائق۔ صائب الرائے، آزاد مرد۔

آپ کی مالیات

دولت کے معاملہ میں آپ کچھ اتنے زیادہ خوش قسمت واقع نہیں ہوئے البتہ کوئی بڑا ورثہ ضرور ساتھ آئے گا اور اس طرح آپ امیر کبیر بن سکتے ہیں۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت پر آپ کے ذہن کا اثر زیادہ ہے۔ ذہن اچھا ہے تو صحت بھی اچھی ہے اور اگر ذہن پر کسی قسم کا دباؤ ہے تو آپ علالت محسوس کریں گے۔ مالیخولیا وغیرہ امراض سے محتاط رہیں۔

آپ کے ستارے

آپ پر سیارگان زحل و زہرہ کے اثرات زیادہ ہیں

آپ کے مبارک رنگ

سیاہی مائل نیلا رنگ اور نیلے رنگ کے دیگر شیڈ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

دُر اسود، الماس اسود۔ اور دوسرے تاریک رنگوں کے پتھر آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۸، ۱۷، ۲۶، ۳۵، ۴۴، ۵۳، ۶۲، ۷۱ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۹، ۱۸، ۲۷ اکتوبر

آپ کی خصوصیات طویل القامت۔ متناسب الاعضاء۔ چہرے کے نقوش میں طوالت۔ سرخ و سپید رنگ۔ خوشامد پسند۔ گھمنڈی۔ خود اعتماد۔ بڑیں ہانکنے والا۔ خوش مزاج۔

آپ کی مالیات

اگر سطحی نظر سے دیکھا جائے تو مالی لحاظ سے آپ ایک کامیاب انسان ہیں۔ آپ کو ذمہ داری اور حکومت کے مراتب حاصل ہوں گے لیکن بہت تھوڑے عرصہ کے لئے آپ اپنی تیزی طبع پر قابو رکھیں۔ مالیات آپ کا قدم چومیں گی۔

آپ کی صحت

بچپن میں آپ کا جسم پتلا دبلا تھا لیکن ۲۸ سال بعد جسم میں تندرستی و توانائی بڑھ جائے گی۔ آپ کو بخار، سوء ہضمی اور حرارت الدم سے

پھوڑے پھنسیوں کی شکایت عام رہے گی

آپ کے ستارے

زہرہ و مریخ کے اثرات آپ پر زیادہ ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

قرمزی، سرخ اور گلابی رنگ اور نیلے رنگ کے تمام شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

یاقوت سُرخ، تامڑا۔ الماس، مرجان اور فیروزہ آپ کے لئے نہایت مبارک قیمتی پتھر ہیں۔

آپ کے اہم سال

۹، ۱۸، ۲۷، ۳۶، ۴۵، ۵۴، ۶۳ اور ۷۲ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

باب ۱۱

داخلہ شمس
در
برج عقرب
۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر

فصل
حروف ن ی

نومبر

برج عقرب — سیّارہ مریخ — مبارک دن منگل

مبارک رنگ گہرا سُرخ۔ مبارک نگینہ سنگ یشب۔ مبارک عدد ۹

اگر آپ ماہ نومبر میں پیدا ہوئے تو آپ کا برج عقرب ہے اور اس لحاظ سے سیارہ مریخ ہے۔

سال کے اس مہینے میں پیدا ہونے والے حضرات تقریباً ۱۷ سال کی عمر تک روشن دماغ مذہبی اور خدا پرست ہوتے ہیں۔ لیکن فوراً ہی جب سوئی ہوئی قسمت جاگتی ہے تو پھر دماغی توازن بالکل مخالفت پر مائل ہو جاتا ہے۔ اس کے باوجود انہی لوگوں میں ولیوں کی کثیر تعداد پیدا ہوتی ہے تاہم یہ لوگ بے حد جذباتی ہوتے ہیں اور یہی خصوصیت ان کے پلڑے سے

کیریکٹر کی بنیاد ہے۔ ان میں بہت ہی زبردست کشش پائی جاتی ہے۔ یہ دلائل کی نسبت جذبات سے زیادہ کام لیتے ہیں۔ سامعین کے احساسات کو اس طرح اپنے قابو میں کر لیتے ہیں کہ جب چاہیں اور جدھر چاہیں ان کا رُخ بدل لیتے ہیں۔ ان کی تحریر میں بلا کی قوت ہوتی ہے جس چیز کا بیان کرتے ہیں الفاظ میں تصویر کھینچ دیتے ہیں غرض یہ لوگ خاص صلاحیتوں کے حامل ہوتے ہیں اور مقناطیسی کشش والے ہوتے ہیں۔ انسانیت نواز بھی ہوتے ہیں

مخدوش اور پر خطر حالات میں ٹھنڈے اور فیصلہ کن دماغ سے کام لیتے ہیں۔ اکثر قابل ترین سرجن اسی زمانہ سال کی پیدائش ہیں۔ ان لوگوں کی سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ جن لوگوں سے ملتے ہیں انہی کے رنگ میں رنگے جاتے ہیں۔ اگر بُری صحبت میں پڑ جائیں تو وقتی طور پر انہی جیسے ہو جاتے ہیں۔ لیکن جب بالکل تباہی کے کنارے پر پہنچتے ہیں تو دفعتہً سنبھل جاتے ہیں اور عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ مشکل ترین حالات سے آخر میں صاف دامن بچا کر نکل جاتے ہیں۔

اکثر بڑے انسانیت نواز ہوتے ہیں اور دنیا کی بھلائی کی بڑی بڑی تجویزیں سوچتے رہتے ہیں، اور اگر ان کی تعریف کر دی جائے تو بنی نوع انسان کے لئے بہت کچھ کر گزرتے ہیں۔ ان کی زندگی عموماً دوہری زندگی ہوتی ہے۔ ایک بناوٹ اور دکھاوے کی دوسری نجی۔

شادی شدہ ہوں تو دو گھروں کے خواہشمند ہوتے ہیں۔ ایک ایسا جس میں ذمہ داری بھی ہو اور تکلفات بھی اور دوسرا ایسا جس میں وہ لاابالی

زندگی بسر کر سکیں خواہ اس میں تنہا ہی رہنا پڑے۔

جنسیات کی طرف مائل جنسی امراض کا شکار اور بے حد جذباتی ہوتے ہیں لیکن پابندیوں سے تو آزاد ہوتے ہیں۔

کاروبار اور سیاست میں نہایت زیرک ہوتے ہیں لیکن دوسروں سے مشیر کی حیثیت سے کہیں زیادہ کام کر سکتے ہیں اور زیادہ کامیاب ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو آج کا کام کل پر نہیں چھوڑنا چاہیئے۔ لیت ولعل ان کی اہم کمزوری ہے جو اس زمانہ میں پیدا ہونے والوں کی سب سے بڑی دشمن ہے۔ یہ لوگ دماغ جنگجو اور دلائل کے ماہر ہوتے ہیں لیکن حقیقی زندگی میں خون ریزی اور جنگ سے گھبراتے ہیں۔ اس لئے صلح پسند دل کی حیثیت سے شہرت پاتے ہیں۔ دو آدمیوں کے درمیان جھگڑا چکانے میں مہارت تامہ رکھتے ہیں۔ شاہ ایڈورڈ ہفتم اس خصوصیت کی اچھی مثال تھے۔ یہ لوگ اپنی تحریر و تقریر سے خوب اچھی طرح ڈس لیتے ہیں لیکن فریق مخالف کو مصالحت پر آمادہ دیکھ کر سب کچھ بھلا دیتے ہیں اور رحم مجسم بن جاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے دوست بھی بہت ہوتے ہیں اور دشمن کم لیکن ان کی زبردست شخصیت سب کو سمندر کی موج کی طرح پہلے اپنے ریلے میں بہالے جاتی ہے۔ ان کی زندگی میں جنسیات کو بڑا دخل ہوتا ہے۔ مرد و عورت ایک دوسرے کی طرف شدت سے مائل ہوتے ہیں لیکن جن لوگوں کی اولوالعزمی اور قوت ارادی کے جذبات قوی ہوتے ہیں وہ جنسی خواہشات کو قابو میں کر لیتے ہیں اور عروس کامرانی سے ہم کنار ہوتے ہیں۔

برج عقرب میں آئے ہوئے لوگوں کو زیادہ سے زیادہ اولوالعزمی کی طرف مائل کرنا چاہیے ہیں کیونکہ یہی ایک ایسا جذبہ ہے جو ان کو تباہی سے بچا سکتا ہے۔ طلب جاہ کی خاطر وہ بڑی سے بڑی قربانی سے بھی دریغ نہ کریں گے اور اس کی خاطر آزمائش کو بھی ترجیح دیں گے۔ اسی طرح یہ لوگ دوسرے لوگوں سے کہیں زیادہ کام کر سکتے ہیں۔

یہ لوگ دوسرے لوگوں کی رائے کو بڑی وقعت دیتے ہیں۔ اور اپنی کمزوری کے باعث اکثر دھمکی بازوں کے چنگل میں آجاتے ہیں۔ ایسے لوگ خود غرضی کی طرف بھی مائل ہوتے ہیں۔ اور فوری ضرورت پر ہر چیز قربان کر سکتے ہیں۔ اس کے برعکس اگر انہیں اپنے کام میں کامیابی حاصل ہوجائے تو پھر ان کے برابر فیاض بھی کوئی نہیں ہوسکتا اور ایک مہربانی کا دس گنا زیادہ احسان مانتے ہیں۔

گھریلو زندگی میں مرد حکمانہ رویہ اختیار کرنا چاہتا ہے۔ عورت اس کی گرویدہ ہوجاتی ہے اور اس کی اس کمزوری کو ہمیشہ نظرانداز کرتی رہتی ہے یہاں تک کہ ایسے آدمی کی بیوی بھی آخری وقت تک اس کی حمایت پر اڑی رہتی ہے۔

ایک زبردست مقناطیسی قوت کے باعث دوسروں پر نفسیاتی طور پر حاوی رہتے ہیں۔ اپنی زبردست روحانی قوت کے اثرات دوسروں پر منتقل کر دیتے ہیں اور جب ان کے محسوسات اور جذبات ہمدردی کے لئے برانگیختہ ہوتے ہیں تو پھر وہ درد کر لے اور خیرات دینے میں مسرت

محسوس کرتے ہیں۔ اس لئے سب خطرات کے مقابلہ کو بغیر سوچے سمجھے تیار ہوجاتے ہیں۔

ان کی جنسی خواہشات کو قابو میں رکھنے کی اشد ضرورت ہے۔ ورنہ کوئی بھی زیادتی ان سے بعید نہیں۔ کسی نہ کسی موڑ پر عموماً روحانیت کی طرف مائل ہوجاتے ہیں اور غیر معمولی طور پر بصیرت حاصل کر لیتے ہیں۔

ان میں سے اکثر ممتاز مصوّر، مصنف یا شاعر کی حیثیت سے شہرت پاتے ہیں۔ یہ فطری طور پر فلسفی اور گہرے مطالعہ اور دوسروں کے تجزیہ کو پرکھنے میں ماہر ہوتے ہیں۔ عام طور پر ان کے دوست ان سے محبت کرتے ہیں لیکن اس برج کے زیر اثر پیدا ہونے والے اپنی زندگی کے کسی نہ کسی موڑ پر عیارانہ تہمت یا بہتان کا شکار ہوتے ہیں۔

ایسے لوگوں کے وسائل معاش عموماً دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ابتدائی زندگی میں عموماً تکلیف، غریبی مشکلات میں مبتلا رہتے ہیں۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ یہ مشکلات اور مصائب ان کی اولوالعزمی اور قوت ارادی کو اکسا دیتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کسی نہ کسی طرح کامیابی اور شہرت ان کے قدم چومتی ہے۔

ان کے سب سے گہرے دوست جو اسی زمانہ سال میں پیدا ہوئے ہوں ۲۰ جون سے ۲۱ جولائی تک، ۱۹ فروری سے ۲۰ مارچ تک ۲۷ مارچ سے ۲۰ اپریل تک اور ۲۰ مئی سے ۲۷ مئی تک پیدا ہونے والے بھی ان کے اچھے دوست ثابت ہوسکتے ہیں۔

ان کی شادی کے لئے ۲۱ اپریل سے ۲۰ مئی یا ۲۱ ستمبر سے

۳۰ اکتوبر تک کی پیدائش والی عورت بہت مفید ثابت ہو سکتی ہے اور اس طرح ان کی زندگی بہت اچھی گذر سکتی ہے۔

ایسے لوگ ابتدائی عمر میں بہت دبلے پتلے ہوتے ہیں لیکن رفتہ رفتہ ان کا وزن بڑھتا ہے یہاں تک کہ ادھیڑ عمر کو پہنچنے تک فربہی کی طرف ہو جاتے ہیں۔ مرد اور عورت دونوں جنسی بیماریوں یا گردے کے امراض کا شکار ہو جاتے ہیں۔

۱، ۱۰، ۱۹، ۲۸ نومبر

آپ کی خصوصیات پستہ قد۔ مضبوط جسم و عظیم الجثہ۔ تند و تیز شر کنندہ۔ ذہین و فطین۔ اچھی تنقید کرنے والا اور پختہ رائے

آپ کی مالیات

آپ روپیہ نہایت آسانی سے کما سکتے ہیں لیکن جو کمائیں گے اسے محفوظ کرنا نہایت دشوار ہے۔ لہٰذا آپ روپیہ لگانے میں محتاط رہیں تو بہتر ہے۔

آپ کی صحت

پچیس سال کی عمر میں آپ کی صحت میں خاصی تبدیلی واقع ہو گی۔ اس عمر تک آپ نحیف و نزار رہیں گے۔ اس کے بعد آپ کا جسم بھرنا اور مضبوط ہونا شروع ہو گا۔ آپ میں مرض کی مدافعت کی قوت نہایت زیادہ ہے۔

آپ کے ستارے

شمس، سکینہ۔ قمر۔ اور نیپ چون کے اثرات آپ پر زیادہ حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

سنہری، زرد۔ نارنجی۔ سلیٹی۔ سبز۔ دودھیا سفید، اور ناخنی رنگ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

۱، ۴، ۱۰، ۱۳، ۱۹، ۲۲، ۲۸، ۳۱، ۳۷، ۴۰، ۴۶، ۴۹، ۵۵، ۵۸، ۶۴، ۶۷ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۲، ۱۱، ۲۰، ۲۹ نومبر

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ بھدا جسم۔ بال گھنے کالے زرد رو۔ بہت سی صفات بد کا حامل۔ دغاباز۔ منحوس۔ گھمنڈی غبی۔ بدکار۔ میگساری کا شائق اور منشیات کا دلدادہ۔

آپ کی مالیات

روپیہ کے معاملہ میں آپ نہایت دور اندیش واقع ہوئے ہیں لہٰذا روپیہ آپ کی سب سے زیادہ اور بڑی پریشانیوں کا موجب ہے۔ آپ اپنی ذاتی کوششوں سے یا بذریعہ رشتہ ازدواج روپیہ حاصل کر سکتے

ہیں لیکن روپیہ آپ کے پاس زیادہ دیر تک محفوظ نہ رہ سکے گا لہٰذا محتاط رہیں۔

آپ کی صحت

آپ کا جسم بھدا ضرور ہے لیکن آپ بھاری بھرکم نہیں ہیں۔ آپ کو صرف اپنے اعصاب کی حفاظت کرنی چاہیے۔ آپ کا نظام اعصاب اگر درست نہیں ہے تو ہر قسم کا مرض جلد آپ پر قبضہ جما سکتا ہے۔

آپ کے ستارے

قمر اور نیپچون کا اثر آپ پر نہایت زیادہ ہے۔

آپ کے مبارک رنگ

سبز۔ دودھیا سفید۔ اور فاختئی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

زبرجد اخضر۔ درنا سفتہ۔ سنگ قمر اور یاقوت سرخ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۲، ۷، ۱۱، ۱۶، ۲۰، ۲۵، ۲۹، ۳۴، ۳۸، ۴۳، ۴۷، ۵۲، ۵۶، ۶۱ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۳، ۱۲، ۲۱، ۳۰ نومبر

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ مضبوط جسم۔ سیاہ سانولا رنگ بھدا جسم۔ خود غرض نہایت مغرور۔ اپنے مقاصد پر دوسروں کو قربان کر دینے والا۔ نہایت بارسوخ انسان۔

آپ کی مالیات

آپ دنیا کے ہر کام میں دولت کما سکتے ہیں۔

آپ کی صحت

اپنے مقدور سے زیادہ کام کرنا آپ کی صحت کو تباہ و برباد کر دے گا۔ محتاط رہیں، آرام کی آپ کو بڑی ضرورت ہے۔

آپ کے ستارے

مشتری اور مریخ کے اثرات آپ پر زیادہ حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

کاسنی۔ نافرمانی۔ جامنی۔ قرمزی۔ سرخ اور گلابی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

لاجورد۔ اسکندرط۔ فیروزہ آپ کے لئے نہایت مبارک نگینے ہیں

آپ کے اہم سال

۳، ۹، ۱۲، ۱۸، ۲۱، ۲۷، ۳۰، ۳۶، ۳۹، ۴۵

۴۸ ، ۵۴ ، ۵۷ ، ۶۳ سال آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

۴ ، ۱۳ ، ۲۲ ، نومبر

آپ کی خصوصیات طویل القامت ۔ دوہرا بدن ۔ سرخ و سپید رنگ صاف دل ۔ سخی ۔ چست و چالاک اور مہذب

آپ کی مالیات

مالی معاملات میں غیر معمولی احتیاط لازم ہے ۔ دوسروں کے وعدہ وعید پر بہت کم اعتبار کرنا چاہیے۔ آپ شراکت میں خوب فائدہ اٹھا سکتے ہیں ، اور ایجادات سے روپیہ کما سکتے ہیں۔

آپ کی صحت

آپ کی مرض ہمیشہ ذہنی ہوگی ۔ اگر آپ کا ذہن صاف ہے تو آپ کبھی بیمار نہیں ہو سکتے ۔

آپ کے ستارے

سکینہ و مریخ کے اثرات آپ پر بہت زیادہ حادی ہیں ؛

آپ کے مبارک رنگ

آسمانی ۔ قرمزی ۔ سرخ اور گلابی رنگ آپ کے لئے مبارک ہیں ؛

آپ کے مبارک نگینے

پکھراج ۔ یاقوت سرخ اور تامڑا آپ کے لئے نہایت مبارک نگینے ہیں

آپ کے اہم سال

۴ ، ۸ ، ۱۳ ، ۱۷ ، ۲۲ ، ۲۶ ، ۳۱ ، ۳۵ ، ۴۰ ، ۴۴ ، ۴۹ ، ۵۳ ، ۵۸ ، ۶۲ ، ۶۷ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں

۵ ، ۱۴ ، ۲۳ نومبر

آپ کی خصوصیات ٹھگنا قد ۔ بھاری جسم ۔ سیاہ گھنگریالے بال سیاہ و سرخ رنگ ۔ نہایت مستقل مزاج ۔ چالباز ۔ ذہین و فطین ۔ دیوانہ بکار خویش ہشیار ۔ خودغرض ۔ بدنظرت ۔ جنس مخالف کے لئے مقناطیسی طاقت رکھنے والا ۔

آپ کی مالیت

مالی لحاظ سے آپ نہایت خوش نصیب انسان ہیں ۔ اپنی دولت کو سنبھال کر رکھیں فضول خرچی سے ضائع ہو جانے کا اندیشہ ہے ۔

آپ کی صحت

بچپن میں آپ کی صحت سخت خراب رہے گی ۔ لیکن جوں جوں آپ بڑے ہوتے چلے جائیں گے ۔ آپ کے اعصاب میں قوت پیدا ہوتی جائے گی ؛ اور مدافعت مرض کی طاقت آپ میں بہت زیادہ ہو جائے گی ۔

آپ کے ستارے

مریخ و عطارد کے اثرات آپ پر بہت زیادہ ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

دودھیا سفید رنگ۔ زرد پیلی رنگ۔ قرمزی۔ سرخ اور گلابی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

الماس۔ یاقوت سرخ۔ تامڑا۔ اور سرخ چمکدار پتھر آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۵، ۹، ۱۴، ۱۸، ۲۳، ۲۷، ۳۲، ۳۶، ۴۱، ۴۵، ۵۰، ۵۴، ۵۹، ۶۳ سال آپ کے لئے نہایت اہم ہیں۔

۶، ۱۵، ۲۴، نومبر

آپ کی خصوصیات

درمیانہ قد مائل بہ درازی۔ بھرا ہوا بدن قوی الجثہ، سانولا رنگ۔ گہرے بھورے بال۔ نہایت مغرور المزاج جھگڑالو۔ حاسد اور کم ظرف۔

آپ کی مالیات

اگر آپ اپنی سوجھ بوجھ پر چلیں تو روپیہ کمانے میں نہایت خوش نصیب بن سکتے ہیں آپ روپیہ کما سکتے ہیں اور اسے جمع بھی کر سکتے ہیں۔ اس

تاریخ کو پیدا ہونے والی خواتین کی شادی نہایت اچھی جگہ ہو گی گو ذرا دیر سے ہو گی۔

آپ کی صحت

آپ صحت کے لحاظ سے ماشاءاللہ نہایت قوی ہیں۔ ڈر صرف اتنا ہے کہ بوڑھے ہو کر آپ کا جسم بھاری بھر کم ہو جائے گا اور اختلاج قلب کا عارضہ لاحق ہو جائے گا۔

آپ کے ستارے

زہرہ و مریخ کے اثرات آپ پر بہت زیادہ حاوی ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

نیلے رنگ کے تمام شیڈ۔ قرمزی، سرخ اور گلابی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

فیروزہ۔ یاقوت سرخ۔ تامڑا اور نیلے اور سرخ رنگ کے تمام قیمتی پتھر آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۶، ۹، ۱۵، ۱۸، ۲۴، ۲۷، ۳۳، ۳۶، ۴۲، ۴۵، ۵۱، ۵۴، ۶۰ اور ۶۳ سال آپ کے لئے نہایت اہم ہیں۔

٧، ١٦، ٢٥ نومبر

آپ کی خصوصیات گول مٹول جسم ۔ سیاہ رنگ ۔ نہایت ضدی مجرمانہ ذہنیت والا ۔ اور بڑی حد تک ہنرمند ۔

آپ کی مالیات

گو مالی مفاد اور دنیا کے مادی معاملات آپ کے لئے کسی قسم کی جاذبیت نہیں رکھتے ۔ لیکن پھر بھی غیر معمولی طریقوں سے آپ کو مال و زر کا حصول ہی ہو جائے گا ۔

آپ کی صحت

آپ صحت کے لحاظ سے تنومند انسان نہیں ہیں ۔ ذہنی دباؤ کے باعث آپ ہمیشہ صاحب فراش رہا کریں گے ۔

آپ کے ستارے

قمر ۔ نیپچون اور مریخ آپ پر بہت زیادہ اثرات ڈال رہے ہیں

آپ کے مبارک رنگ

سبز ۔ دودھیا سفید ۔ فاختئی رنگ ۔ قرمزی ۔ سرخ اور گلابی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے مبارک نگینے

سبز اور بھورے رنگ کا زبرجد ۔ سنگ قمر ۔ در نا سفتہ

یاقوت سرخ ۔ تامڑا ۔ اور سرخ رنگ کے تمام چمکیلے پتھر آپ کے لئے مبارک ہیں ۔

آپ کے اہم سال

٢ ، ٧ ، ١١ ، ١٦ ، ٢٠ ، ٢٥ ، ٢٩ ، ٣٤ ، ٣٨ ، ٤٣ ، ٤٧ ، ٥٢ ، ٥٦ اور ٧٠ سال آپ کے لئے اہم ہیں ۔

٨، ١٧، ٢٦ نومبر

آپ کی خصوصیات ٹھگنا قد ۔ گول مٹول جسم ۔ سیاہ آنکھیں سیاہ رنگ ۔ کمینہ فطرت ۔ خوفناک ۔ دلیر اور بدخو ۔ دورخا ۔ جھگڑالو اور بدلحاظ

آپ کی مالیات

آپ یا تو زندگی میں ایک امیر کبیر انسان ہوں گے یا مفلس و قلاش درمیانہ حالت کبھی نہ ہوگی ۔

آپ کی صحت

آپ کی صحت یا تو نہایت خوشگوار ہوگی یا آپ ہمیشہ مریض رہیں گے ۔ درمیانہ صحت کبھی نہ ہوگی ۔

آپ کے ستارے

آپ پر زحل و مریخ کے اثرات غالب ہیں ۔

آپ کے مبارک رنگ

سیاہ۔ سیاہی مائل سرخ۔ قرمزی۔ سرخ۔ اور گلابی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

یاقوت اسود۔ درِ اسود۔ الماس اسود۔ کلیجیا رنگ کا عقیق آپ کے لئے مبارک پتھر ہیں۔

آپ کے اہم سال

۴، ۸، ۱۳، ۱۷، ۲۲، ۲۶، ۳۱، ۳۵، ۴۰، ۴۴، ۴۹، ۵۳، ۵۸، ۶۲ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۹، ۱۸، ۲۷، نومبر

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد۔ دوہرا بدن۔ عظیم الجثہ۔ سانولا سرخی مائل رنگ۔ بہترین سیاست دان۔ ایک منفرد حیثیت اور قابلیت کا مالک۔ ضدی۔ سرکش۔ بدخو۔ فریبی۔ لیکن بہت سے اوصاف کا مالک بھی۔

آپ کی مالیات

آپ اوائل عمر سے ہی اپنی کوششوں کے تحت ایسا مقام حاصل کرلیں گے کہ بڑے ہوکر ایک امیر کبیر اور صاحب حیثیت انسان کہلا سکیں۔

آپ کی صحت

آپ کو بخار اور خون کے مثبت دباؤ کی تکلیف رہے گی اور بڑے بڑے حوادث سے بھی دوچار ہونا پڑے گا لہٰذا محتاط رہیں۔

آپ کے ستارے

سیّارہ مریخ کے اثرات عظیم آپ پر غالب ہیں۔

آپ کے مبارک رنگ

قرمزی۔ سرخ اور گلابی رنگوں کے ہلکے اور گہرے تمام شیڈ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کے مبارک نگینے

یاقوت سرخ۔ تامڑا اور دوسرے سرخ قیمتی پتھر آپ کے مبارک نگینے ہیں۔

آپ کے اہم سال

۹، ۱۸، ۲۷، ۳۶، ۴۵، ۵۴، ۶۳ اور ۷۳ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

مکمل

مصباح الجفر

مصنفہ : حضرت منجم اعظم صاحب

آئمہ معصومین کا پاکیزہ علم جفر سیکھنے کے لئے اس کا مطالعہ فرمائیے۔ دیباچہ میں علامہ حافظ کفایت حسین صاحب قبلہ رقمطراز ہیں کہ اس سے بہتر کتاب علم جفر کی میری نظر سے نہیں گزری ہے اسکے پڑھنے سے مقصد تک رسائی ہو سکتی ہے۔ قیمت ۱۰۰ روپے

مینجر: مکتبۂ آئینہ قسمت

۱۲۵ ڈی نزد مین مارکیٹ گلبرگ ۲ لاہور کوڈ ۵۴۶۶۰

باب ۱۲

داخلہ شمس در برج قوس

۲۳ نومبر تا ۲۲ دسمبر

حروف ہ۔ ف

دسمبر

برج قوس ۔ سیّارہ مشتری ۔ مبارک دن جمعرات مبارک رنگ زعفرانی ۔ مبارک نگینہ گائیڈک ۔ مبارک عدد ۳

اگر آپ ماہ دسمبر کی پیدا وار ہیں تو آپ کا برج قوس اور سیارہ مشتری ہے۔ برج قوس کے علامتی نشانات دو ہیں۔ ایک نشان تیر انداز کا نشان ہے۔ جس کے ہاتھ میں کمان ہے اور کمان میں تیر چڑھا ہوا ہے۔ گویا تیر انداز تیر پھینکا ہی چاہتا ہے۔ کہتے ہیں یہ تیر کبھی خطا نہیں جاتا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آئندہ رونما ہونے والے واقعات کے متعلق اس برج کے زیر اثر پیدا ہونے والے انسان کا اندازہ بالکل صحیح ہوتا ہے۔ وہ صائب الرائے ہوتا ہے۔ اس کی تدبیر کا نشانہ کبھی خطا نہیں جاتا۔ اس برج کا دوسرا علامتی

نشان ایک جسم ہے جو آدھا گھوڑا ہے اور آدھا انسان۔

برج قوس کے زیرِ اثر پیدا ہونے والے بچوں کی تربیت اگر اچھی ہو جائے۔ تو زندگی میں ان کا نصب العین بلند ترین ہوتا ہے۔ ان کے دل و دماغ کی قوتیں بالکل متوازن ہوتی ہیں اور درحقیقت یہ وہ انسان ہیں جو صحیح معنوں میں اشرف المخلوقات کہلانے کے سو فیصد مستحق ہوتے ہیں۔ یہ لوگ خلافتِ الٰہی کے لئے موزوں ہوتے ہیں۔ زیادہ تر انبیاء اسی برج کے زیرِ اثر پیدا ہوئے ہیں۔

یہ لوگ بالکل نڈر ہوتے ہیں اور جس بات کا عزم کر لیں اسے کر کے دم لیتے ہیں۔ بعض اوقات یہ لوگ اپنی رائے کا اظہار کچھ ایسی بیباکی اور خود اعتمادی سے کرتے ہیں کہ اچھے خاصے دوست ان کے دشمن بن جاتے ہیں۔ وہ دراصل ان کی رائے کی اہمیت کو نہیں سمجھتے۔

ان کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ان کے سامنے ایک وقت میں صرف ایک ہی سکیم ہوتی ہے جسے کامیاب بنانے میں وہ کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتے۔ یہاں تک کہ وہ سو فیصد کامیاب ہو جاتے ہیں کہ ان کے ذہن میں ہمیشہ یہ خیال رہتا ہے کہ آنے والے کل کی کامیابی کا دارومدار ہماری آج کی سخت اَن تھک محنت پر ہے۔

ان کے سوچنے کی قوت اتنی تیز ہوتی ہے کہ بعض دفعہ ان کا مخاطب اپنی بات شروع ہی کرتا ہے کہ یہ بے صبری سے ان کی بات قطع کر کے دو فقرے میں وہ ساری بات کہہ دیں گے جسے مخاطب بیان کرنا

چاہتا تھا۔ اور ساتھ ہی اس کو اپنی طرف سے اس مسئلے کا حل بھی مخاطب کو بتا دیں گے۔ یہ لوگ آپ کو کبھی بیکار نظر نہ آئیں گے۔ یہ ہمیشہ کچھ نہ کچھ کرتے رہتے ہیں۔ ان کے حق میں یہ کہنا مناسب ہوگا کہ انہیں قدرت نہیں مارتی بلکہ یہ خود اپنے آپ کو گھسا گھسا کر ختم کر ڈالتے ہیں یہ لوگ اپنی زندگی کے آخری دم تک کام کرتے دیکھے گئے ہیں۔ اور ڈاکٹروں نے یہ رائے دی ہے کہ ان کی موت مسلسل کثرتِ کار کی وجہ سے ہی ہے۔

یہ لوگ بڑے دیانت دار اور راستباز ہوتے ہیں خاص طور پر اگر کوئی ان پر پورا پورا اعتماد کر کے انہیں اپنے راز میں لے لے تو یہ دوستی کا حق ادا کر دیتے ہیں۔ دھوکے بازی اور فریب دہی سے انہیں اس قدر نفرت ہوتی ہے کہ اگر یہ کسی کو کسی سے دھوکہ کرتے دیکھ لیں تو ان کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو جاتا ہے اور یہ راز افشا کر دیتے ہیں۔ خواہ اس سے ان کے اپنے مفاد پر ہی چوٹ پڑتی ہو۔ یہ فراخ دل اور مسخر ہوتے ہیں۔ مدد کے لئے ان سے اپیل کی جائے تو فوراً مدد پر آمادہ ہو جاتے ہیں مگر اس سلسلہ میں ان کی دلچسپ بات یہ ہے کہ "فرد" کو یہ شک و شبہ کی نظر سے دیکھتے ہیں لیکن ادارہ یا جماعت کی مدد آنکھ بند کر کے کر دیتے ہیں ایسی مثالیں بھی دیکھنے میں آتی ہیں کہ برج قوس سے تعلق رکھنے والے کسی صاحب کے پاس کوئی غریب آدمی مدد مانگنے کے واسطے گیا تو اس کی غریبی سے متاثر ہو کر اس نے ایک چیک لکھا اسے لفافہ میں بند کیا اور اس غریب آدمی سے کہا کہ یہ خط فلاں انجمن کے سیکرٹری کے پاس لے جاؤ وہ لفافہ

وہاں لے گیا جب سیکرٹری نے لفافہ کھولا تو ایک چیک اور ساتھ ایک سفارشی خط نکلا کہ میں یہ رقم انجمن کو چندہ کے طور پر دیتا ہوں آپ اس رقم سے اس ضرورت مند کی مدد کر دیجئے۔ مطلب یہ کہ اگر وہ غریب آدمی دھوکا دینا چاہتا ہو تو اس دھوکہ اور فریب خوری کی ذمہ دار وہ انجمن ہے نہ وہ خود
ان کی محنت اور کوشش میں کچھ ایسی برکت ہوتی ہے کہ وہ جو کام بھی کریں اس میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ یہ بے دھڑک ایک کام چھوڑ کر دوسرا شروع کر دیتے ہیں۔ اور اس میں بھی کامیاب ہوتے ہیں۔

مجھے ایک مولوی صاحب یاد ہیں جو امامت اور خطابت میں بیحد کامیاب تھے۔ ان کی پیدائش برج قوس کے تحت تھی عام لوگوں کا خیال تھا کہ مولوی صاحب کے علم کا کوئی اندازہ نہیں لیکن اگر یہ کوئی اور کام کریں تو کبھی کامیاب نہ ہوں۔ کچھ عرصہ کے بعد حالات کچھ ایسے ہوئے کہ مولوی صاحب شہر کے شراب خانہ کے مینیجر بن گئے۔ اس مینیجری میں بھی وہ اتنے ہی کامیاب رہے جتنے کہ وہ امامت اور خطابت میں کامیاب تھے حالانکہ مسجد کا کام جدا اور شراب خانہ کا کام جدا ہے۔

برج قوس کے زیر اثر پیدا ہونے والی عورتیں ان مردوں سے بھی اس معاملہ میں زیادہ کامیاب رہتی ہیں۔ لیکن یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ یہ لوگ صرف اس صورت میں کامیاب رہ سکتے ہیں کہ جو کام وہ کر رہے ہوں اسے ان کی مرضی پر چھوڑ دیا جائے اور ان کی آزادی میں فرق نہ آنے دیا جائے

اور یہ سیاہ و سفید کے مالک بنے رہیں۔ یہ لوگ آزادی کے بڑے دلدادہ ہوتے ہیں۔ جہاں کسی نے ان پر حکومت بنائی یا ان پر پابندی عائد کرنے کی کوشش کی یہ انتہائی بغاوت پر آمادہ ہو گئے۔ یہ قانون کا بڑا احترام کرتے ہیں مگر صرف اس وقت تک کہ جب تک یہ یقین رکھیں کہ آزادی کے متعلق جو ان کا اپنا تصور ہے قانون اس پر حارج نہیں۔

اس برج سے تعلق رکھنے والے لوگوں کا ایک دوسرا بھی گروہ ہے یہ وہ لوگ ہیں جن کی تربیت اچھی نہیں ہوتی۔ یہ لوگ فوراً پہچانے جاتے ہیں۔ دوسرے لوگ جو بھی اچھا کام کریں یہ ان پر نکتہ چینی میں ہمیشہ پیش پیش ہوتے ہیں۔ روپے پیسے کے معاملہ میں یہ لوگ کمینگی کی حد تک بخیل ہوتے ہیں۔

جس طرح برج حمل سے تعلق رکھنے والے بہترین سپاہی ہوتے ہیں۔ اپنی ذاتی طاقت کو خوب استعمال کرتے ہیں۔ جس طرح برج اسد والے لوگ بہترین جرنیل ثابت ہوتے ہیں اور اپنی فوج کو سلیقہ سے لڑواتے ہیں۔ اسی طرح قوسی لوگ بہترین جرنیل بننے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ یہ ملک کی تمام طاقتوں کو موثر طریقہ پر منظم کر سکتے ہیں۔ کم تربیت یافتہ قوسی لوگ انتہا درجہ کے خود غرض اور قوم فروش ہوتے ہیں۔ یہ بالعموم حکومت میں گھس کر کسی بڑے عہدے پر پہنچ جاتے ہیں۔ اور خطابات حاصل کرتے ہیں اور اپنے ذاتی مفاد کی خاطر پوری قوم کی قوم کو بیچ دینے سے دریغ نہیں کرتے۔ اگرچہ یہ لوگ بڑے منافق ہوتے ہیں اور اپنے آپ کو

قوم پرست کہلاتے ہیں لیکن معمولی قابلیت کا آدمی بھی ان لوگوں میں جن کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔ فوراً تمیز کر سکتا ہے اور یہ چھپے نہیں رہ سکتے ۔ اس دوسرے گروہ میں مذہبی تعصب بھی بہت ہوتا ہے بایں ہمہ یہ تلخ حقیقت ہے کہ پہلے گروہ کے لوگ اپنی اصول پرستی اور خودداری کی وجہ سے زندگی کے کسی نہ کسی مرحلے میں مشکلات میں گھر جاتے ہیں۔ اور ان کی سرگرمیاں محدود ہو جاتی ہیں مگر دوسرے گروہ کے لوگ کسی مشکل میں نہیں پھنستے۔ وہ پہلے گروہ کی نسبت زیادہ کامیاب رہتے ہیں۔

بُرج قوس کے زیرِ اثر پیدا ہونے والے لوگوں کے عام خصائص بحیثیت مجموعی حسبِ ذیل ہوتے ہیں:

دلدادۂ موسیقی ہوتے ہیں۔ ان کی آواز سریلی ہوتی ہے اور یہ بہترین موسیقار ہوتے ہیں۔ یہ نہ ہو تو انہیں موسیقی سننے کا بڑا شوق ہوتا ہے۔ موسیقی کے اداروں سے تعلق ہوتا ہے۔ یا آلاتِ موسیقی سے تجارت وغیرہ کے سلسلہ میں کچھ نہ کچھ تعلق ضرور رہتا ہے۔

ہر بات میں یہ لوگ انتہا پسند ہوتے ہیں ان کے فیصلے فوری ہوتے ہیں بعض دفعہ پیشہ تبدیل کرنے میں بھی اتنی عجلت کرتے ہیں کہ بعد میں دل میں بہت پچھتاتے ہیں۔ مگر احساسِ برتری انہیں اس ندامت کا اظہار نہیں کرنے دیتی۔ اس برج کے زیرِ اثر پیدا ہونے والے ہر مرد کے ساتھ یہ ہوتا ہے کہ وہ تشویش میں شادی کر لیتا ہے۔ شادی کے وقت پورے غور اور احتیاط سے کام نہیں لیتے جس کا نتیجہ عمر بھر کے لئے پریشانی اور پشیمانی

ہوتی ہے۔ میاں بیوی کا نباہ ناممکن ہو جاتا ہے اور معاملہ ایسی صورت اختیار کر لیتا ہے کہ عدالت کے ذریعے طلاق ہو جائے مگر یہ وضع کی پابندی، دوسرے رشتہ داروں کے احترام اور خود اپنے وقارِ نفس کی خاطر نباہ کئے جاتا ہے اور دنیا کے سامنے بار بار یہی ظاہر کرتا ہے کہ بیوی سے خوب نباہ ہو رہا ہے۔ قوسی مرد کی زندگی کا یہ پہلو بہت دردناک ہے اس برج کے زیرِ اثر پیدا ہونے والی عورتیں قوسی مردوں سے بھی زیادہ شریف اور سمجھدار ہوتی ہیں۔ وہ اپنے خاوندوں کو زندگی میں کامیاب کرانے کے لئے ہر قربانی کرتی ہیں وہ بیحد باعصمت ہوتی ہیں اور ہر قسم کے حالات میں اپنے خاوند کی پرستش کرتی ہیں گھر بنانے کا انہیں خاص شوق ہوتا ہے، اگر خاوند نکما اور خراب پلے پڑ جائے تو بھی یہ نباہ کر لیتی ہیں۔ اور دنیا کو اپنے چہرے سے دل کا حال معلوم نہیں ہونے دیتیں۔

قوسی مرد کے خیالات فلسفیانہ ہوتے ہیں وہ مذہب کو فلسفہ کی عینک سے دیکھتا ہے۔ قوسی عورت مذہبی اصولوں کی پوری طرح پابند ہوتی ہے۔

اس برج کے زیرِ اثر پیدا ہونے والے لوگوں کی زندگی کا ۳، ۱۲، ۲۱، ۳۰، ۳۹، ۶۶ اور ۷۵ سال اہم ہوتا ہے۔ ان کی زندگی کے بڑے بڑے اور اہم معاملات کا فیصلہ انہیں سالوں میں ہوتا ہے اور عموماً موت بھی انہیں سالوں میں سے کسی میں واقع ہوتی ہے۔

دسمبر ۱، ۱۰، ۱۹، ۲۸

آپ کی خصوصیات طویل قد۔ چھریرا بدن۔ بارعب شخصی۔ نہایت خوبصورت۔ سرخ و سفید رنگت۔ بیضوی چہرہ۔ شریف الطبع۔ دلیر، با اعتبار۔ نہایت حساس۔ اور سیر و تفریح کا شائق

آپ کی مالیات

آپ جو کاروبار بھی کریں گے آپ کے لئے منفعت بخش ثابت ہوگا تخمین یعنی سٹہ بازی اور معمہ بازی سے پرہیز کریں۔ اس سے نقصان کا اندیشہ ہے۔

آپ کی صحت

صحت آپ کی ماشاء اللہ نہایت بہتر ہے۔ کثرت کار سے پرہیز کریں اس سے اعصابی امراض لاحق ہو جانے کا خدشہ ہے۔

آپ کا ستارہ

آپ پر شمس و مشتری کے ملے جلے اثرات نہایت واضح طور پر پڑتے ہیں۔

آپ کا مبارک رنگ

سنہری، زرد، کاسنی، نیلوفری اور جامنی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کا مبارک نگینہ

الماس۔ پکھراج زرد۔ اور گاؤمیدک آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں

آپ کے اہم سال

آپ کی زندگی کا ۱، ۳، ۱۰، ۱۲، ۱۹، ۲۱، ۲۸، ۳۰، ۳۷، ۳۹، ۴۰، ۴۸، ۵۴، ۵۷، اور ۶۴ سال نہایت اہم ہے۔

دسمبر ۲، ۱۱، ۲۰، ۲۹

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد، مضبوط جسم۔ دوہرا بدن۔ سنہری بال زیتونی رنگت۔ ناک نقشہ ذرا طولانی۔ فیصلہ کرنے میں جلد باز۔ نہایت گرمجوش۔ متلون الطبع اور شوقین مزاج۔

آپ کی مالیات

مالیات اکٹھا کرنے کے معاملہ میں ذرا لاپرواہ سے واقع ہوئے ہیں ویسے زندگی میں ضرور عظیم مقام حاصل کریں گے۔

آپ کی صحت

صحت کچھ ایسی اچھی نہیں خشک آب و ہوا آپ کے لئے نہایت صحت بخش ثابت ہو سکتی ہے۔

آپ کا ستارہ

آپ قمر و مشتری کے زیر اثر پیدا ہوئے ہیں۔

آپ کا مبارک رنگ

سبز، دودھیا سفید۔ فاختئی۔ نیلوفری۔ جامنی اور کاسنی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کا مبارک نگینہ

دُرنا سفتہ۔ سنگ قمر، زبرجد، لاجورد اور اسکندرط آپ کے لئے نہایت مبارک نگینے ہیں۔

آپ کا اہم سال

۲، ۳، ۷، ۱۱، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۵، ۲۹، ۳۰، ۳۴، ۳۸، ۴۳، ۴۷، ۴۸، ۵۲، ۵۷ اور ۶۱ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۳، ۱۲، ۲۱، ۳۰، دسمبر

آپ کی خصوصیات طویل القامت۔ چھریرا بدن۔ سرخ و سپید رنگ بارعب بشرہ۔ نہایت شریف الطبع۔ بے کمال معتبر۔

آپ کی مالیات

روپیہ آپ خوب کما سکتے ہیں۔ آپ کے لئے صرف ایک مشورہ نہایت قیمتی ہے کہ کچھ نہ کچھ پس انداز کرتے رہا کریں تاکہ داشتہ آید بکار ہو۔

آپ کی صحت

جسمانی صحت ماشاءاللہ نہایت شاندار ہے، آخری عمر میں ریڑھ کی ہڈی بازوؤں، ہاتھوں اور دماغ پر فالج گر جانے کا خدشہ ہے۔

آپ کا ستارہ

آپ مشتری۔ زہرہ اور مریخ کے زیر اثر پیدا ہوئے ہیں۔

آپ کا مبارک رنگ

کاسنی۔ نیلوفری۔ جامنی۔ نیلے رنگ کے تمام شیڈ، قرمزی، سرخ اور گلابی رنگ آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آپ کا مبارک نگینہ

لاجورد، اسکندرط۔ یاقوت سرخ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کا اہم سال

۳، ۱۲، ۲۱، ۳۰، ۳۹، ۴۸، ۵۷، ۶۶ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

۴، ۱۳، ۲۲، ۳۱، دسمبر

آپ کی خصوصیات لمبا قد، مضبوط جسم۔ گوری رنگت، سخی اور کریم النفس، نہایت پھرتیلا اور فرزانہ۔

آپ کی مالیات

روپیہ آپ کے پاس نہایت عجیب وغریب ذرائع سے آتا رہے گا لیکن آپ روپیہ جمع نہیں کر سکتے۔

آپ کی صحت

آپ کے بدن میں پھیپھڑے۔ گلہ اور ناک کا اندرونی حصہ نہایت نازک ہے۔ اور اس پر مرض کا اثر فوراً ہوتا ہے۔ لہٰذا ذرا احتیاط لازم ہے۔

آپ کا ستارہ

آپ مشتری وسکینہ کے زیر اثر پیدا ہوئے ہیں۔

آپ کا مبارک رنگ

سنہری۔ زرد۔ نیلوفری رنگ آپ کے لئے اچھے ہیں۔

آپ کا مبارک نگینہ

پکھراج سیاہ۔ الماس۔ لاجورد۔ مذہب آپ کے لئے نہایت بہترین ہے۔

آپ کے اہم سال

۴، ۸، ۱۳، ۱۷، ۲۲، ۲۶، ۳۱، ۳۵، ۴۰، ۴۴، ۴۹، ۵۳، ۵۸، ۶۲ سال آپ کے لئے نہایت بہترین ہیں۔

۵، ۱۴، ۲۳، دسمبر

آپ کی خصوصیات

قد مائل بہ سرافرازی۔ مضبوط جسم۔ بیضوی چہرہ۔ سرخ وسپید رنگ۔ تیز طبیعت۔ تعمیری اور میکانکی قابلیت کا مالک۔

آپ کی مالیات

آپ روپیہ کمانے میں ماہر ہیں لیکن آپ کا طریق کار نہایت عجیب ہے۔ آپ اپنے ذہن کے مطابق روپیہ لگا کر بے انداز منفعت حاصل کر سکتے ہیں

آپ کی صحت

آپ کسی خطرناک مرض کے شاذونادر ہی شکار ہو سکتے ہیں — صرف خوراک میں بدپرہیزی سے آپ بیمار ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا کھانے پینے میں احتیاط برتا کریں۔

آپ کا ستارہ

آپ پر مشتری وعطارد کے اثرات حاوی ہیں۔

آپ کا مبارک رنگ

کاسنی۔ نیلوفری۔ اور جامنی رنگوں کے ہلکے شیڈ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کا مبارک نگینہ

لاجورد۔ الماس۔ دوسرے چمکدار پتھر آپ کے لئے نہایت مبارک ثابت ہوں گے۔

آپ کے اہم سال

۵، ۱۴، ۲۳، ۳۲، ۴۱، ۵۰، ۵۹، ۶۸ اور ۷۷ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں ۔

۶، ۱۵، ۲۴، دسمبر

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد، دوہرا بدن ۔ چہرہ کے خطوط طولانی سرخ و سپید رنگ ، نہایت پیاری عادات والا ۔ سخی ۔ دلاور ۔ فراخدل قوی اخلاق کا مالک اور عیش و عشرت کا دلدادہ ۔

آپ کی مالیات

چاہے آپ روپیہ کے لئے محنت کریں یا نہ کریں آپ مالی لحاظ سے خوش قسمت ہیں ۔ شادی اور وراثت کے ذریعہ آپ کو خوب دولت ملے گی ۔

آپ کی صحت

آپ کو بچپن اور جوانی میں شاذونادر ہی کسی بیماری کا سامنا کرنا پڑے گا البتہ آخر الامر ۔ مرض سرطان یا دق سے لقمۂ اجل ہو جانے کا خطرہ ہے

آپ کا ستارہ

آپ زہرہ و مشتری کے زیر اثر متولد ہوئے ہیں ۔

آپ کا مبارک رنگ

کاسنی ۔ نیلوفری ۔ جامنی ۔ نیلا ۔ قرمزی رنگ آپ کیلئے نہایت

آپ کا مبارک نگینہ

لاجورد ۔ فیروزہ ۔ یاقوت سرخ ۔ تامڑا ۔ اور مرجان آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۳، ۶، ۱۲، ۱۵، ۲۱، ۲۴، ۳۰، ۳۳، ۳۹، ۴۲، ۴۸، ۵۱، ۵۷ اور ۶۰ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں ۔

۷، ۱۶، ۲۵، دسمبر

آپ کی خصوصیات طویل قد ۔ مضبوط جسم ۔ خوبصورت ۔ سرخ و سپید رنگ ۔ نہایت کریم الطبع ۔ عادل ۔ فراخدل ۔ منصف مزاج ۔ دیانت دار ۔ جبری ، اور سیر و تفریح کا شائق ۔

آپ کی مالیات

آپ کے مالی معاملات کچھ عجیب و غریب ہیں کم از کم آپ عام طریقوں سے روپیہ نہ کما سکیں گے ۔ آخری عمر میں آپ روپیہ لگا کر زبردست نقصانات اٹھائیں گے ۔

آپ کی صحت

آپ کی قوت ہاضمہ درست نہیں ۔ کھانے پینے میں وقت کی پابندی نہ کرنا اس کی وجہ ہے ۔

آپ کا ستارہ

آپ سیارگان نپ چون اور مشتری کے زیراثر پیدا ہوئے ہیں ۔

آپ ک مبارک رنگ

سبز ۔ دودھیا سفید ۔ فاختئی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کا مبارک نگینہ

زبرجد ۔ درِ نا سفتہ ۔ لاجورد آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۲، ۷، ۱۱، ۱۶، ۲۰، ۲۵، ۲۹، ۳۴، ۳۸، ۴۳، ۴۷، ۵۲، ۵۶ اور ۶۱ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں ۔

۸، ۱۷، ۲۶، دسمبر

آپ کی خصوصیات لمبا قد ۔ مضبوط جسم ۔ گورا رنگ ۔ دکھاوے کا شائق ۔ ظاہری طور پر سخاوت کرنے والا ۔ جلد باز ۔ بہت جلد اوچھے ہتھیاروں پر اتر آنے والا ۔ اور کئی ایک نیک صفات کا مالک جو اس سے شاذونادر ہی ظاہر ہو سکتی ہیں ۔

آپ کی مالیات

آپ باقاعدہ طور پر روپیہ کماتے رہیں گے اور اس طرح ایک نہ ایک دن امیر کبیر آدمی بن جائیں گے

آپ کی صحت

آپ کا جسم مضبوط اور اعصاب قوی ہیں ۔ آپ کسی اندرونی مرض کا شکار ہو سکتے ہیں ۔ جس کے باعث آپ کو خطرناک قسم کا اپریشن کرانا پڑ جائے گا ۔

آپ کا ستارہ

آپ پر سیارگان زحل و مشتری کے اثرات حاوی ہیں ۔

آپ کا مبارک رنگ

سیاہی مائل جامنی رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہے ۔

آپ کا مبارک نگینہ

الماس اسود ۔ درِ اسود ۔ سیاہی مائل مرجان آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں ۔

آپ کے اہم سال

۸، ۱۷، ۲۶، ۳۵، ۴۴، ۵۳، ۶۲ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں ۔

۹، ۱۸، ۲۷، دسمبر

آپ کی خصوصیات درمیانہ قد مائل بہ درازی ، مضبوط کسرتی بدن آزاد منش سخی عیش و عشرت کا دلدادہ ۔ میل ملاپ کا شائق ، نہایت گرمجوش ۔ دلاور اور خود پسند

آپ کی مالیات

آپ روپے کے معاملہ میں نہایت خوش قسمت واقع ہوئے ہیں۔ اچانک طور پر دولت ہاتھ آجائے گی اور شادی اور تخمین کے ذریعہ بھی آپ کو روپیہ حاصل ہوگا۔

آپ کی صحت

آپ صحت کے لحاظ سے اپنے بدترین دشمن ہیں خود صحت کو بگاڑ لیں گے اور اس کی ذمہ داری آپ کی لاپرواہی پر اور خطر پسندی پر عاید ہوتی ہے۔

آپ کا ستارہ

آپ سیارگان مریخ و مشتری کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔

آپ کا مبارک رنگ

قرمزی۔ سرخ۔ گلابی۔ جامنی۔ نیلوفری رنگ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کا مبارک نگینہ

یاقوت سرخ۔ تامڑا۔ مرجان سرخ اور دوسرے سرخ پتھر مثلاً عقیق سرخ وغیرہ آپ کے لئے نہایت مبارک ہیں۔

آپ کے اہم سال

۹، ۱۸، ۲۷، ۳۶، ۴۵، ۵۴، ۶۳ اور ۷۲ سال آپ کی زندگی میں نہایت اہم ہیں۔

باب ۱۳

انسان کی پیدائش پر بارہ برجوں کے اثرات

افلاک میں ان گنت اجرام فلکی حرکت کر رہے ہیں۔ ان کی تعداد بلاشبہ انسان کے سر کے بالوں یا صحرائے اعظم کی ریت کے ذروں سے کئی گنا زیادہ ہے کیونکہ انسان کا سر اور صحرائے اعظم کی وسعتیں محدود۔ لیکن پنہائے افلاک کی حدیں آج تک مقرر نہیں ہو سکیں۔

پنہائے فلک کے بہت سے اجرام فلکی ایسے ہیں جو آلات رصدیہ کی مدد کے بغیر نظر آجاتے ہیں اور اکثر ایسے ہیں جن کو صرف آلات رصدیہ کے ذریعے ہی دیکھا جا سکتا ہے۔ ان کے علاوہ ان اجرام فلکیہ کی تعداد جن کے متعلق ابھی قیاس ہی سے کام لیا جاتا ہے۔ "آلات رصدیہ" کی مدد کے بغیر اور انکے ذریعے نظر آنیوالے اجرام فلکیہ سے شمار میں بہت زیادہ ہے۔

چمکتے ہوئے تاروں کی روشنی صبح تہذیب سے ہی انسانی دل و دماغ پر اثر انداز ہو رہی ہے۔ یہاں تک کہ سامی النسل مدرسہ الٰہیات کے بانی مبانی حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے بھی چاند سورج اور ستاروں کی روشنی میں ہی مبداء فیض سے خلعتِ خلت پائی۔ سیدنا خلیل اللہ علیہ السلام کی قوم جو آسور یعنی شائد دنیا میں علم نجوم کی بانی بھی تھی۔ کیونکہ ارض نینوا ہی وہ مقام ہے جہاں آدمؑ و حواؑ بعد از ہبوط آپس میں ملے اور ان کی نسلیں یہیں سے اطراف و اکناف عالم میں پھیلیں۔ یہیں کشتی نوحؑ کنارے لگی۔ یہیں آتش نمرود سرد ہو کر گلزار ابراہیمی بنی اور پھر آنے والی نسلیں خوب جانتی ہیں کہ اس سرزمین پر اسلام یعنی ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء و رسل کی کشتی شہید اعظم سیدنا حسین علیہ السلام کے ہاتھوں کنارے لگی اسی سرزمین پر ابلیس کے چیلے چانٹوں یزید ابن زیاد شمر اور عمر سعد لعنۃ اللہ علیہم اجمعین نے کفر و الحاد کی آتش جہاں سوز روشن کی جس میں ابراہیم کے سپوت حسینؑ نے کود کر اسے گلزار اسلام میں بدل دیا اور سید الشہداء حسین علیہ السلام اور ان کے بہتر ساتھیوں کے خون سے سینچا ہوا یہ گلشن اسلام آج بھی کربلا کے معلی میں لہلہا رہا ہے اور شاید اس وقت تک لہلاتا رہے گا جب تک قلب یزداں میں قرد نازکی موجود رہے۔

مختصر کوتاہ ارض نینوا یا کالدیہ کے قدیم مفکرین نے اصول نجوم سب سے پہلے وضع کئے اور پہنائے افلاک میں چمکنے والے اجرام کو مختلف اقسام میں بانٹا اور پھر ان کے باہمی قرب و بعد سے آسمان پر وضع ہونے والی دھندلی اشکال مختلف نام دیئے۔ چنانچہ یہی نام دوسرے ممالک میں پہنچ کر اپنی لفظی حیثیت برقرار نہ رکھ سکے لیکن معنوی حیثیت ان کی آج بھی ہم ہر زبان میں یکساں دیکھتے ہیں۔ جیسا کہ ذیل سے ظاہر ہے۔

عربی۔ حمل۔ ثور۔ جوزا۔ سرطان۔ اسد۔ سنبلہ۔
میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو۔ حوت،
سنسکرت۔ میکھ۔ برکھ۔ متھن۔ کرک۔ سنگھ۔ کنیا،
تلا۔ برچھک۔ دھن۔ مکر۔ کنبھ۔ مین،

معانی :- مینڈھا۔ بیل۔ جڑواں۔ کیکڑا۔ شیر۔ کنواری
ترازو۔ بچھو۔ کمان۔ سمندری بکری۔ جھجر۔ مچھلیاں ؛

ہمارا نظام شمسی ان تمام اشکال سے محیط ہے۔ جنہیں عربی میں بروج سنسکرت میں راشیں اور لاطینی میں سائنز کہا جاتا ہے جس کے مشترک معانی یہی ہیں کہ یہ اشکال اجرام فلکیہ کے جھرمٹ ہیں جو بطور نشان برائے تفہیم حسابات نجوم افلاک میں قائم کئے گئے ہیں لہٰذا ان حاوی و محیط بروج کے اثرات نظام شمسی اور موجودات نظام شمسی پر ہمہ گیر ہوتے ہیں نسل انسان چونکہ نظام شمسی کے ایک جزو ضعیف کرۂ ارض پر آباد ہے۔ لہٰذا اس پر بھی ان بروج کے اثرات طلسمی کیفیات طاری کرنے کا باعث ہیں۔ جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

بُرج حمل

شمس اس برج میں سال عیسوی کی تاریخ ۲۱ مارچ سے ۲۰ اپریل

تک ہر سال دورہ کرتا ہے۔ قمر اس برج میں گو دو ڈھائی دن رہتا ہے لیکن قمری ماہ میں چونکہ یہ جرم فلکی پورے بارہ بروج کا دورہ پورا کر لیتا ہے۔ لہٰذا ہر ماہ میں ایک دفعہ ضرور اس برج بلکہ ہر برج کا دورہ لگاتا ہے نظام شمسی کے دوسرے اجرام عطارد و زہرہ جو اندرونی افلاک کے سیارگان کہلاتے ہیں۔ ہر سال برج حمل بلکہ دیگر بروج میں ایک بار ضرور چکر لگا لیتے ہیں۔ بعد مابین شمس و ارض سے پیدا ہونے والے خط مستقیم سے عطارد ۲۸ درجہ زاویہ اور زہرہ ۴۸ درجہ زاویہ سے زیادہ دور نہیں ہو سکتا ہے۔ ماہر منجمین اسی اصول پر مختلف قسم کے زائچوں کی صحت پرکھتے ہیں۔ مریخ اس برج بلکہ منطقۃ البروج کے ہر برج میں کم و بیش ہر دو سال کے بعد ضرور دورہ کرتا ہے اور بطی السیر سیارگان مشتری و زحل یورے نس، نیپ چون۔ ان بروج میں گذشتہ پینتیس سال کے اندر اندر مندرجہ ذیل اوقات میں حرکت زن رہے ہیں :-

مشتری :- ۶۔ جون ۱۹۲۷ء تا ۶۔ جولائی ۱۹۲۸ء ۳۰۔ مئی ۱۹۳۹ء
۳۰۔ جون ۱۹۴۰ء ۲۰۔ اپریل ۱۹۵۱ء ۲۰۔ مئی ۱۹۵۲ء

زحل :- ۲۶۔ اپریل ۱۹۳۷ء تا ۲۶۔ اکتوبر ۱۹۳۹ء

یورے نس :- ۳۱۔ مارچ ۱۹۲۷ء تا ۳۱۔ مارچ ۱۹۳۴ء

نیپ چون اس ۷۵ سالہ دور میں برج حمل کے اندر داخل نہیں ہوا

برج حمل کے اثرات انسانی شکل و شباہت پر بھی عجیب و غریب پڑتے ہیں۔ اس کے طلوع کے زیر اثر پیدا ہونے والا انسان درمیانے قد کا ہوگا دبلا پتلا بھی ہوگا لیکن بے پناہ قوت کا مالک۔ اس کے استخوان بڑے بڑے ہونگے

سر مقام قرن پر چپٹا ہوگا۔ ٹھوڑی نہایت خوبصورت ہوگی۔ گردن لمبی صراحی دار چہرے کی رنگت گندمی سرخی مائل ہوگی۔ کندھے اور بازو پر گوشت ہوں گے ایسے انسان جو برج حمل کے تحت پیدا ہو کر بٹن جیسی ناک رکھتے ہوں۔ ان کے سر کے بالوں کا رنگ بھورا سرخی مائل ہوتا ہے اور جن کی ناک تیکھی ہو اُن کے بالوں کا رنگ سیاہ ہوتا ہے اور ان کے ابرو گھنے ہوتے ہیں۔ آنکھیں ازرق یا پھر شربتی رنگ کی ہوتی ہیں۔ ایسے انسانوں کی نگاہ بہت تیز ہوتی ہے

برج حمل والوں کا مزاج بہت تیز ہوتا ہے۔ ان میں خود اعتمادی کا مادہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوتا ہے۔ تخیل اور کردار کی دنیا میں وہ ہر ایک سے پیش پیش رہتے ہیں گو عملی بہت کم خیالی بہت زیادہ ہوتے ہیں۔

مقابلہ کے وقت ایسے انسان حملہ کے متعلق سوچتے رہتے ہیں اور جب جنگ چھڑ ہی جائے تو لڑائی میں بہادری اور ایمانداری کا ثبوت دیتے ہیں کہ یہ دشمن پر غیر متوقع طور پر حملہ کرتے ہیں اور بالعموم بے رحمانہ سلوک کا مظاہرہ بھی کرتے ہیں۔ ان لوگوں کو زیر کرنا ہو تو ان کے ابتدائی حملوں کا شجاعت سے مقابلہ کرو اور اپنی صلاحیتوں کو استعمال میں لاؤ اور انہیں بر وقت بروئے کار لاؤ۔ جب لوگ پسپا ہو جائیں تو اتنی تیزی سے ان کا تعاقب کرو کہ انہیں مدافعت کا موقع ہی نہ مل سکے اس طرح یہ مکمل طور پر زیر ہو جائیں گے

حکمائے متقدمین نے جسد انسانی کو بھی دوازدہ بروج پر تقسیم کیا ہے اور حمل برج انسان کے سر اور دماغ کا برج ہے لہٰذا حکماء نے اس برج سے امراض دردِ سر۔ درد دنداں۔ تپ دماغ۔ سرسام۔ سودا۔ جنون۔ مالیخولیا وغیرہ۔

کو منسوب کرتے ہیں۔

برج حمل کے زیر اثر پیدا ہونے والے انسان باکمال اداکار ہوتے ہیں۔ چنانچہ پاکستان کے صف اوّل کے مذاحیہ اداکار سیّد آصف شاہ کا برج بھی حمل ہے۔ ان کی شکل و صورت اس پر گواہ ہے اس کے علاوہ برج حمل والے انسان بہترین قسم کے مرتع کار۔ معمار اور ان تمام فنون کے ماہرین ہوتے ہیں۔ جن میں بجلی استعمال کی جاتی ہے۔ وہ ماہر سنیاسی اور فطری اصولوں سے امراض کا علاج کرنے والے معالج بھی ہوتے ہیں۔ وہ سیّاح اور سیاحوں کے بدرقہ کے فرائض بھی خوش اسلوبی سے سرانجام دے سکتے ہیں۔

برج حمل والے انسان بہترین بیمہ ایجنٹ بن سکتے ہیں وہ آزاد حیثیت ملازم میں بھی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ دنیا کے کئی مشہور و معروف ناول نویس حضرات بھی اسی برج کے تحت شرف ولادت پا چکے ہیں۔

برج ثور

شمس اس برج میں ہر سال ۲۱ اپریل تا ۲۳ مئی کے اوقات میں دورہ کرتا ہے۔ قمر۔ عطارد۔ مریخ و زہرہ کے متعلق ہر برج کے ذیل میں لکھا جا چکا ہے۔ باقی رہے مشتری۔ زحل۔ یورے نس اور نیپ چون۔ ان کی گذشتہ پینتیس سالہ تقویم حسب ذیل ہے :-

مشتری :- ۴۔ جون ۱۹۲۸ء تا ۱۱ جون ۱۹۲۹ء۔ ۱۸ مئی ۱۹۴۰ء تا ۲۷ مئی ۱۹۴۱ء۔

زحل :- یکم مئی ۱۹۵۲ء تا ۱۰ مئی ۱۹۵۳ء

یورے نس۔ ۲۰ مارچ ۱۹۳۵ء تا ۱۵ مئی ۱۹۴۳ء

نیپ چون۔ اس ۳۵ سالہ دور میں برج ثور کے اندر داخل نہیں ہوا۔

شکل و شباہت

قد درمیانہ مائل بہ فرازی۔ بھاری بھرکم جسم۔ بدن قوی الاعضاء کشادہ پیشانی۔ دہان فراخ۔ ہونٹ سیطر۔ رخسار پر گوشت۔ جبڑا نہایت مضبوط بڑی بڑی پرکشش آنکھیں۔ سیاہ گھنے بال۔ لمبی جھکی ہوئی ناک۔ گھنے بال سیاہ ہونے کے ساتھ ساتھ اگر گھونگھریالے بھی ہوں تو ناک جھکی ہوئی نہیں ہوتی بلکہ بڑی اور اونچی ہوتی ہے۔

مزاج

برج ثور کے تحت پیدا ہونے والے انسان مستقل مزاج ہوتے ہیں وہ باعمل افراد ہوتے ہیں۔ وہ اپنے ہر کام کو خود اعتمادی کے جذبے کے تحت شروع کرتے ہیں اور اس وقت تک اس سے الگ نہیں ہوتے۔ جب تک وہ اسے مکمل نہ کر لیں ایسے انسان نہایت مستقل ارادہ کے مالک ہوتے ہیں۔

یہ لوگ بظاہر جتنے ہوشیار معلوم ہوتے ہیں بباطن اس سے ہزار گنا محتاط ہوتے ہیں۔ زندگی کے بڑے بڑے معاملات میں ان کا اکثر وقت اپنی پوزیشن مستحکم کرنے میں گزرتا ہے۔ اس کے بعد بھی وہ اپنی بڑھتی ہوئی مخالفت کو دبانے کی طرف متوجہ رہتے ہیں۔ ان کی کمزوری یہ ہے کہ وہ ایسے آدمی سے لڑتے ہیں جو اینٹ کا جواب پتھر سے دیتا ہے اور عام طور پر یہ لڑتے ہوئے اپنے دشمن کی طاقت کا اندازہ غلط لگا لیتے ہیں اور اسے حقیر سمجھنے لگتے ہیں۔

برج ثور والے افراد کو شکست دینے کے لئے سب سے پہلے انہیں تعبیر کرنے کی کوشش کرو اور ساتھ ساتھ اس کی قوت مدافعت کو بھی ختم کرتے رہو تاکہ وہ تم پر جھپٹ نہ سکے اور اس کی سادگی سے کبھی دھوکا نہ کھاؤ۔

صحت

برج ثور سے انسان کی گردن اور حلقوم منسوب ہیں برج ثور والے انسان کا جسم قوی اور توانا ہوتا ہے۔ گردن اور حلقوم چونکہ نہایت نازک مقامات جسم انسانی کے ہیں لہٰذا برج ثور کے تحت پیدا ہونے والے انسانوں کو انہی مقامات کے امراض لاحق ہوتے ہیں وہ بالعموم گلہ کی خرابی سے پریشان رہتے ہیں۔ امراض خناق۔ کینسر۔ خنازیر وغیرہ برج ثور سے منسوب ہیں برج ثور والے حضرات کو کبھی کبھی اختلاج قلب۔ ذیابیطس اور درد گردہ کی شکایت بھی ہو جاتی ہے۔ سستی اور گندہ رہنا ان کے لئے موت کا پیام ہے ادھر کام کاج میں لگے رہنا ان کے لئے بہترین دوا کا کام دیتا ہے۔

کاروبار

برج ثور والے حضرات چونکہ مستقل مزاج ہوتے ہیں۔ لہٰذا خزانچی کا کام ان کے لئے نہایت موزوں رہتا ہے۔ اس کے علاوہ مالی گماشتوں محاسبان بلدیہ محصول اکٹھا کرنے والوں کا کام بھی نہایت خوش اسلوبی سے کر سکتے ہیں۔

طبیعت میں استقلال کا مادہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہونے اور صحت مند جسم ہونے کے باعث یہ کارخانہ جات میں مشین مینوں یا فورمینوں کا کام بھی

بڑی اچھی طرح انجام دے سکتے ہیں اور کاغذ سازی۔ کھانڈ سازی اور دیگر سفید رنگ کے کیمیادی مفردات تیار کرنے کی صنعتوں میں یہ لوگ بڑی سے بڑی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

برج جوزا

شمس اس برج میں ہر سال ۲۴ مئی تا ۲۴ جون دورہ کرتا ہے قمر، عطارد، زہرہ اور مریخ کے متعلق برج حمل کے تحت بالتفصیل بیان ہو چکا ہے۔ پچھلے پینتیس سالہ دور کی تقویم بلحاظ مشتری۔ زحل۔ یورے نس اور نیپ چون حسب ذیل ہے۔

مشتری

۱۲ جون ۱۹۲۹ء تا ۲۶ جون ۱۹۳۰ء ۲۸ مئی ۱۹۴۱ء تا ۱۱ جون ۱۹۴۲ء۔ ۱۱ مئی ۱۹۵۳ء تا ۲۲ مئی ۱۹۵۴ء

زحل

۱۰ مئی ۱۹۴۲ء تا ۱۸ جون ۱۹۴۴ء

یورے نس

۱۶ مئی ۱۹۴۲ء تا ۱۱ مئی ۱۹۴۹ء

نیپ چون

اس ۳۵ سالہ دور میں برج جوزا کے اندر داخل نہیں ہوا

شکل و شباہت

دراز قد۔ پتلا دبلا جسم۔ لمبا چہرہ۔ جسم کے باقی نقوش بھی طولانی۔ گندمی

رنگ۔ اگر رنگ زیادہ سیاہی مائل ہو تو آنکھیں سیاہ اور نہایت دلآویز ہوتی ہیں۔ اگر درجہ مطلع برج جوزا کے پہلے عشرہ میں ہو تو بال بھورے ہوتے ہیں دگرنہ سیاہ ہاتھ اور بازو دبلے پتلے ہوتے ہیں۔ ایسا شخص رفتار گفتار حرکات و سکنات میں نہایت پھرتیلا ہے۔

مزاج

برج جوزا کے تحت متولد ہونے والے حضرات بالعموم دورخی پالیسی کے لوگ ہوتے ہیں۔ وہ نہایت ذہین، چست، چالاک، نکتہ رس اور گرمجوش اور پرجوش ہوتے ہیں۔ خوش مزاج و دل پسند عادات رکھنے کے ساتھ ساتھ ان کی فطرت میں کچھ اس قسم کا تضاد ہوتا ہے کہ بعض اوقات لوگ انہیں سرد مہر اور سادہ لوح سمجھنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

یہ لوگ چال باز ہوتے ہیں ان کے آئندہ اقدامات کے متعلق اندازہ لگانا سخت مشکل ہوتا ہے۔ ان کا مدمقابل ان کی بظاہر بیوقوفانہ حرکات سے دھوکے میں آجاتا ہے لیکن ان کی چالیں ایک ہوشیار کھلاڑی کے سامنے مات ہو جاتی ہے۔ ان کو ایک ہوشیار مدمقابل کا سامنا کرنے کے لئے انتہائی سادگی سے بھی زیادہ سادہ ہونا پڑتا ہے۔ ان کی شکست کا باعث بالعموم یہ ہوتا ہے کہ مجادلہ کے دوران میں یہ عملی حالات پر اپنی توجہات مرکوز کرتے ہوئے بھی صحیح اندازہ نہیں کر سکتے

ان کو شکست دینے کے لئے سب سے پہلے اسے نفسیاتی طور پر کنفیوز کرو اور ساتھ ہی اس کی خاموش حرکات پر اعتماد مت کرو۔ اسکے

خلاف جتنی جلدی ہو سکے تیز ترین اور شدید کارروائی کرو۔ آپ اگر ان کی چال بازیوں کا صحیح سدباب کر سکتے ہیں تو انہیں ختم بھی کر سکتے ہیں۔

صحت

جسم انسانی میں بازو ہاتھ اور اعصاب برج جوزا سے منسوب ہیں۔ اس برج کے تحت تولد ہونے والوں کی صحت کچھ اتنی بہتر نہیں ہوتی ان لوگوں کے اعصاب جتنی جلدی ذہنی کوفت کثرتِ کار یا کسی صدمہ سے متاثر ہوتے ہیں اتنی جلدی ہی ان کی صحت کا شیرازہ بکھر جاتا ہے انسانی جسم کو لاحق ہونیوالی تمام اعصابی امراض اس برج سے منسوب ہیں۔

کاروبار

زادگان جوزا بہترین مقرر ہونے کا ملکہ چونکہ پیدائشی طور پر رکھتے ہیں۔ لہذا وہ بہترین دلال۔ نیلام خواں۔ عوامی مقرر، رپورٹر، جرنلسٹ۔ بیرسٹر۔ کتب فروش کلرک اور کاتب ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ ہر کام جس میں تحریر و تقریر کو دخل ہو ان کے لئے نہایت بہترین کامیابی یقینی

برج سرطان

شمس برج سرطان میں ہر سال ۲۳ جون تا ۲۲ جولائی دورہ کرتا ہے سیارگان اجرام صغیرہ قمر، عطارد۔ زہرہ۔ مریخ کو چھوڑ کر مشتری۔ زحل یورینس نیپچون کی تقویم ۳۵ سال حسب ذیل ہے۔

مشتری

۲۷ جون ۱۹۳۰ء تا ۱۶ جولائی ۱۹۳۱ء، ۱۲ جون ۱۹۴۲ء تا

زحل

۳۰ جون ۱۹۲۳ء ۔ ۲۲ مئی ۱۹۵۴ء تا ۱۲ جون ۱۹۵۹ء

یورے نس

۲۲ جون ۱۹۴۴ء تا ۱۳ اگست ۱۹۴۶ء

نیپچون

۱۲ مئی ۱۹۴۹ء تا ۸ جون ۱۹۵۶ء

اس ۳۵ سالہ دور میں نیپچون برج سرطان کے اندر داخل نہیں ہوا ۔

شکل و شباہت

قد درمیانہ مائل بہ پستی جسم گداز پر گوشت جسم کا بالائی حصہ زیریں حصہ سے بڑا ہوتا ہے بڑا گول چہرہ کشادہ پیشانی چپٹا فرق دان ۔ رنگ زیتونی ۔ شربتی آنکھیں بھورے بال ۔ ناک بالعموم چھوٹی ہوتی ہے ۔

مزاج

برج سرطان کے تحت متولد ہونے والے انسان ہمیشہ جذبات وتخیل کی دنیا میں رہتے ہیں وہ بلا کے حساس ہوتے ہیں اور رومان کو تو ان کی فطرت کا تقاضا سمجھنا چاہیے ۔ ان کے جذبات متلون تخیل بوقلموں اور احساس اضطرابی کیفیت رکھتا ہے

برج سرطان کے متولدین کی دشمنی نہایت خطرناک ہوتی ہے یہ لوگ عجیب دماغ رکھتے ہیں ۔ ان کا مطالعہ مسائل کی کلیات داصول کے مطابق ہوتا ہے اور عمل ان کا گو آہستہ ہوتا ہے لیکن پیہم ہوتا ہے یہ لوگ بظاہر مطمئن نظر آتے ہیں لیکن مقابلہ کے وقت ہر پہلو کا پورا پورا جائزہ لیتے رہتے ہیں اور مدمقابل کی کمزوریوں پر پوری نظر رکھتے ہیں ۔ ان کا طریق جدال با ترتیب ومیکانکی ہوتا ہے ۔ یہ لوگ شطرنج کے بہترین کھلاڑی ہوتے ہیں ان کی شکست کا باعث ان کا موڈ اور پیش میدان ہوتا ہے اور یہ کیفیت اس وقت پیدا ہوتی ہے جب کھیل کے دوران میں انہیں کسی غیر متوقع چال کا سامنا کرنا پڑے ۔

زادگان سرطان کو شکست دینے کے لئے ان کے ساتھ غیر روائتی سلوک کرو اور ان میں خود اعتمادی اور حفاظت کا فرضی احساس پیدا کرو ۔ انہیں اپنی قابلیت پر خود ہی قصیدے کہنے کا موقع دو ۔ اس کے بعد ان پر ایسے اسلوب سے حملہ کرو جس کی انہیں توقع نہ ہو ۔ یہ خود بخود چت ہو جائیں گے ۔

صحت

انسان کا سینہ اور پھیپھڑے برج سرطان سے منسوب ہیں لہٰذا امراض سینہ نمونیہ ۔ تپدق ، ضیق النفس وغیرہ لاحق ہو جانے کا خطرہ زادگان سرطان کو ہمیشہ رہتا ہے متولدین سرطان کو کزکری ۔ نفخ اور امراض معدہ وغیرہ کی تکلیف بھی کبھی کبھی لاحق ہو جاتی ہے ۔

کاروبار

برج سرطان والوں کیلئے بہترین کاروبار بحری ملازمت ہے ۔ عورتوں کے لئے ہوٹل ۔ ریسٹورنٹ وغیرہ کا کاروبار نہایت بہتر ہے ۔ اہل برج سرطانی سیال اشیاء کا کاروبار نہایت خوش اسلوبی سے چلا سکتے ہیں ۔ دھوبی کا کام یا لانڈری وغیرہ کا بزنس بھی ان کے لئے اچھا رہتا ہے علاوہ ازیں سکنڈ ہینڈ اشیاء کی

خرید و فروخت بھی ان کے لئے باعث منفعت ہوتی ہے ۔

برج اسد

شمس برج اسد میں ہر سال ۲۳ جولائی تا ۲۱ اگست دورہ کرتا ہے ۔ اجرام کبیرہ مشتری ۔ زحل ۔ یورے نس اور نیپ چون کی تقویم ۳۵ سالہ دور کی حسب ذیل ہے

مشتری

۱۷ جولائی ۱۹۳۱ء تا ۱۰ اگست ۱۹۳۲ء یکم جولائی ۱۹۴۳ء تا ۲۷ جولائی ۱۹۴۴ء ۔ ۱۳ جون ۱۹۵۵ء تا ۹ جولائی ۱۹۵۶ء

زحل

۱۴ اگست ۱۹۴۶ء تا ۲۰ ستمبر ۱۹۴۸ء

یورے نس

اس ۳۵ سالہ دور میں برج اسد کے اندر داخل نہیں ہوا ۔

نیپ چون

۲۰ جولائی ۱۹۱۵ء تا ۳۰ جولائی ۱۹۲۵ء

شکل و شباہت

قد لمبا ۔ عظیم الجثہ ۔ جسم گٹھیلا جھٹپن میں دبلا پتلا بدن ۔ پتلی کمر چھریرا بدن ۔ بھورے گھونگھریالے بال ۔ کھلتا ہوا گندمی رنگ ۔ بڑا گول چہرہ شربتی آنکھیں ۔ نگاہ تیز ۔ اونچی ناک اور سچ تو یہ ہے کہ میں اونچی اور بارعب ناک سے ہی پہچانا کرتا ہوں کہ فلاں کا برج اسد ہے ۔

مزاج

زادگان اسد نہایت متکبر گرم جوش ۔ دل میں بڑی بڑی تمناؤں کو پرورش کرنے والے معاملات پر قدرت رکھنے والے عزت کے خواہش مند ۔ کردار غیر فرار بڑی سے بڑی قوت کے سامنے ڈٹ جانے والے ہوتے ہیں وہ اگر سچ مچ کے بادشاہ نہ بھی ہوں تو بھی دل کے غنی اور بادشاہ ضرور ہوتے ہیں ۔ وفا کا مادہ ان میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوتا ہے ۔ اور ان پر آنکھیں بند کر کے اعتبار و اعتماد کیا جا سکتا ہے ۔

یہ لوگ کمال چابکدستی سے اشیاء کو قابو میں لاتے ہیں اور بعض اوقات ان کی خود اعتمادی انتہا تک بڑھ جاتی ہے ۔ زندگی کے کھیل میں یہ کامیاب نتائج کی بجائے دیانتداری اور سپورٹسمین شپ (کھلاڑی پن) یعنی فراخدلی کا ثبوت دیتے ہیں ۔ یہ لوگ زبردست مدمقابل ۔ زبردست حریف ۔ زبردست خود اعتماد اور شدید طور پر فراخدل ہوتے ہیں ۔ یہ اس وقت ناکام ہوتے ہیں جب یہ اپنے متعلق بہت مبالغہ کرتے ہیں ۔ ان کے متخاصمین خاص موقعوں پر ہی انہیں غیر محفوظ کر سکتے ہیں ۔ بہر حال کسی ایسے شخص کو مطلقاً کمتر نہیں خیال کرنا چاہیئے ۔ یہ بہت ہی خطرناک طریقے پر ہوشیار ہو جاتے ہیں اور غلطیوں کے امکانات کے باوجود بڑے تھوڑے عرصہ میں ہی اپنے آپ کو بحال کر لیتے ہیں ۔

صحت

برج اسد سے انسان کا قلب اور پشت منسوب ہے ۔ ناکامی تنازعہ اور افراط برج اسد کے متولدین کیلئے سم قاتل ہے کیونکہ ان کے زیر اثر قلب کو شدید

صدمہ پہنچتا ہے۔ پسلیوں کا درد۔ اختلاج قلب۔ پلورسی یعنی ذات الجنب، ہائی بلڈ پریشر اور امراض صدمہ وغیرہ برج اسد سے منسوب کئے جاتے ہیں۔

کاروبار

برج اسد کے تحت پیدا ہونے والے بڑے بڑے اداروں کے منتظمین ہو سکتے ہیں، فلم کمپنیوں کے پروڈکشن منیجر بن سکتے ہیں۔ خود باکمال اداکار ہونا بھی برج اسد کے زیر اثر پیدا ہونے کی نشانی ہے۔ پاکستان کا موسیقار اعظم غلام حیدر برج اسد کے زیر تحت پیدا ہوا تھا۔ اس کے علاوہ فنونِ لطیفہ کے دیگر شعبوں میں بھی متولدین اسد کامیاب کاروبار کر سکتے ہیں۔

برج سنبلہ

شمس ہر سال برج سنبلہ میں ۲۲ر اگست اور ۲۱ر ستمبر کے مابین دورہ کرتا ہے۔ اجرام عظیمہ مشتری، زحل، یورے نس، نیپ چون کے گذشتہ ۳۵ سالہ تقویم حسب ذیل ہے۔

مشتری

۱۱ر اگست ۱۹۳۲ء تا ۹ ستمبر ۱۹۳۳ء ۲۸ر جولائی ۱۹۴۴ء تا ۲۶ر اگست ۱۹۴۵ء

زحل۔

۱۷ر ستمبر ۱۹۴۸ء تا ۱۷ر نومبر ۱۹۵۰ء

یورے نس

اس ۳۵ سالہ دور میں برج سنبلہ کے اندر داخل نہیں ہوا۔

نیپ چون

۲۴ر جولائی ۱۹۲۹ء تا ۱۴ر اگست ۱۹۴۳ء

شکل و شباہت

درمیانہ قد۔ چھریرا بدن۔ رنگ گندمی گول مائل بہ سیاہی بال اور آنکھیں سیاہ۔ بیضوی چہرہ۔ مدور پیشانی ناک کی ساخت کچھ عجیب سی ہوتی ہے یعنی نتھنے کچھ ضرورت سے زیادہ چوڑے ہوتے ہیں۔

مزاج

متولدین سنبلہ نہایت باریک بین معاملہ فہم، کاروباری خاموش کوشش کرنے والے ہوتے ہیں بعض اوقات یہ لوگ بڑے گرمجوش دکھائی دیتے ہیں لیکن حقیقت میں ان کی گرمجوشی کے پس پشت ان کی سرد مہر اصلیت چھپی ہوئی ہوتی ہے۔

یہ لوگ زندگی کے چھوٹے بڑے ہر کھیل میں یکساں طور پر خطرناک ہوتے ہیں یہ زندگی کے ہر پہلو میں انانیت پسند اور انفرادیت نما ہوتے ہیں اور میدان میں اترنے سے قبل نہایت تحمل سے ہر چیز کا بغور مطالعہ کرتے ہیں۔ ان کی چالیں بڑی باریک ہوتی ہیں جن کے پیچھے ذہین دماغ کام کر رہا ہوتا ہے۔ ان کی کمزوری یہ ہے کہ اکثر اوقات یہ شرمیلے ہوتے ہیں۔ نازک موقعوں پر خود ہی اپنی ذہانت سے ڈرنے لگتے ہیں اور اپنے ہی صفات سے خوف کھانے لگتے ہیں اور کامیابی کو اس عادت کی نذر کر دیتے ہیں۔ یہ عام طور پر اس وقت ہوتا ہے جب انہیں کسی ذہین و فطین دشمن کے روبرو ہونا پڑے اگر ان کا دشمن ان پر غیر معمولی وار کرے تو یہ بوکھلا جاتے ہیں اور ایسے مقابلوں میں شریک نہیں ہوتے جہاں انفرادی صلاحیت کو سر عام سراہا جاتا ہے۔

زادگان سنبلہ کو شکست دینے کیلئے ان کو ایسی پوزیشن میں ڈالو جہاں وہ اپنے مفاد کے متعلق شک و شبہ میں مبتلا ہو جائیں انہیں کبھی کبھی جیتنے بھی دو اور جس وقت وہ اپنی فتوحات پر فخر محسوس کر رہے ہوں اس وقت ان پر حملہ کرو پس فتح و نصرت آپ کی ہوگی

صحت

سنبلہ سے منسوب اعضائے جسم انسانی. فم معدہ. انتڑیاں. تلی جگر وغیرہ ہیں لہٰذا انہی اعضا سے متعلقہ امراض استسقاء تلی کا بڑھ جانا (ورم طحال) پیچش امراض جگر سوء ہضمی وغیرہ امراض سنبلہ سے منسوب ہیں کھانے پینے میں احتیاط برتنا متولدین سنبلہ کی صحت کی ضمانت ہے یہ لوگ ذہنی کوفت سے بھی بہت جلد متاثر ہو جاتے ہیں اور الکحل ملی ہوئی مشروبات شراب وغیرہ جو انسان کے دل و دماغ اور جگر پر بہت برا اثر ڈالتی ہیں. برج سنبلہ والوں کیلئے سم قاتل ہیں۔

کاروبار

اہل سنبلہ کیلئے بہترین کاروبار کی جگہ غلہ منڈی ہے یہ ادویات (کیمسٹ) کا کاروبار بھی نہایت خوش اسلوبی سے کر سکتے ہیں اور اعلیٰ درجہ کے کیمسٹ بن سکتے ہیں اور مدبران باوقار اور دیگر اہل تنقید و تالیف کا برج بھی سنبلہ ہی ہوتا ہے

برج میزان

شمس ہر سال برج میزان میں ۲۳ ستمبر اور ۲۳ اکتوبر کے مابین دورہ کرتا ہے دیگر اجرام عظیمہ فلکیہ مشتری. زحل. یورے نس اور نیپ چون کی گذشتہ ۳۵ سالہ تقویم حسب ذیل ہے :۔

مشتری

۲۵ ستمبر ۱۹۲۱ء تا ۲۶ اکتوبر ۱۹۲۲ء۔ ۱۰ ستمبر ۱۹۳۳ء تا ۱۰ ستمبر ۱۹۳۴ء ۲۸ اگست ۱۹۴۵ء تا ۲۶ ستمبر ۱۹۴۶ء۔

زحل

۷ اکتوبر ۱۹۲۱ء تا ۱۹ دسمبر ۱۹۲۳ء ۲۲ نومبر ۱۹۵۰ء تا ۲۳ اکتوبر ۱۹۵۳ء

یورے نس

اس ۳۵ سالہ دور میں یورے نس برج میزان میں داخل نہیں ہوا.

نیپ چون

۴ اگست ۱۹۴۳ء تا ۴ اگست ۱۹۵۷ء

شکل و شباہت

لمبا قد نازک جسم. گول چہرہ. ماہ تاباں کی طرح رنگ سرخ و سفید لمبے لمبے چمکدار نرم بال. اگر درجہ مطلع میزان کے نصف اول میں ہے تو بال بھورے اور اگر درجہ مطلع نصف دوم میں ہے تو بال سیاہ ہوتے ہیں آنکھیں کبود رنگ ہوتی ہیں لیکن بااوقات ان کا رنگ شربتی ہوتا ہے. ایسی آنکھوں سے معلوم ہوتا ہے کہ جذبات امنڈے پڑتے ہیں.

مزاج

میزان کے متولدین نہایت پاکیزہ صفات کے حامل ہوتے ہیں ان کی ہر ادا سے نفاست ٹپکتی ہے وہ بڑی جلدی کسی جذبے کے زیر اثر آجاتے ہیں وہ طبعاً آرام پسند ہوتے ہیں حسن نزاکت اور باقاعدگی سے انہیں دلی لگاؤ ہوتا ہے ان کا

قلب نہایت متوازن ہوتا ہے وہ جو چیز بھی دیکھتے ہیں اس پر تنقید کئے بغیر نہیں رہتے اور اپنے حکم میں کبھی کسی کی رعایت نہیں کرتے ۔

یہ لوگ خوش اخلاق اور متوازن ہوتے ہیں دقیقہ شناس ہوتے ہیں اور حالات سے مکمل ہم آہنگی رکھنے کے اہل ہوتے ہیں۔ یہ ہر قدم تول کر رکھتے ہیں ان کی تحریک خطرناک طور پر ثابت ہوتی ہے کیونکہ یہ متخاصمین کے متوقع اقدام کا صحیح اندازہ کر لیتے ہیں اور پھر اس پر غالب آجاتے ہیں ۔

یہ لوگ بسا اوقات غیر جانبدار رہتے ہیں اس لیے ان کے مخالف بہت کم ہوتے ہیں ۔ یہ اعلیٰ رفیق کار ثابت ہوتے ہیں ۔ اور مفاہمت پسند ہوتے ہیں اور اشتراک کو ترجیح دیتے ہیں یہ لوگ غضب کے معاملہ فہم ہوتے ہیں لیکن تسخیر کی خواہش نہیں رکھتے اہل میزان کو جیتنے کیلئے ان کی سکیموں کو جتنی جلدی ہو سکے توڑ دو کیونکہ انہیں ذرا بھی مہلت مل گئی تو فوراً ایسا پینترہ بدلیں گے کہ آپ خود ان کی مٹھی میں آجائیں گے ترکیہ کا برج میزان ہے اور کمال اتاترک کا برج بھی میزان تھا چنانچہ تاریخ کے اوراق اس امر کی گواہی دیتے ہیں کہ اتاترک مرحوم کو پہلی جنگ عظیم کے خاتمہ پر صرف چند ماہ کی مہلت ملی تھی کہ آپ نے اس مہلت سے پورا پورا فائدہ اٹھاتے ہوئے وقت کی عظیم الشان اتحادی قوموں کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا ۔

صحت

برج میزان سے متعلقہ جسد انسانی کا وہ حصہ ہے جو ناف سے نیچے عضو تناسل تک واقع ہوتا ہے اس حصہ کو عرف عام میں زیر ناف بھی کہا جاتا ہے ۔ اکل و شرب میں افراط برتنے سے جب معدہ بھر جاتا ہے تو اس حصۂ جسم پر لامحالہ بوجھ

پڑتا ہے جس سے کئی قسم کی خرابیاں جسم انسانی میں پیدا ہو جاتی ہیں جن میں درد گردہ تبخیر معدہ قبض دائمی ۔ درد قولنج ۔ بر نیاد غیرہ نہایت قابل ذکر ہیں شیخ الرئیس بوعلی سینا نے اس کا بہترین علاج پر سکون اور خوشگوار ماحول تجویز کیا ہے ۔

کاروبار

میزان سے متعلق احباب کیلئے بہترین کاروبار یا پیشہ وکالت ہے ویسے یہ لوگ موسیقی اور دیگر فنون لطیفہ کو بھی اپنا کامیاب پیشہ بنا سکتے ہیں ۔ یہ اعلیٰ پایہ کے منتظم بھی ہو سکتے ہیں اور سیکرٹری کے فرائض بھی یہ لوگ خوش اسلوبی سے انجام دے سکتے ہیں ۔ آزاد کاروبار کے ضمن میں عطر سازی ۔ کپڑے کی مل اور اعلیٰ قسم کی سٹیشنری کا کاروبار اہل میزان کیلئے نہایت فائدہ مند رہتا ہے ۔

برج عقرب

شمس اس برج میں ہر سال ۲۳ اکتوبر اور ۲۲ نومبر کے مابین دورہ کرتا ہے مشتری ۔ زحل ۔ یورے نس اور نیپ چون کی گذشتہ ۲۵ سالہ تقویم حسب ذیل ہے

مشتری

۲۷ اکتوبر ۱۹۲۲ء تا ۲۴ نومبر ۱۹۲۳ء ۔ ۱۱ اکتوبر ۱۹۳۴ء تا ۸ نومبر ۱۹۳۵ء ۔ ۲۷ ستمبر ۱۹۴۶ء تا ۲۵ نومبر ۱۹۴۷ء

زحل

۲۰ دسمبر ۱۹۲۳ء تا ۲ دسمبر ۱۹۲۶ء ۔ ۲۴ اکتوبر ۱۹۵۳ء تا ۱۱ اکتوبر ۱۹۵۶ء

یورے نس اس ۳۵ سالہ دور میں یورے نس برج عقرب میں داخل نہیں ہوا ۔

نیپ چون اس ۳۵ سالہ دور میں یورے نس برج عقرب میں داخل نہیں ہوا ۔

شکل و شباہت

قد درمیانہ مائل بہ فرازی بھلا لیکن مضبوط جسم پر گھنے کرخت بالوں کی کثرت ہوتی ہے۔ ایسے اشخاص کی ولادت کے وقت اگر شمس برج اسد میں ہو تو بال زیادہ نہیں ہوتے اور بھنے ہوتے ہیں بھورے رنگ کے ملائم اور گھونگھریالے ہوتے ہیں سر کا تر قدان قدرے ابھرا ہوا ہوتا ہے۔ آنکھیں خوبصورت اور بڑی بڑی ہوتی ہیں۔ چہرہ کی ساخت گول اور چپڑی ہوتی ہے ناک بڑی اور ذرا نیچے کو جھکی ہوئی ہوتی ہے۔ چہرہ دیکھ کر عقاب کی شکل یاد آجاتی ہے

مزاج

برج عقرب کے تحت پیدا ہونے والے انسان پکے ارادہ کے مالک ہوتے ہیں۔ وہ اپنے ہر معاملہ کو راز میں رکھنے کے عادی ہوتے ہیں وہ بلا کے نقاد اور خبردار لوگ ہوتے ہیں ان میں معاملہ فہمی اور مردم شناسی کا مادہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوتا ہے وہ ایک پُر کشش شخصیت کے مالک ہوتے ہیں اور دیگر اشخاص پر اپنا طلسمی اثر ڈالنے کے مشتاق ہوتے ہیں یہ کہا جا سکتا ہے کہ دنیا کی عظیم الشان ذہنیتیں چاہے وہ رحمانی ہوں یا شیطانی اسی برج عقرب سے منسوب ہیں۔

اہل عقرب سختی سے وار کرتے ہیں۔ ان کا شمار دلیر کھلاڑیوں میں ہوتا ہے یہ اگر میدان میں اتر پڑیں تو جم کر مقابلہ کرتے ہیں اور آخری انجام تک لڑتے رہتے ہیں۔ یہ تیز فہم نہیں ہوتے۔ اس لئے ہر وقت تدبیر اختیار نہیں کر سکتے اور یہی ان کی سب سے بڑی کمزوری ہے۔ اگر ایک دفعہ ان کو مورچہ بندی کا موقعہ مل جائے تو انہیں اپنے مقام سے ہٹانا مشکل بلکہ ناممکن ہو جاتا ہے۔ یہ لڑائی

میں بڑے غضبناک اور سنگین ہوتے ہیں۔ انتہائی جابر اور ظالم۔ لیکن یہ دشمنی کے اہل ہوتے ہیں جنگ میں انتہائی شجاعت کا ثبوت دیتے ہیں یہی وجہ ہے کہ بعض لوگ انہیں پسند کرتے ہیں۔

انہیں ختم کرنے کے لئے سب سے ضروری امر یہ ہے کہ ان پر سامنے سے حملہ کر کے ان کی ساری قلعہ بندیاں توڑ دی جائیں تاکہ ان کے پاس سر چھپانے کی جگہ نہ رہے۔ پھر ان کے منتقمانہ جذبہ کو اور زیادہ شدت سے کچلنے کی کوشش لازم ہے کیونکہ یہ جذبہ ان کی روحِ رواں ہے اگر یہ جذبہ زندہ ہے تو یہ امر بھی زندہ و سلامت ہیں۔

صحت

جسم انسانی کے اعضائے تناسل اور مقعد اس برج سے منسوب ہیں اہل عقرب کی جسمانی صحت بالعموم اچھی ہوتی ہے کیونکہ ان میں مرض کی مدافعت کرنے کا فطری جوہر موجود ہوتا ہے۔ انہیں لاحق ہونے والے امراض آتشک سوزاک۔ بھگندر۔ کوڑھ۔ خرابی خون۔ زہرباد۔ سرخ باد وغیرہ ہو سکتے ہیں۔ جن کا سب سے بہترین علاج خوراک۔ باہمی میل جول میں اعتدال برتنا اور صاف ستھری پوشاک پہننا ہے۔

کاروبار

زادگان عقرب کیلئے بہترین کاروبار پولیس یا فوج کی ملازمت ہے وہ اچھے ڈاکٹر (سرجن) اور قابل انجنیئر بھی بن سکتے ہیں اور گوشت سپلائی کرنے کا کاروبار بھی ان کے لئے نفع بخش ہو سکتا ہے کوئی ایسی صنعت جس میں پیتل تانبا لوہا

وغیرہ دھاتوں کا مصرف زیادہ ہوان کے لئے فائدہ مند ہے۔ وہ روحانی معالج ماہرین علوم مخفی، کیمیاگر اور بڑی بڑی حیرت انگیز ایجادوں کے موجد بن سکتے ہیں وہ اعلیٰ درجہ کے سراغرساں ثابت ہو سکتے ہیں۔ وہ بحری ملازمت میں نفع کما سکتے ہیں۔ ان کی مستقل مزاجی انہیں بہترین سیاستدان بنا کر امریکہ کے فورڈ، برطانیہ کے چرچل اور کرملین کے سٹالن کی کرسی پر بٹھا سکتی ہے۔

برج قوس

شمس اس برج میں ہر سال ۲۲ر نومبر اور ۲۰ر دسمبر کے مابین دورہ کرتا ہے نظام شمسی کے اجرام عظیمہ مشتری۔ زحل۔ یورے نس اور نیپ چون کی گذشتہ ۳۵ سالہ تقویم حسب ذیل ہے۔

مشتری

۲۵ر نومبر ۱۹۲۳ء تا ۱۷ر دسمبر ۱۹۲۴ء۔ ۹ نومبر ۱۹۳۵ء تا ۲ر دسمبر ۱۹۳۶ء
۱۰ر اکتوبر ۱۹۴۷ء تا ۱۶ر نومبر ۱۹۴۸ء

زحل۔

۲ر دسمبر ۱۹۲۶ء تا ۱۴ر مارچ ۱۹۲۹ء

یورے نس

اس ۳۵ سالہ دور میں یورے نس برج قوس میں داخل نہیں ہوا۔

نیپ چون

اس ۳۵ سالہ دور میں نیپ چون برج قوس میں داخل نہیں ہوا۔

شکل و شباہت

قد و قامت طویل۔ چھریرا حسین بیضوی چہرہ پرکشش آنکھیں۔ کھلتا ہوا گندمی رنگ۔ بھورے گھونگھریالے بال سامنے کے دو دانت بڑے ہوتے ہیں۔ آنکھوں کا رنگ ارزق یا شربتی ہوتا ہے۔ یہ کشادہ بلند پیشانی بھی ہوتے ہیں۔

مزاج

برج قوس کے زیر اثر پیدا ہونے والے انسان خوش طبع طبعاً شریف وفادار۔ آزاد منش اور حسیت و چالاک ہوتے ہیں روشن ضمیری کا ملکہ انہیں مبدء فیض سے ہی عطا ہوتا ہے۔

یہ لوگ خطرناک طور پر کھیل کی طرف مائل ہوتے ہیں اور انہیں ہر دم شکست کا کھٹکا لگا رہتا ہے اس لئے زبردست مقابلہ کرتے ہیں ان کا شعور پختہ اور خیالات بلند ہوتے ہیں۔ یہ فطرتاً حساس ہوتے ہیں اس لئے حملے کا اثر فوراً قبول کر لیتے ہیں لیکن پیچھا نہیں دکھاتے اعلیٰ حوصلگی اور بلند ہمتی کا ثبوت دیتے ہیں۔

ان کو نیچا دکھانے کیلئے ان پر حملہ کرو۔ اور پہلے ہی حملہ میں انہیں ختم کرنے کی کوشش کرو۔ حملہ بہت زیادہ شدید نہ ہو بلکہ ٹھہر ٹھہر کر وار کرتے چلے جاؤ یہاں تک کہ ان پر فتح پا لو۔

صحت

جسم انسانی کے اعضاء، دونوں رانیں اور کولہے برج قوس سے منسوب ہیں۔ اہل قوس کی صحت نہایت اچھی ہوتی ہے لیکن ذہنی کوفت کی زیادتی یا کثرت کار ان کے اعصاب پر برا اثر ڈالتی ہے۔ امراض تشنج عرق النساء اور فالج اس

بُرج سے متعلق ہیں صاف کھلی ہوا اور ورزش اہل قوس کی بحالی صحت کے لیئے نہایت ضروری ہے۔

کاروبار

زادگان قوس کیلئے بہترین کاروبار فوج کے شعبہ تنظیم و نسق کی ملازمت رسول انجینئری پیشہ وارانہ سیاسیات۔ قضاۃ۔ کالج کی پروفیسری یا وکالت یا اختیار ہے۔ تجارت کے سلسلے میں سفر اور سیر و سیاحت کا تعلق بھی برج قوس سے ہے۔ گھوڑوں کی سوداگری بھی اہل قوس کیلئے نفع بخش ہے اور جلد سازی بھی ان کے لئے ایک منفعت رساں مشغلہ ثابت ہو سکتا ہے۔

بُرج جدّی

شمس اس برج میں ہر سال ۲۱ دسمبر اور ۱۹ جنوری کے مابین دورہ کرتا ہے اور گذشتہ ۳۵ سالہ تقویم میں سیارگان عظیمہ مشتری، زحل۔ یورے نس و نیپ چون حسب ذیل ہے

مشتری

۱۸ دسمبر ۱۹۲۴ء تا ۵ جنوری ۱۹۲۶ء ، ۳۰ دسمبر ۱۹۳۶ء تا ۲۰ دسمبر ۱۹۳۷ء ، ۷ نومبر ۱۹۴۸ء تا ۳۰ نومبر ۱۹۴۹ء۔

زحل۔

۱۵ مارچ ۱۹۲۹ء تا ۱۳ فروری ۱۹۳۲ء

یورے نس۔

اس ۳۵ سالہ دور میں یورے نس برج جدی میں داخل نہیں ہوا۔

نیپ چون اس ۳۵ سالہ دور میں نیپ چون برج جدی میں داخل نہیں ہوا۔

تشکل و شباہت

قد درمیانہ۔ جسم میں خشکی اور دبلا پن زیادہ ہو استخوان بڑی بڑی ہوتی ہیں۔ چہرہ لمبوترہ۔ رخسار کی ہڈیاں ابھری ہوئی۔ ٹھوڑی اور ناک دونوں لمبی۔ گربہ تلی گو طویل چھاتی تنگ اور کمزور گھٹنے ٹیڑھے ہوتے ہیں۔

برج جدّی کے تحت تولّد ہونے والے انسان جیسے ہوتے ہیں وہ زندگی کے ہر شعبہ میں باعمل ہوتے ہیں۔ ان میں بلا کی قوت برداشت ہوتی ہے۔ وہ غضب کے ذہین ہوتے ہیں۔ بہترین سیاسیات کے مالک ہوتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ خلوت پسند اور دور اندیش ہوتے ہیں۔

اہل جدّی اپنے مقاصد کے حصول میں ہر وقت سرگرداں رہتے ہیں وہ احتیاط برتتے ہیں اور بہت جلد اچھے بُرے میں تمیز کر لیتے ہیں وہ دشمن کو اکساتے ہیں۔ ان کا طریق کار خاموشی اور صلح خواہ ہوتا ہے وہ بیحد سنجیدہ ہوتے ہیں اور یہی ان کی کمزوری ہے۔ جب انہیں اپنی شکست کا احساس ہو جائے تو نہایت غیر معقول حرکات کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

اہل جدی کو مات دینے کیلئے ظاہراً ان کے سامنے بیوقوف بن کر ان سے ایسا سلوک کرو جیسے تم ان سے نفرت کرتے ہو ان کی طبعی سنجیدگی کو اہمیت نہ دو۔ اور ان پر یہ ظاہر کرو کہ تم ان کے خطرناک ارادوں سے بالکل خائف نہیں ہو اس پر وہ خود بخود تمہارے قدموں میں آ گریں گے۔

صحّت

جسم انسانی کا گھٹنا برج جدّی سے منسوب ہے۔ اہل جدّی کا جسم گو اچھا خاصا

صحت در ہوتی ہے لیکن امراض سے بڑی جلدی متاثر ہوتا ہے یہ حالت خاصکر برج جدی کے زیر اثر پیدا ہونے والی خواتین کی ہوتی ہے ۔ گھٹنوں کی خارش اور وجع المفاصل اس برج کے امراض ہیں ۔

برج دلو

شمس اس برج میں ہر سال ۲۰ جنوری اور ۱۸ فروری کے مابین دورہ کرتا ہے اور نظام شمسی کے سیارگان عظیمہ مشتری زحل ۔ یورے نس اور نیپ چون کی گذشتہ ۳۵ سالہ تقویم حسب ذیل ہے ۔

مشتری

۶ جنوری ۱۹۲۶ء تا ۱۷ جنوری ۱۹۲۷ء ۱۲ دسمبر ۱۹۳۷ء تا ۳۰ دسمبر ۱۹۳۸ء ۔ یکم دسمبر ۱۹۴۹ء تا ۳۰ دسمبر ۱۹۵۰ء

زحل

۲۴ فروری ۱۹۳۲ء تا ۲۳ فروری ۱۹۳۵ء

یورے نس

گذشتہ ۳۵ سالوں میں یورے نس برج دلو میں داخل نہیں ہوا ۔

نیپ چون

گذشتہ ۳۵ سالوں میں نیپ چون برج دلو میں داخل نہیں ہوا ۔

شکل و شباہت

قد درمیانہ ۔ مضبوط اور گٹھیلا جسم ۔ کھلتا ہوا گندمی رنگ ۔ سیاہی مائل بھورے بال ۔ بیضوی حسین چہرہ ۔ شربتی یا ازرق پر کشش آنکھیں ۔

مزاج

برج دلو کے زیر اثر پیدا ہونے والے انسان بھی مستقل مزاج اور پختہ کار ہوتے ہیں وہ طبعاً نفاست پسند ۔ فنون لطیفہ سے دل بستگی رکھنے والے فطین وذہین وفادار اور کریم الطبع ہوتے ہیں ۔ وہ اپنی زندگی کے متعلق بڑے بڑے منصوبے باندھنے والے اور ان منصوبوں کی کامیابی کے لئے دن رات کوشاں رہنے والے ہوتے ہیں ۔ ان میں بلا کی قوت ارادی ہوتی ہے ۔

اہل دلو قدیم روایات سے بغاوت اختیار کرنے والے ہوتے ہیں وہ فطرتاً جدت پسند واقع ہوتے ہیں اور رجعت پسندی کو سب سے بڑی انسانی کمزوری اور گھناؤنا گناہ خیال کرتے ہیں ۔ وہ اس قدر شریف النفس ہوتے ہیں کہ جب انہیں احساس ہو جائے کہ اب واقعی نوبت مجادلہ و مقابلہ کی آ گئی ہے تو فوراً موقع سے غائب ہو جاتے ہیں اور شاید یہی ان کی سب سے بڑی کمزوری ہے ۔ اگر انہیں کبھی حالات میں گھر کر لڑنا پڑ ہی جائے تو پھر وہ خوب لڑتے ہیں اور انہیں مغلوب کرنا دشوار ہی نہیں بلکہ ناممکن ہو جاتا ہے ۔

اہل دلو کو ختم کرنے کے لئے انہیں اجازت دو کہ وہ آزادی کے ساتھ بیوقوفی کی باتیں کر سکیں اور اس دوران میں ان پر یہ کبھی ظاہر نہ ہونے دو کہ تم ان کی بیوقوفی سے کہاں تک واقف ہو ۔ اور ان کے ساتھ کیسے برتاؤ کا ارادہ رکھتے ہو اس سے پہلے کہ وہ حالات میں گھر کر اپنی قوت بحال کریں ان پر یک دم حملہ کر کے ان کو ختم کر دو ۔

صحت

انسان کے ٹخنے بُرج دلو سے منسوب ہیں ٹانگوں اور ٹخنوں کا ورم اس بُرج کا مرض ہے۔ ویسے دوران خون میں خرابی سے پیدا شدہ امراض بھی اسی بُرج سے متعلق ہیں، جن کا بہترین علاج کھلی ہوا میں پرامن زندگی بسر کرتے ہوئے فطرت کی تر وتازگی حاصل کرنا ہے۔

کاروبار

اہل دلو کے لئے بہترین کاروبار۔ ریلوے ڈاک خانہ اور تار گھر کی ملازمت برقی کارخانہ جات کی ہر قسم کی ملازمت بھی اسی برج سے متعلق ہے۔ جدید موسیقی۔ ترقی پسند ادب سے متعلق شاعری اسی بُرج سے تعلق رکھتی ہے اور ان کے علاوہ ماہرین فلکیات جدیدہ کا برج بھی دلو ہی کو مانا گیا ہے۔

بُرج حوت

شمس اس برج میں ہر سال ۱۹ فروری اور ۲۰ مارچ کے مابین حرکت کرتا ہے اور نظام شمسی کے اجرام عظیمہ مشتری۔ زحل۔ یورے نس اور نیپ چون کی گذشتہ ۲۵ سال تقویم حسب ذیل ہے۔

مشتری

۸ جنوری ۱۹۲۷ء تا ۵ جون ۱۹۲۷ء ۔ ۳۱ دسمبر ۱۹۳۸ء تا ۱۲ مئی ۱۹۳۹ء ۳۱ دسمبر ۱۹۵۰ء تا ۱۰ اپریل ۱۹۵۱ء

زحل

۱۴ فروری ۱۹۳۵ء تا ۲۵ اپریل ۱۹۳۷ء

یورے نس

۲۲ جنوری ۱۹۲۰ء تا ۳۰ مارچ ۱۹۲۷ء

نیپ چون

گذشتہ ۳۵ سالوں میں نیپ چون کبھی اس بُرج میں داخل نہیں ہوا۔

شکل و شباہت

قد درمیانہ مائل بہ پستی۔ گداز اور پر گوشت جسم چھوٹے چھوٹے سڈول پر گوشت اعضاء۔ زیتونی رنگ۔ بڑا طباقی چہرہ۔ بھورے بال۔ بڑی بڑی خواب ناک آنکھیں اور پاؤں کی ساخت میں ضرور کوئی نہ کوئی غیر معمولی امر واقع ہو۔

مزاج

بُرج حوت کے تحت پیدا ہونے والے انسان فطری طور پر گو جذباتی ہوتے ہیں لیکن بے صبر نہیں ہوتے وہ طبعاً شرافت پسند اور سخی ہوتے ہیں ہر ایک سے دلجوئی کے ساتھ پیش آتے ہیں۔ وہ بلا کے حساس ہوتے ہیں اور کسی کے ذہن کا خاکہ اس پھرتی سے حاصل کر لیتے ہیں کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔

اہل حوت اگر کسی سے برسر کار بھی ہو جائیں تو سب سے پہلے معاملہ کو بہ صلح داموں ٹالنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ مدافعت کی تیاری میں برابر لگے رہتے ہیں۔

زادگان حوت کو مغلوب کرنے کے لئے آغاز میں پسپا ہو جاؤ اور انہیں تعاقب کرنے دو اس تعاقب میں وقفہ آجائے گا اور وہ واپس جانا چاہیں تو اس وقت ان پر حملہ کرو اور ان کی جملہ قوتیں منتشر کر کے انہیں مغلوب کر لو۔

صحت

جسم انسانی کے پیر برج حوت سے منسوب ہیں۔ اہلِ حوت کا جسم گو مضبوط ہوتا ہے لیکن ان کے پاؤں نقص مند ضرور ہوتے ہیں یا تو ان میں کجی ہوتی ہے یا پھر درد اور سوجن کا عارضہ لاحق ہونے کا خدشہ ہے۔ پاؤں میں چوٹ آنے کا خطرہ بھی اہلِ حوت کو بالعموم لاحق رہتا ہے۔ ان کے علاوہ پاؤں کے ذریعہ سے متاثر ہو کر جسدِ انسانی کو جو عوارض لاحق ہو جاتے ہیں وہ بھی امراض برج حوت میں شامل ہیں۔

کاروبار

اہلِ حوت کے لئے بہترین کاروبار حکومتی اداروں کی افسری اور سیکرٹری کے عہدہ کی ملازمت ہے وہ اعلیٰ پایہ کے ادیب بھی بن سکتے ہیں۔ اور کامیاب ناشرانِ کتب بھی ہو سکتے ہیں۔ ان کے لئے بہترین مشاغل ڈاکٹری نرس اور بحریہ کے چھوٹے بڑے عہدوں کی ملازمتیں اور باورچی گیری اور ہوسٹل چلانے کا کاروبار بھی ہو سکتے ہیں۔